109. Is it then he who laid the foundation of his building on piety to Allāh and His Good Pleasure better, or he who laid the foundation of his building on the brink of an undetermined precipice ready to crumble down, so that it crumbled to pieces with him into the fire of Hell. And Allāh guides not the people who are the *Zālimūn* (cruel, violent, proud, polytheist and wrong doer).

لَا يَزَالُ بُنْيَانُهُمُ الَّذِي بَنَوْا رِيبَةً فِي قُلُوبِهِمْ إِلَّا أَن تَقَطَّعَ قُلُوبُهُمْ ۗ وَاللَّهُ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ﴿١١٠﴾ ع 13/11/2

انھوں نے جو عمارت بنائی تھی وہ ہمیشہ ان کے دلوں میں شک ڈالے رکھے گی الا یہ کہ ان کے دل ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں۔ اور اللہ خوب جاننے والا، خوب حکمت والا ہے ﴿١١٠﴾

110. The building which they built will never cease to be a cause of hypocrisy and doubt in their hearts unless their hearts are cut to pieces (i.e. till they die). And Allāh is All-Knowing, All-Wise.

إِنَّ اللَّهَ اشْتَرَىٰ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ أَنفُسَهُمْ وَأَمْوَالَهُم بِأَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ۚ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَيَقْتُلُونَ وَيُقْتَلُونَ ۖ وَعْدًا عَلَيْهِ حَقًّا فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنجِيلِ وَالْقُرْآنِ ۚ وَمَنْ أَوْفَىٰ بِعَهْدِهِ مِنَ اللَّهِ ۚ فَاسْتَبْشِرُوا بِبَيْعِكُمُ الَّذِي بَايَعْتُم بِهِ ۚ وَذَٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ ﴿١١١﴾

بے شک اللہ نے مومنوں سے ان کی جانیں اور ان کے مال جنت کے بدلے میں خرید لیے ہیں۔ وہ اللہ کی راہ میں لڑتے ہیں، پھر وہ قتل کرتے ہیں اور قتل کیے جاتے ہیں، یہ اللہ کے ذمے سچا وعدہ ہے تورات اور انجیل اور قرآن میں اور اللہ سے زیادہ اپنے عہد کو پورا کرنے والا کون ہے؟ لہٰذا تم اپنے اس سودے پر خوش ہو جاؤ جو تم نے اس (اللہ) سے

111. Verily, Allāh has purchased of the believers their lives and their properties for (the price) that theirs shall be Paradise. They fight in Allāh's Cause, so they kill (others) and are killed. It is a promise in truth which is binding on Him in the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel) and the Qur'ān. And who is truer

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

to his covenant than Allāh? Then rejoice in the bargain which you have concluded. That is the supreme success.[1]

کیا، اور یہی بہت بڑی کامیابی ہے① ﴿111﴾ ★

112. (The believers whose lives Allāh has purchased are) those who turn to Allāh in repentance (from polytheism and hypocrisy), who worship (Him), who praise (Him), who fast (or go out in Allāh's Cause), who bow down (in prayer), who prostrate themselves (in prayer), who enjoin (on people) *Al-Ma'rūf* (i.e. Islamic Monotheism and all what Islam has ordained) and forbid (people) from *Al-Munkar* (i.e. disbelief, polytheism of all kinds and all that Islam has forbidden), and who observe the limits set by Allāh (do all that Allāh has ordained and abstain from all kinds of sins and evil deeds which Allāh has forbidden). And give glad tidings to the believers.[2]

وہ (مومن) توبہ کرنے والے، عبادت کرنے والے، حمد کرنے والے، روزہ رکھنے والے، رکوع کرنے والے، سجدہ کرنے والے، نیکی کا حکم کرنے والے اور برائی سے روکنے والے اور اللہ کی حدوں کی حفاظت کرنے والے ہیں، اور (اے نبی!) مومنوں کو خوشخبری سنا دیجیے ﴿112﴾

اَلتَّآئِبُوْنَ الْعٰبِدُوْنَ الْحٰمِدُوْنَ السَّآئِحُوْنَ الرّٰكِعُوْنَ السّٰجِدُوْنَ الْاٰمِرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَالنَّاهُوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَالْحٰفِظُوْنَ لِحُدُوْدِ اللّٰهِ ۗ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿112﴾

---

[1] (V.9:111)

a) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه : Allāh's Messenger ﷺ said, "Allāh guarantees him who strives in His Cause and whose motivation for going out is nothing but *Jihād* in His Cause and belief in His Words (Islamic Monotheism), that He will admit him into Paradise (if martyred) or bring him back to his dwelling place whence he has come out with what he gains of reward or booty." [*Sahih Al-Bukhari*, 4/3123 (O.P.352)]

b) Narrated Jābir bin 'Abdullāh رضي الله عنهما: On the day of the battle of Uhud, a man came to the Prophet ﷺ and said, "Can you tell me where I will be if I should get martyred?" The Prophet ﷺ replied, "In Paradise." The man threw away some dates he was carrying in his hand, and fought till he was martyred. [*Sahih Al-Bukhari*, 5/4046 (O.P.377)]

c) Narrated Ibn 'Umar رضي الله عنهما: I heard Allāh's Messenger ﷺ saying: "If you (1) practised *Bai' Al-'Inah* (the *'Inah* transaction, i.e. selling goods to a person for a certain price and then buying them back from him for a far less price); (2) and followed the tails of the cows (i.e. indulged in agriculture and became content with it); (3) and deserted the *Jihād* (holy fighting) in Allāh's Cause; Allāh will cover you with humiliation, and it will not be removed till you return back to your religion." (*Abu Dāwūd, Hadith* No. 3462)

[2] (V.9:112) Narrated Sahl bin Sa'd: Allāh's Messenger ﷺ said, "Whoever can guarantee (the chastity of) what is between his two jaw-bones and what is between his two legs (i.e., his mouth, tongue and his private parts)*. I guarantee Paradise for him." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6474 (O.P.481)]

* i.e. whoever protects his tongue from illegal talk, e.g., to tell lies, or backbiting, and his mouth from eating and drinking forbidden illegal things, and his private parts from illegal sexual acts.

① اس میں جہاد کی فضیلت اور اس کے اجر عظیم کا بیان ہے۔ احادیث میں بھی اس کی فضیلت واضح کر دی گئی ہے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جو شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرتا ہو اور اللہ کی راہ میں جہاد اور اس کے کلمات کی تصدیق ہی نے اُسے گھر سے نکالا ہو، تو اللہ اُس کا ضامن بن جاتا ہے کہ یا تو اسے جنت میں داخل کر دے یا اجر و ثواب اور مال غنیمت دے کر اسے اس کی قیام گاہ تک جہاں سے وہ نکلا تھا واپس پہنچا دے۔" (صحیح البخاری، فرض الخمس، باب: 8 حدیث: 3123) ایک آدمی نے غزوۂ اُحد کے روز نبی ﷺ سے عرض کیا: مجھے یہ تو بتایئے: اگر میں اس لڑائی میں شہید ہو جاؤں تو میرا ٹھکانا کہاں ہوگا؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جنت میں۔" اِس پر اُس شخص نے اپنے ہاتھ سے کھجوریں پھینک دیں اور کافروں سے لڑنے لگا حتی کہ شہید ہو گیا۔ (صحیح البخاری، المغازی، باب: 17 حدیث: 4046) اسی طرح ترک جہاد پر سخت وعید بیان کی گئی ہے، چنانچہ ایک حدیث میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب تم [بَیع عِینَہ] (کسی شخص کو کوئی چیز ایک خاص قیمت پر فروخت کرنا اور پھر اس سے کم قیمت پر واپس لے لینا) کرنے لگ جاؤ گے، گائے کی دموں کو تھام لو گے یعنی کھیتی باڑی میں مشغول ہو جاؤ گے اور

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مَا كَانَ لِلنَّبِيِّ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْ يَّسْتَغْفِرُوْا لِلْمُشْرِكِيْنَ وَلَوْ كَانُوْٓا اُولِيْ قُرْبٰى مِنْۢ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُمْ اَنَّهُمْ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿113﴾

نبی اور ایمان والوں کے لائق نہیں کہ وہ مشرکوں کے لیے بخشش کی دعا کریں، خواہ وہ ان کے قریبی رشتہ دار ہی ہوں، ان کے متعلق یہ واضح ہو جانے کے بعد کہ بلاشبہ وہ دوزخی ہیں ﴿113﴾

113. It is not (proper) for the Prophet and those who believe to ask Allāh's forgiveness for the *Mushrikūn* (polytheists, idolaters, pagans, disbelievers in the Oneness of Allāh), even though they be of kin, after it has become clear to them that they are the dwellers of the Fire (because they died in a state of disbelief).

وَمَا كَانَ اسْتِغْفَارُ اِبْرٰهِيْمَ لِاَبِيْهِ اِلَّا عَنْ مَّوْعِدَةٍ وَّعَدَهَآ اِيَّاهُ ۚ فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗٓ اَنَّهٗ عَدُوٌّ لِّلّٰهِ تَبَرَّاَ مِنْهُ ؕ اِنَّ اِبْرٰهِيْمَ لَاَوَّاهٌ حَلِيْمٌ ﴿114﴾

اور ابراہیم کا اپنے باپ کے لیے بخشش کی دعا کرنا بس ایک وعدے کے باعث تھا جو وعدہ انھوں نے اس سے کیا تھا، پھر جب ابراہیم پر واضح ہو گیا کہ یقیناً وہ اللہ کا دشمن ہے تو وہ اس سے بیزار ہو گئے۔① بے شک ابراہیم بڑے نرم دل، بہت تحمل والے تھے ﴿114﴾

114. And Ibrāhīm's (Abraham) invoking (of Allāh) for his father's forgiveness was only because of a promise he [Ibrāhīm (Abraham)] had made to him (his father). But when it became clear to him [Ibrāhīm (Abraham)] that he (his father) is an enemy of Allāh, he dissociated himself from him. Verily, Ibrāhīm (Abraham) was *Awwah* (one who invokes Allāh with humility, glorifies Him and remembers Him much) and was forbearing.[1] (*Tafsir Al-Qurtubī*)

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِلَّ قَوْمًۢا بَعْدَ اِذْ هَدٰىهُمْ حَتّٰى يُبَيِّنَ لَهُمْ مَّا يَتَّقُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ﴿115﴾

اور اللہ ایسا نہیں کہ کسی قوم کو ہدایت دینے کے بعد گمراہ کر دے جب تک کہ ان کے لیے وہ چیزیں واضح نہ کر دے جن سے وہ بچیں۔② بے شک اللہ ہر چیز کو خوب جانتا ہے ﴿115﴾★

115. And Allāh will never lead a people astray after He has guided them until He makes clear to them as to what they should avoid. Verily, Allāh is All-Knower of everything.[2]

★ بقیہ حاشیہ: توبہ، آیت: 111.

زراعت (کھیتی باڑی) پر راضی ہو جاؤ گے اور جہاد ترک کر دو گے تو اللہ تعالیٰ تم پر ذلت مسلط کر دے گا اور وہ تم سے یہ ذلت دور نہیں ہٹائے گا حتیٰ کہ تم اپنے دین (اسلام) کی طرف واپس لوٹ آؤ۔" (أبو داود، الإجارة، باب: 54 حديث: 3462)

[1] (V.9:114) See the footnote of (V.6:74).

[2] (V.9:115) Killing the *Khawārij* (some people who dissented from the religion and disagreed with the rest of the Muslims), and the *Mulhidūn* (heretics) after the establishment of firm proof against them.

And the Statement of Allāh تعالى: 'And Allāh will never lead a people astray after He has guided them, until He makes clear to them as to what they should avoid...' (V.9:115) And Ibn 'Umar رضي الله عنهما used to consider them (the *Khawārij* and the *Mulhidūn*) the worst of Allāh's creatures and said, "These people took some Verses that had been revealed concerning the disbelievers and interpreted them as describing the believers."

Narrated 'Abdullāh bin 'Umar رضي الله عنهما regarding *Al-Haruriyah*: The Prophet ﷺ said, "They will go out of Islām as an arrow darts out of the game's body." [*Sahih Al-Bukhari*, 9/6932 (O.P.66)]

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ انعام 6:74)

② اسی لیے علماء نے بھی تاکید کی ہے کہ واضح دلائل کے بغیر کسی مسلمان کو کافر نہ کہا جائے۔ تاہم اس کا مطلب یہ بھی نہیں کہ کفر صریح اور ارتداد کے بعد بھی اسے کچھ نہ کہا جائے۔ چنانچہ علمائے اسلام نے اسی لیے خوارج کو اسلام کے دائرے سے نکال دیا تھا۔ [خَوَارِج] یا [حَرُورِيَه] وہ لوگ ہیں جو دین اسلام سے نکل گئے اور جنھوں نے باقی مسلمانوں سے (دین کے مسلمہ عقائد میں) اختلاف کیا اور [مُلْحِدِين] (بے دین لوگ، دین کے مسلمہ عقائد کے مخالفین) کو ان پر حجت قائم کرنے کے بعد قتل کر دینا جائز ہے (اگر اسلام اور اسلامی حکومت کے مفاد

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

إِنَّ اللّٰهَ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ ۭ وَمَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا نَصِيْرٍ ﴿116﴾

بے شک آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اللہ ہی کے لیے ہے، وہی زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے، اور اللہ کے سوا تمھارا کوئی دوست اور مددگار نہیں ﴿116﴾

116. Verily, Allāh! To Him belongs the dominion of the heavens and the earth, He gives life and He causes death. And besides Allāh you have neither any *Walī* (protector or guardian) nor any helper.

لَقَدْ تَّابَ اللّٰهُ عَلَى النَّبِيِّ وَالْمُهٰجِرِيْنَ وَالْاَنْصَارِ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْهُ فِيْ سَاعَةِ الْعُسْرَةِ مِنْۢ بَعْدِ مَا كَادَ يَزِيْغُ قُلُوْبُ فَرِيْقٍ مِّنْهُمْ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّهٗ بِهِمْ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿117﴾

یقیناً اللہ نے نبی اور ان مہاجرین وانصار پر مہربانی فرمائی جنھوں نے تنگی کی گھڑی میں آپ کی پیروی کی، بعد اس کے کہ ان میں سے ایک گروہ کے دل بہک جانے کو تھے، پھر اللہ نے ان پر مہربانی فرمائی۔ بے شک وہ ان پر بہت شفقت کرنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿117﴾

117. Allāh has forgiven the Prophet (ﷺ), the *Muhājirūn* (Muslim emigrants who left their homes and came to Al-Madinah) and the *Ansār* (Muslims of Al-Madinah) who followed him (Muhammad ﷺ) in the time of distress (Tabūk expedition), after the hearts of a party of them had nearly deviated (from the Right Path), but He accepted their repentance. Certainly, He is to them full of kindness, Most Merciful.

وَّعَلَى الثَّلٰثَةِ الَّذِيْنَ خُلِّفُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا ضَاقَتْ عَلَيْهِمُ الْاَرْضُ بِمَا رَحُبَتْ وَضَاقَتْ عَلَيْهِمْ اَنْفُسُهُمْ وَظَنُّوْٓا اَنْ لَّا مَلْجَاَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّآ اِلَيْهِ ۭ ثُمَّ تَابَ عَلَيْهِمْ لِيَتُوْبُوْا ۭ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ﴿118﴾ ع 14

اور ان تین افراد پر بھی (مہربانی فرمائی) جنھیں (حکم الٰہی کے انتظار میں) چھوڑ دیا گیا تھا، حتی کہ جب زمین فراخی کے باوجود ان پر تنگ ہوگئی اور ان کی جانیں (بھی) ان پر تنگ ہوگئیں، اور انھوں نے سمجھا کہ اللہ (کے غضب) سے خود اس کے سوا ان کے لیے کوئی جائے پناہ نہیں، پھر اللہ نے ان پر مہربانی کی تاکہ وہ توبہ کریں۔ بے شک اللہ بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا، نہایت رحم کرنے والا ہے ﴿118﴾

118. And (He did forgive also) the three who did not join (the Tabūk expedition and whose case was deferred by the Prophet ﷺ for Allāh's Decision) till for them the earth, vast as it is, was straitened and their ownselves were straitened to them, and they perceived that there is no fleeing from Allāh, and no refuge but with Him. Then, He forgave them (accepted their repentance), that they might beg for His Pardon (repent to Him). Verily, Allāh is the One Who forgives and accepts repentance, the Most Merciful.

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿119﴾

اے لوگو! جو ایمان لائے ہو، اللہ سے ڈرو اور سچ بولنے والوں کے ساتھ ہو جاؤ[1]★ ﴿119﴾

119. O you who believe! Be afraid of Allāh, and be with those who are true (in words and

---

★ بقیہ حاشیہ: توبہ، آیت: 115.

کے لیے ضروری ہو) حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما انہیں (خوارج اور ملحدین کو) بدترین مخلوق سمجھا کرتے تھے اور فرماتے تھے: ''ان لوگوں نے جو آیات کفار کے متعلق نازل ہوئی ہیں، انہیں غلط تعبیر وتشریح کر کے مسلمانوں پر چسپاں کر دیا۔''

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے ''حروریہ'' کا ذکر کرتے ہوئے بتایا کہ نبی ﷺ نے فرمایا: ''وہ اسلام سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر شکار سے پار نکل جاتا ہے۔'' (صحیح البخاری، کِتَابُ اِسْتِتَابَةِ الْمُرْتَدِّیْن، باب: 6 حدیث: 6932)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

deeds).[1]

مَا كَانَ لِاَهْلِ الْمَدِيْنَةِ وَمَنْ حَوْلَهُمْ مِّنَ الْاَعْرَابِ اَنْ يَّتَخَلَّفُوْا عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ وَلَا يَرْغَبُوْا بِاَنْفُسِهِمْ عَنْ نَّفْسِهٖ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ لَا يُصِيْبُهُمْ ظَمَاٌ وَّلَا نَصَبٌ وَّلَا مَخْمَصَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَطَـُٔوْنَ مَوْطِئًا يَّغِيْظُ الْكُفَّارَ وَلَا يَنَالُوْنَ مِنْ عَدُوٍّ نَّيْلًا اِلَّا كُتِبَ لَهُمْ بِهٖ عَمَلٌ صَالِحٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿120﴾

اہل مدینہ اور ان کے آس پاس رہنے والے دیہاتیوں کے لائق نہیں تھا کہ وہ (جہاد میں) رسول اللہ سے پیچھے رہ جائیں اور نہ یہ (جائز) کہ اپنی جانوں کو نبی کی جان سے زیادہ عزیز رکھیں، یہ اس لیے کہ یہ بلاشبہ وہ (لوگ) ہیں کہ انھیں اللہ کی راہ میں جو بھی پیاس اور تھکاوٹ اور بھوک (کی تکلیف) پہنچتی ہے، اور وہ جو بھی ایسی جگہ روندتے ہیں، جو کافروں کو سخت ناگوار ہو، اور وہ دشمن سے جو بھی کامیابی حاصل کرتے ہیں، اس کے بدلے میں ان کے لیے نیک عمل لکھا جاتا ہے۔ بے شک اللہ محسنین① کا اجر ضائع نہیں کرتا﴿120﴾

120. It was not becoming of the people of Al-Madinah and the bedouins of the neighbourhood to remain behind Allāh's Messenger (Muhammad ﷺ when fighting in Allāh's Cause) and (it was not becoming of them) to prefer their own lives to his life. That is because they suffer neither thirst nor fatigue nor hunger in the Cause of Allāh, nor they take any step to raise the anger of disbelievers nor inflict any injury upon an enemy, but is written to their credit as a deed of righteousness. Surely, Allāh wastes not the reward of the *Muhsinūn*.[2]

★ بقیہ حاشیہ: توبہ، آیت: 119.

① اس لیے کہ سچ انسان کی نجات کا اور جھوٹ تباہی و بربادی کا باعث ہے، چنانچہ حدیث میں ہے، نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''بے شک سچائی نیکی کی طرف ہدایت کرتی ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے اور آدمی برابر سچ بولتا رہتا ہے حتیٰ کہ [صِدِّیق] بن جاتا ہے اور جھوٹ فُجور (بدکاری، برے اعمال، گناہ) کی طرف لے جاتا ہے اور فُجور جہنم میں پہنچا دیتا ہے اور ایک آدمی برابر جھوٹ بولتا رہتا ہے حتیٰ کہ وہ اللہ تعالیٰ کے ہاں [کَذّاب] لکھ دیا جاتا ہے۔'' (صحیح البخاری، الأدب، باب: 69 حدیث: 6094) ایک دوسری روایت میں فرمایا: ''منافق کی تین نشانیاں ہیں: ① بات کرے تو جھوٹ بولے ② وعدہ کرے تو اس کی خلاف ورزی کرے ③ اور کوئی امانت اس کے سپرد کی جائے تو خیانت کرے۔'' (حوالۂ مذکور، حدیث 6095) ایک تیسری روایت میں فرمایا: ''میں نے (خواب میں) دیکھا کہ دو فرشتے میرے پاس آئے اور کہنے لگے: جس شخص کو آپ نے دیکھا تھا کہ اس کے جبڑے چیرے جا رہے تھے وہ بہت جھوٹا آدمی تھا جو ایک جھوٹ بات کہہ دیتا تھا، لوگ اس کے جھوٹ کو آگے بیان کر دیتے حتیٰ کہ اس کا جھوٹ اطراف عالم میں پھیل جاتا تھا، چنانچہ حشر کے دن تک اس کو یہی سزا دی جاتی رہے گی۔'' (حوالہ مذکور، حدیث 6096)

---

[1] (V.9:119) "The Statement of Allāh تعالى :
"O you who believe! Be afraid of Allāh, and be with those who are true (in words and deeds)." (V.9:119).
And what is forbidden as regards telling of lies.

a) Narrated 'Abdullāh رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "Truthfulness leads to *Al-Birr* (righteousness) and *Al-Birr* (righteousness) leads to Paradise. And a man keeps on telling the truth until he becomes a truthful person. Falsehood leads to *Al-Fujūr* (i.e. wickedness - evildoing), and *Al-Fujūr* leads to the (Hell) Fire. And a man keeps on telling lies until he is written as a liar before Allāh." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6094 (O.P.116)]

b) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "The signs of a hypocrite are three: Whenever he speaks, he tells a lie; and whenever he promises, he breaks his promise; and whenever he is entrusted, he betrays (proves to be dishonest)."[*Sahih Al-Bukhari*, 8/6095 (O.P.117)]

c) Narrated Samurah bin Jundub رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "I saw (in a dream), two men came to me." Then the Prophet ﷺ narrated the story (saying): "They said: The person, the one whose cheek you saw being torn away (from the mouth to the ear) was a liar and used to tell lies and the people would report those lies on his authority till they spread all over the world. So he will be punished like that till the Day of Resurrection." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6096 (O.P.118)]

[2] (V.9:120) *Muhsinūn:* Doers of good, i.e. those who perform good deeds totally for Allāh's sake only without any show-off or to gain praise or fame and they do them in accordance with the *Sunnah* (legal ways) of Allāh's Messenger, Muhammad ﷺ.

① [مُحسِنین] ''نیکوکار لوگ'' جو دکھاوے، شہرت و ناموری اور ستائش کی تمنا کے بغیر محض اللہ کے لیے نیک اعمال انجام دیتے ہیں اور وہ یہ تمام نیک اعمال رسول اللہ ﷺ کی سنت کے مطابق انجام دیتے ہیں۔

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

وَلَا يُنفِقُونَ نَفَقَةً صَغِيرَةً وَلَا كَبِيرَةً وَلَا يَقْطَعُونَ وَادِيًا إِلَّا كُتِبَ لَهُمْ لِيَجْزِيَهُمُ اللَّهُ أَحْسَنَ مَا كَانُوا يَعْمَلُونَ ﴿١٢١﴾

اور وہ جو بھی چھوٹا اور بڑا خرچ کرتے ہیں اور وہ جو بھی وادی طے کرتے ہیں وہ (سب) ان کے لیے لکھا جاتا ہے، تاکہ اللہ انھیں ان کاموں کی بہترین جزا دے جو وہ کرتے ہیں① ﴿١٢١﴾

121. Nor do they spend anything (in Allāh's Cause) — small or great — nor cross a valley, but is written to their credit that Allāh may recompense them with the best of what they used to do (i.e. Allāh will reward their good deeds according to the reward of their best deeds which they did in the most perfect manner).[1]

وَمَا كَانَ الْمُؤْمِنُونَ لِيَنفِرُوا كَافَّةً ۚ فَلَوْلَا نَفَرَ مِن كُلِّ فِرْقَةٍ مِّنْهُمْ طَائِفَةٌ لِّيَتَفَقَّهُوا فِي الدِّينِ وَلِيُنذِرُوا قَوْمَهُمْ إِذَا رَجَعُوا إِلَيْهِمْ لَعَلَّهُمْ يَحْذَرُونَ ﴿١٢٢﴾

اور مومنوں کے لیے مناسب نہیں کہ وہ سب ہی نکل کھڑے ہوں، تو ہر فرقے میں سے ایک گروہ دین میں سمجھ حاصل کرنے کے لیے کیوں نہ نکلا، تاکہ وہ جب اپنے قبیلے میں واپس جائیں تو انھیں خبردار کریں، تاکہ وہ (پیچھے والے بھی اللہ سے) ڈریں ﴿١٢٢﴾

122. And it is not (proper) for the believers to go out to fight (*Jihād*) all together. Of every troop of them, a party only should go forth, that they (who are left behind) may get instructions in (Islāmic) religion, and that they may warn their people when they return to them, so that they may beware (of evil).

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا قَاتِلُوا الَّذِينَ يَلُونَكُم مِّنَ الْكُفَّارِ وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً ۚ وَاعْلَمُوا أَنَّ اللَّهَ مَعَ الْمُتَّقِينَ ﴿١٢٣﴾

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! تم ان کافروں سے لڑو جو تمھارے قرب وجوار میں ہیں اور چاہیے کہ وہ تمھارے اندر سختی پائیں اور جان لو کہ یقیناً اللہ متقیوں کے ساتھ ہے ﴿١٢٣﴾

123. O you who believe! Fight those of the disbelievers who are close to you, and let them find harshness in you; and know that Allāh is with those who are *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ فَمِنْهُم مَّن يَقُولُ أَيُّكُمْ زَادَتْهُ هَٰذِهِ إِيمَانًا ۚ فَأَمَّا الَّذِينَ آمَنُوا فَزَادَتْهُمْ إِيمَانًا وَهُمْ يَسْتَبْشِرُونَ ﴿١٢٤﴾

اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو ان (منافقین) میں سے بعض ایسے ہیں جو (طنزاً) کہتے ہیں: تم میں سے کس کو اس (سورت) نے ایمان میں زیادہ کیا ہے؟ چنانچہ جو لوگ ایمان لائے ہیں، اس (سورت) نے ان کو ایمان میں زیادہ کیا ہے، اور وہ خوش ہوتے ہیں ﴿١٢٤﴾

124. And whenever there comes down a *Sūrah* (chapter from the Qur'ān), some of them (hypocrites) say: "Which of you has had his Faith increased by it?" As for those who believe, it has increased their Faith, and they rejoice.

---

[1] (V.9:121)

a) Islām demolishes all the previous evil deeds and so do migration (for Allāh's sake) and *Hajj* (pilgrimage to Makkah). (*Sahih Muslim*)

b) What is said regarding the superiority of a person who embraces Islām sincerely.

Narrated Abu Sa'īd Al-Khudrī رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "If a person embraces Islām sincerely, then Allāh shall forgive all his past sins, and after that starts the settlement of accounts: the reward of his good deeds will be ten times to seven hundred times for each good deed, and an evil deed will be recorded as it is unless Allāh forgives it." [*Sahih Al-Bukhari*, 1/41 (O.P.40A)]

Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "If anyone of you improves (follows strictly) his Islāmic religion, then his good deeds will be rewarded ten times to seven hundred times for each good deed and a bad deed will be recorded as it is." [*Sahih Al-Bukhari*, 1/42 (O.P.40B)]

① اس میں اللہ تعالیٰ کے اس فضل وکرم کا بیان ہے جو نیکی کا صلہ دیتے وقت وہ اختیار فرماتا ہے، چنانچہ اسلام قبول کرنے سے، (اللہ کی راہ میں) ہجرت کرنے سے اور حج سے پچھلے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں۔ (ماخوذ از صحیح مسلم، الإیمان، باب کون الإسلام یہدم ما قبلہ وکذا الہجرۃ والحج، حدیث:121) علاوہ ازیں پھر اسے ہر اچھے کام پر دس سے سات سو گنا تک ثواب ملتا ہے اور اگر وہ برا کام کرے تو وہ ایک ہی گناہ شمار ہوتا ہے الا یہ کہ اللہ اسے بھی معاف فرما دے۔" (صحیح البخاری، الإیمان، باب:31 حدیث:41)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَأَمَّا الَّذِينَ فِي قُلُوبِهِم مَّرَضٌ
فَزَادَتْهُمْ رِجْسًا إِلَىٰ رِجْسِهِمْ وَمَاتُوا
وَهُمْ كَافِرُونَ ﴿١٢٥﴾

لیکن جن لوگوں کے دلوں میں روگ ہے، تو اس (سورت) نے ان کی (پہلی) پلیدی پر مزید پلیدی کا اضافہ کر دیا اور وہ مرتے دم تک کافر ہی رہے ﴿125﴾

125. But as for those in whose hearts is a disease (of doubt, disbelief and hypocrisy), it will add suspicion and doubt to their suspicion, disbelief and doubt; and they die while they are disbelievers.

أَوَلَا يَرَوْنَ أَنَّهُمْ يُفْتَنُونَ فِي كُلِّ عَامٍ
مَّرَّةً أَوْ مَرَّتَيْنِ ثُمَّ لَا يَتُوبُونَ وَلَا هُمْ
يَذَّكَّرُونَ ﴿١٢٦﴾

کیا وہ (مومن) نہیں دیکھتے کہ بے شک وہ (منافق) ہر سال ایک یا دو بار فتنے میں مبتلا کیے جاتے ہیں۔ پھر بھی وہ توبہ نہیں کرتے اور نہ وہ نصیحت پکڑتے ہیں ﴿126﴾

126. See they not that they are put in trial once or twice every year (with different kinds of calamities, disease, famine)? Yet, they turn not in repentance, nor do they learn a lesson (from it).

وَإِذَا مَا أُنزِلَتْ سُورَةٌ نَّظَرَ بَعْضُهُمْ إِلَىٰ
بَعْضٍ هَلْ يَرَاكُم مِّنْ أَحَدٍ ثُمَّ
انصَرَفُوا ۚ صَرَفَ اللَّهُ قُلُوبَهُم بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ
لَّا يَفْقَهُونَ ﴿١٢٧﴾

اور جب کوئی سورت نازل کی جاتی ہے تو وہ ایک دوسرے کی طرف دیکھتے ہیں کہ کہیں کوئی (مسلمان) تمھیں دیکھ تو نہیں رہا، پھر (چپکے سے) کھسک جاتے ہیں۔ اللہ نے ان کے دلوں کو پھیر دیا ہے، اس لیے کہ بے شک وہ لوگ سمجھتے نہیں ﴿127﴾

127. And whenever there comes down a *Sūrah* (chapter from the Qur'ān), they look at one another (saying): "Does any one see you?" Then they turn away. Allāh has turned their hearts (from the light) because they are a people that understand not.

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ
عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُم بِالْمُؤْمِنِينَ
رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿١٢٨﴾

(لوگو!) یقیناً تمھارے پاس تمھی میں سے ایک رسول آ گیا ہے، اس پر تمھارا تکلیف میں مبتلا ہونا گراں (گزرتا) ہے، وہ تمھارے لیے (بھلائی کا) حریص ہے، مومنوں پر نہایت شفیق، بہت رحم کرنے والا ہے ﴿128﴾

128. Verily, there has come to you a Messenger (Muhammad ﷺ) from amongst yourselves (i.e. whom you know well). It grieves him that you should receive any injury or difficulty. He (Muhammad ﷺ) is anxious over you (to be rightly guided, to repent to Allāh, and beg Him to pardon and forgive your sins in order that you may enter Paradise and be saved from the punishment of the Hell-fire); for the believers (he ﷺ is) full of pity, kind, and merciful.

فَإِن تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا
هُوَ ۖ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ
الْعَظِيمِ ﴿١٢٩﴾ ع 16 7 5

پھر بھی اگر وہ پھریں تو کہہ دیجیے: مجھے اللہ کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود (برحق) نہیں، اسی پر میں نے بھروسا کیا ہے اور وہی عرش عظیم کا رب ہے ① ﴿129﴾

129. But if they turn away, say (O Muhammad ﷺ): "Allāh is sufficient for me. *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He) in Him I put my trust and He is the Lord of the Mighty Throne."[1]

---

[1] (V.9:129) See the footnote of (V.3:173).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ آل عمران: 3/173)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

Sūrat Yūnus [(Prophet) Jonah] 10

سورۂ یونس

اٰيَاتُهَا 109 (10) سُوْرَةُ يُوْنُسَ مَكِّيَّةٌ (51) رُكُوْعَاتُهَا 11

In the Name of Allāh,
the Most Gracious, the Most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1. *Alif-Lām-Rā.* [These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.] These are the Verses of the Book (the Qur'ān) *Al-Hakīm.*[1]

الٓرٰ، یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں ①

الٓرٰ قف تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْحَكِيْمِ ①

2. Is it a wonder for mankind that We have sent Our Revelation[2] to a man from among themselves (i.e. Prophet Muhammad ﷺ) (saying): "Warn mankind (of the coming torment in Hell), and give good news to those who believe (in the Oneness of Allāh and in His Prophet Muhammad ﷺ) that they shall have with their Lord the rewards of their good deeds?" (But) the disbelievers say: "This is indeed an evident sorcerer (i.e. Prophet Muhammad ﷺ and the Qur'ān)!"

کیا لوگوں کے لیے یہ تعجب (کی بات) ہے کہ ہم نے ان میں سے ایک آدمی کی طرف وحی ① بھیجی کہ آپ لوگوں کو ڈرائیں اور ان لوگوں کو خوشخبری دیں جو ایمان لائے کہ بے شک ان کے لیے ان کے رب کے ہاں سچائی کا مرتبہ ہے۔ کافروں نے کہا: بے شک یہ تو یقیناً صاف جادوگر ہے ②

اَكَانَ لِلنَّاسِ عَجَبًا اَنْ اَوْحَيْنَآ اِلٰى رَجُلٍ مِّنْهُمْ اَنْ اَنْذِرِ النَّاسَ وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنَّ لَهُمْ قَدَمَ صِدْقٍ عِنْدَ رَبِّهِمْ ط قَالَ الْكٰفِرُوْنَ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ مُّبِيْنٌ ②

3. Surely, your Lord is Allāh Who created the heavens and the earth in six Days and then rose over (*Istawā*) the Throne (really in a manner that suits His Majesty), disposing the affair of all things. No intercessor (can plead with Him) except after His Leave. That is Allāh, your Lord; so worship Him (Alone). Then, will you not remember?

بے شک تمھارا رب اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دنوں میں پیدا کیا، پھر وہ عرش پر مستوی ہو گیا، وہی ہر کام کی تدبیر کرتا ہے۔ کوئی سفارشی نہیں (بن سکتا) بغیر اس کی اجازت کے۔ یہی اللہ ہے تمھارا رب، چنانچہ تم اسی کی عبادت کرو، پھر کیا تم نصیحت نہیں پکڑتے؟ ③

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُدَبِّرُ الْاَمْرَ ط مَا مِنْ شَفِيْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ ط ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ط اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ③

4. To Him is the return of all of you. The Promise of Allāh is true. It is He Who begins the creation and then will repeat it,

تم سب کو اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، اللہ کا وعدہ سچا ہے، بے شک وہی مخلوق کو پہلی بار پیدا کرتا ہے، پھر وہی اسے لوٹائے (زندہ کرے) گا، تاکہ ان لوگوں

اِلَيْهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا ط وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ط اِنَّهٗ يَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ يُعِيْدُهٗ لِيَجْزِيَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بِالْقِسْطِ ط

---

[1] (V.10:1) *Al-Hakīm*: Showing lawful and unlawful things, explaining Allāh's (Divine) Laws for mankind, leading them to eternal happiness by ordering them to follow the true Islāmic Monotheism, — worshipping none but Allāh Alone — that will guide them to Paradise and save them from Hell.

[2] (V.10:2) See the footnote of (V.4:163).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ نساء 4/163)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَهُمْ شَرَابٌ مِّنْ حَمِيْمٍ وَّعَذَابٌ اَلِيْمٌ بِمَا كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ ④

کو انصاف کے ساتھ بدلہ دے جو ایمان لائے اور جنھوں نے نیک عمل کیے۔ اور جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے پینے کو کھولتا ہوا پانی اور دردناک عذاب ہوگا، اس لیے کہ وہ کفر کرتے تھے④

that He may reward with justice those who believed (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and did deeds of righteousness. But those who disbelieved will have a drink of boiling fluids and painful torment because they used to disbelieve.

هُوَ الَّذِيْ جَعَلَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَّالْقَمَرَ نُوْرًا وَّقَدَّرَهٗ مَنَازِلَ لِتَعْلَمُوْا عَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابَ ؕ مَا خَلَقَ اللّٰهُ ذٰلِكَ اِلَّا بِالْحَقِّ ۚ يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ⑤

وہی ہے (اللہ) جس نے سورج کو نہایت روشن بنایا اور چاند کو نور اور اس کی منزلیں مقرر کیں، تاکہ تم سالوں کی گنتی اور حساب معلوم کر سکو۔ یہ (سب کچھ) اللہ نے حق ہی کے ساتھ پیدا کیا ہے۔ وہ اپنی آیتیں تفصیل سے ان لوگوں کے لیے بیان کرتا ہے جو جانتے ہیں⑤

5. It is He Who made the sun a shining thing and the moon as a light and measured out for it stages that you might know the number of years and the reckoning. Allāh did not create this but in truth. He explains the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) in detail for a people who have knowledge.

اِنَّ فِي اخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمَا خَلَقَ اللّٰهُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَّقُوْنَ ⑥

بے شک رات اور دن کے (بدل بدل کر) آنے جانے میں اور جو کچھ اللہ نے آسمانوں اور زمین میں پیدا کیا ہے (اس میں بھی)، البتہ نشانیاں ہیں ان لوگوں کے لیے جو ڈرتے ہیں⑥

6. Verily, in the alternation of the night and the day and in all that Allāh has created in the heavens and the earth are *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc.) for those people who keep their duty to Allāh, and fear Him much.

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا وَرَضُوْا بِالْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَاطْمَاَنُّوْا بِهَا وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنْ اٰيٰتِنَا غٰفِلُوْنَ ⑦

بے شک وہ لوگ جو ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے اور وہ دنیاوی زندگی پر راضی اور اسی پر مطمئن ہیں اور وہ لوگ جو ہماری نشانیوں سے غافل ہیں⑦

7. Verily, those who hope not for their Meeting with Us, but are pleased and satisfied with the life of the present world, and those who are heedless of Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.),

اُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمُ النَّارُ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ⑧

وہی ہیں جن کا ٹھکانا دوزخ ہے ان (عملوں) کی وجہ سے جو وہ کماتے تھے⑧

8. Those, their abode will be the Fire, because of what they used to earn.

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ يَهْدِيْهِمْ رَبُّهُمْ بِاِيْمَانِهِمْ ۚ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ⑨

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، ان کا رب ان کے ایمان کی وجہ سے انھیں (جنت کے باغوں کی) راہ دکھائے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی نعمتوں کے باغات میں⑨

9. Verily, those who believe[1] and do deeds of righteousness, their Lord will guide them through their Faith; under them will flow rivers in the Gardens of Delight (Paradise).

دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۚ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ

اس (جنت) میں ان کی پکار ہوگی: اے اللہ! تو پاک ہے۔ اور اس میں ان کی دعا ہوگی: سلام۔ اور ان کی

10. Their way of request therein will be *Subhānaka Allāhumma* (glory to You, O Allāh!) and

[1] (V.10:9) Who believe in the Oneness of Allāh along with the six articles of Faith, i.e. to believe in Allāh, His Angels, His Books, His Messengers, Day of Resurrection, and *Al-Qadar* (Divine Preordainments) — Islāmic Monotheism.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ع 10 6 لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ⑩

آخری پکار یہ ہوگی کہ تمام تعریفیں اللہ رب العالمین ہی کے لیے ہیں ⑩

Salām (peace, safety from evil) will be their greetings therein (Paradise)! and the end of their request will be: *Al-Hamdu Lillāhi Rabbil-'Ālamīn* [All praise and thanks are Allāh's, the Lord of *'Ālamīn* (mankind, jinn and all that exists)].

وَلَوۡ يُعَجِّلُ اللّٰهُ لِلنَّاسِ الشَّرَّ اسۡتِعۡجَالَهُمۡ بِالۡخَيۡرِ لَقُضِيَ اِلَيۡهِمۡ اَجَلُهُمۡ ؕ فَنَذَرُ الَّذِيۡنَ لَا يَرۡجُوۡنَ لِقَآءَنَا فِيۡ طُغۡيَانِهِمۡ يَعۡمَهُوۡنَ ⑪

اور اگر اللہ لوگوں کو برائی پہنچانے میں جلدی کرتا جیسے وہ بھلائی مانگنے میں جلدی کرتے ہیں تو ان کی میعاد پوری ہو چکی ہوتی، چنانچہ ہم ان لوگوں کو جو ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے، چھوڑ دیتے ہیں کہ اپنی سرکشی میں بھٹکتے رہیں ⑪

11. And were Allāh to hasten for mankind the evil (they invoke for themselves and for their children, while in a state of anger) as He hastens for them the good (they invoke) then they would have been ruined. So We leave those who expect not their Meeting with Us, in their trespasses, wandering blindly in distraction. (*Tafsir At-Tabarī*)

وَاِذَا مَسَّ الۡاِنۡسَانَ الضُّرُّ دَعَانَا لِجَنۡۢبِهٖۤ اَوۡ قَاعِدًا اَوۡ قَآئِمًا ۚ فَلَمَّا كَشَفۡنَا عَنۡهُ ضُرَّهٗ مَرَّ كَاَنۡ لَّمۡ يَدۡعُنَاۤ اِلٰى ضُرٍّ مَّسَّهٗ ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلۡمُسۡرِفِيۡنَ مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ⑫

اور جب انسان کو تکلیف پہنچتی ہے تو وہ ہمیں پکارتا ہے، اپنے پہلو پر (لیٹے) یا بیٹھے یا کھڑے ہوئے، پھر جب ہم اس کی تکلیف دور کر دیتے ہیں تو وہ (یوں) گزر جاتا ہے جیسے اس نے خود کو تکلیف پہنچنے پر ہمیں پکارا ہی نہ تھا، اسی طرح حد سے گزر جانے والوں کے لیے① ان کے (برے) عمل پرکشش بنا دیے گئے ⑫

12. And when harm touches man, he invokes Us, lying on his side, or sitting or standing. But when We have removed his harm from him, he passes on as if he had never invoked Us for harm that touched him! Thus it is made fair-seeming to the *Musrifūn*[1] that which they used to do.

وَلَقَدۡ اَهۡلَكۡنَا الۡقُرُوۡنَ مِنۡ قَبۡلِكُمۡ لَمَّا ظَلَمُوۡا ۙ وَجَآءَتۡهُمۡ رُسُلُهُمۡ بِالۡبَيِّنٰتِ وَمَا كَانُوۡا لِيُؤۡمِنُوۡا ؕ كَذٰلِكَ نَجۡزِى الۡقَوۡمَ الۡمُجۡرِمِيۡنَ ⑬

اور البتہ ہم نے ان امتوں کو ہلاک کر دیا جو تم سے پہلے تھیں، جب انھوں نے ظلم کیا، اور ان کے پاس ان کے رسول واضح دلیلوں کے ساتھ آئے، اور وہ ایسے نہ تھے کہ ایمان لاتے۔ مجرم لوگوں کو ہم اسی طرح سزا دیتے ہیں ⑬

13. And indeed, We destroyed generations before you when they did wrong, while their Messengers came to them with clear proofs, but they were not such as to believe! Thus do We requite the people who are *Mujrimūn* (disbelievers, polytheists, sinners and criminals).

ثُمَّ جَعَلۡنٰكُمۡ خَلٰٓئِفَ فِى الۡاَرۡضِ مِنۡۢ بَعۡدِهِمۡ لِنَنۡظُرَ كَيۡفَ تَعۡمَلُوۡنَ ⑭

پھر ان کے بعد ہم نے تمھیں زمین میں جانشین بنایا، تاکہ ہم دیکھیں کہ تم کیسے عمل کرتے ہو ⑭

14. Then We made you successors after them, generations after generations in the land, that We might see how you would work.

---

[1] (V.10:12) *Musrifūn*: Those who denied Allāh and His Prophets, and transgressed Allāh's limits by committing all kinds of crimes and sins.

① [اَلۡمُسۡرِفِيۡنَ] وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسولوں کو جھٹلاتے ہیں اور ہر طرح کے جرائم اور گناہوں کا ارتکاب کر کے اللہ تعالیٰ کی حدود سے تجاوز کرتے ہیں۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ ۙ قَالَ الَّذِينَ لَا يَرْجُونَ لِقَاءَنَا ائْتِ بِقُرْآنٍ غَيْرِ هَٰذَا أَوْ بَدِّلْهُ ۚ قُلْ مَا يَكُونُ لِي أَنْ أُبَدِّلَهُ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِي ۖ إِنْ أَتَّبِعُ إِلَّا مَا يُوحَىٰ إِلَيَّ ۖ إِنِّي أَخَافُ إِنْ عَصَيْتُ رَبِّي عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيمٍ ⑮

اور جب ان پر ہماری واضح آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں تو وہ لوگ، جو ہماری ملاقات کی امید نہیں رکھتے، کہتے ہیں: تو اس کے علاوہ کوئی (دوسرا) قرآن لے آ، یا اسے (کچھ) بدل دے۔ کہہ دیجیے: مجھے اختیار نہیں کہ میں اسے اپنی طرف سے بدل دوں۔ میں تو اسی چیز کی پیروی کرتا ہوں جو میری طرف وحی کی جاتی ہے، بے شک اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو مجھے بڑے (سخت) دن کے عذاب سے ڈر لگتا ہے⑮

15. And when Our clear Verses are recited to them, those who hope not for their Meeting with Us, say: "Bring us a Qur'ān other than this, or change it." Say (O Muhammad ﷺ): "It is not for me to change it on my own accord; I only follow that which is revealed to me. Verily, I fear the torment of a Great Day (i.e. the Day of Resurrection) if I were to disobey my Lord."

قُلْ لَوْ شَاءَ اللَّهُ مَا تَلَوْتُهُ عَلَيْكُمْ وَلَا أَدْرَاكُمْ بِهِ ۖ فَقَدْ لَبِثْتُ فِيكُمْ عُمُرًا مِنْ قَبْلِهِ ۚ أَفَلَا تَعْقِلُونَ ⑯

کہہ دیجیے: اگر اللہ چاہتا تو میں اس (قرآن) کی تم پر تلاوت نہ کرتا اور نہ وہ (اللہ) تمھیں اس کی خبر دیتا، چنانچہ میں اس (نبوت) سے پہلے تمھارے اندر ایک مدت ٹھہرا ہوں، تو کیا تم عقل نہیں رکھتے؟⑯

16. Say (O Muhammad ﷺ): "If Allāh had so willed, I should not have recited it to you, nor would He have made it known to you, Verily, I have stayed amongst you a lifetime before this. Have you then no sense?"

فَمَنْ أَظْلَمُ مِمَّنِ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا أَوْ كَذَّبَ بِآيَاتِهِ ۚ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْمُجْرِمُونَ ⑰

پھر اس شخص سے زیادہ ظالم کون ہے جس نے اللہ پر جھوٹ گھڑ لیا یا اس کی آیتوں کو جھٹلایا؟ بے شک مجرم فلاح نہیں پاتے⑰

17. So who does more wrong than he who forges a lie against Allāh or denies His *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.)? Surely, the *Mujrimūn* (criminals, sinners, disbelievers and polytheists) will never be successful!

وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَيَقُولُونَ هَٰؤُلَاءِ شُفَعَاؤُنَا عِنْدَ اللَّهِ ۚ قُلْ أَتُنَبِّئُونَ اللَّهَ بِمَا لَا يَعْلَمُ فِي السَّمَاوَاتِ وَلَا فِي الْأَرْضِ ۚ سُبْحَانَهُ وَتَعَالَىٰ عَمَّا يُشْرِكُونَ ⑱

اور وہ اللہ کے سوا ایسی چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو انھیں نہ نقصان دیتی ہیں اور نہ نفع دیتی ہیں، اور وہ کہتے ہیں: یہ اللہ کے ہاں ہمارے سفارشی ہیں۔ کہہ دیجیے: کیا تم اللہ کو اس چیز کی خبر دیتے ہو جسے وہ آسمانوں میں نہیں جانتا اور نہ زمین میں؟ وہ پاک اور بلند ہے ان سے جن کو وہ شریک ٹھہراتے ہیں⑱

18. And they worship besides Allāh things that harm them not, nor profit them, and they say: "These are our intercessors with Allāh." Say: "Do you inform Allāh of that which He knows not in the heavens and on the earth?" Glorified and Exalted is He above all that which they associate as partners (with Him)!

وَمَا كَانَ النَّاسُ إِلَّا أُمَّةً وَاحِدَةً فَاخْتَلَفُوا ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ فِيمَا فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ⑲

اور پہلے لوگ ایک ہی امت تھے،[1] پھر انھوں نے (باہم) اختلاف کیا، اور اگر نہ ہوتی ایک بات جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے سے طے ہو چکی ہے تو ان میں اس چیز کے متعلق یقیناً فیصلہ کر دیا جاتا ★ جس میں وہ اختلاف کر رہے ہیں⑲

19. Mankind were but one community (i.e. on one religion — Islāmic Monotheism), then they differed (later); and had not it been for a Word that went forth before from your Lord, it would have been settled between them regarding what they differed.[1]

[1] (V.10:19) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "Every child is born on *Al-Fitrah* [true faith of ▸▸

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

20. And they say: "How is it that not a sign is sent down on him from his Lord?" Say: "The Unseen belongs to Allāh Alone, so wait you, verily, I am with you among those who wait (for Allāh's Judgement)."

اور وہ کہتے ہیں: اس پر اس کے رب کی طرف سے کوئی نشانی کیوں نہیں نازل کی گئی؟ تو آپ کہہ دیجیے: یقیناً غیب تو اللہ ہی کے لیے ہے، پھر تم انتظار کرو، بے شک میں (بھی) تمھارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں سے ہوں⑳

وَيَقُولُونَ لَوْلَآ أُنزِلَ عَلَيْهِ ءَايَةٌ مِّن رَّبِّهِۦ ۖ فَقُلْ إِنَّمَا ٱلْغَيْبُ لِلَّهِ فَٱنتَظِرُوٓا۟ إِنِّى مَعَكُم مِّنَ ٱلْمُنتَظِرِينَ ⑳ ع 2/10/7

21. And when We let mankind taste mercy after some adversity has afflicted them, behold! They take to plotting against Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.)! Say: "Allāh is Swifter in planning!" Certainly, Our Messengers (angels) record all of that which you plot.[1]

اور جب ہم ان (کافر) لوگوں کو تکلیف پہنچنے کے بعد (اپنی) رحمت (کا مزہ) چکھاتے ہیں تو وہ فوراً ہی ہماری آیتوں میں ان کے لیے چالیں ہوتی ہیں (جو وہ چلتے ہیں)، کہہ دیجیے: اللہ سب سے تیز تر ہے چال (چلنے) میں۔ بے شک ہمارے بھیجے ہوئے فرشتے لکھتے جاتے ہیں جو تم مکر و فریب کرتے ہو①㉑

وَإِذَآ أَذَقْنَا ٱلنَّاسَ رَحْمَةً مِّنۢ بَعْدِ ضَرَّآءَ مَسَّتْهُمْ إِذَا لَهُم مَّكْرٌ فِىٓ ءَايَاتِنَا ۚ قُلِ ٱللَّهُ أَسْرَعُ مَكْرًا ۚ إِنَّ رُسُلَنَا يَكْتُبُونَ مَا تَمْكُرُونَ ㉑

22. He it is Who enables you to travel through land and sea, till when you are in the ships, and they sail with them with a favourable wind, and they are glad therein, then comes a stormy wind and the waves come to them from all sides, and they think that they are encircled therein. Then they invoke Allāh, making their Faith pure for Him Alone, (saying): "If You (Allāh) deliver us from this, we shall truly, be of the grateful."[2]

وہی ہے (اللہ) جو تمھیں خشکی اور تری میں چلاتا ہے، حتی کہ جب تم کشتیوں میں ہوتے ہو اور وہ انھیں (سواروں کو) پاکیزہ (موافق) ہوا کے ساتھ لیے چلتی ہیں اور وہ ان سے خوش ہوتے ہیں، تو اچانک ان (کشتیوں) پر طوفانی ہوا آ پہنچتی ہے اور لہریں ان پر ہر طرف سے امڈ آتی ہیں اور وہ خیال کرتے ہیں کہ بے شک وہ (طوفان میں) گھیر لیے گئے ہیں (تو اس وقت) خالص اللہ ہی کی عبادت کرتے ہوئے اسے پکارتے ہیں کہ اگر تو نے ہمیں اس (طوفان) سے نجات دی تو ہم ضرور شکر گزاروں میں سے ہو جائیں گے②㉒

هُوَ ٱلَّذِى يُسَيِّرُكُمْ فِى ٱلْبَرِّ وَٱلْبَحْرِ ۖ حَتَّىٰٓ إِذَا كُنتُمْ فِى ٱلْفُلْكِ وَجَرَيْنَ بِهِم بِرِيحٍ طَيِّبَةٍ وَفَرِحُوا۟ بِهَا جَآءَتْهَا رِيحٌ عَاصِفٌ وَجَآءَهُمُ ٱلْمَوْجُ مِن كُلِّ مَكَانٍ وَظَنُّوٓا۟ أَنَّهُمْ أُحِيطَ بِهِمْ ۙ دَعَوُا۟ ٱللَّهَ مُخْلِصِينَ لَهُ ٱلدِّينَ لَئِنْ أَنجَيْتَنَا مِنْ هَٰذِهِۦ لَنَكُونَنَّ مِنَ ٱلشَّٰكِرِينَ ㉒

23. But when He delivers them, behold! They rebel (disobey Allāh) in the earth wrongfully. O mankind! Your rebellion

پھر جب اس (اللہ) نے انھیں نجات دے دی تو وہ فوراً ہی زمین میں ناحق سرکشی کرنے لگتے ہیں۔ اے لوگو! تمھاری سرکشی (کا وبال) تمھاری (اپنی ہی

فَلَمَّآ أَنجَىٰهُمْ إِذَا هُمْ يَبْغُونَ فِى ٱلْأَرْضِ بِغَيْرِ ٱلْحَقِّ ۗ يَٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلَىٰٓ أَنفُسِكُم ۖ

▸▸ Islāmic Monotheism (i.e. to worship none but Allāh Alone)], but his parents convert him to Judaism or Christianity or Magianism, as an animal gives birth to a perfect baby animal. Do you find it mutilated?" [*Sahih Al-Bukhari*, 2/1385 (O.P.467)]. [See also (V.30:30)]

★ بقیہ حاشیہ: یونس، آیت: 19.

① ہر شخص ہدایت (فطرت) پر پیدا ہوتا ہے گویا سب ایک ہی امت ہیں جیسے حدیث میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”ہر بچہ فطرت (اسلام کے عقیدۂ توحید یعنی صرف ایک اللہ کی عبادت والے عقیدہ) پر پیدا ہوتا ہے پھر اس کے والدین اسے یہودی، نصرانی یا مجوسی بنا دیتے ہیں جیسے ایک جانور ایک صحیح سالم بچہ جنم دیتا ہے، کیا تم اسے کان کٹا ہوا پاتے ہو؟“ (صحیح البخاری، الجنائز، باب: 92 حدیث: 1385)

[1] (V.10:21) See the footnote (B) of (V.6:61).
[2] (V.10:22): See the footnote of (V.17:67).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ انعام 6: 61)
② ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بنی اسرائیل 17: 67)

”محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ“

www.KitaboSunnat.com

مَّتَاعَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٣﴾

جانوں پر ہے، (تم) دنیاوی زندگی کا فائدہ (اٹھالو)، پھر تمھیں ہماری ہی طرف لوٹنا ہے، پھر ہم تمھیں بتائیں گے جو عمل تم کیا کرتے تھے ﴿٢٣﴾

(disobedience to Allāh) is only against your ownselves, — a brief enjoyment of this worldly life, then (in the end) to Us is your return, and We shall inform you of that which you used to do.

إِنَّمَا مَثَلُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ أَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْأَرْضِ مِمَّا يَأْكُلُ النَّاسُ وَالْأَنْعَامُ ۭ حَتّٰىٓ إِذَآ أَخَذَتِ الْأَرْضُ زُخْرُفَهَا وَازَّيَّنَتْ وَظَنَّ أَهْلُهَآ أَنَّهُمْ قٰدِرُوْنَ عَلَيْهَآ ۙ أَتٰىهَآ أَمْرُنَا لَيْلًا أَوْ نَهَارًا فَجَعَلْنٰهَا حَصِيْدًا كَأَنْ لَّمْ تَغْنَ بِالْأَمْسِ ۭ كَذٰلِكَ نُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ لِقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢٤﴾

بے شک دنیاوی زندگی کی مثال تو اس پانی کی سی ہے جسے ہم نے آسمان سے اتارا، پھر اس کے ساتھ زمین کی نباتات مل جل گئیں جس میں سے انسان اور چوپائے کھاتے ہیں، حتیٰ کہ جب زمین نے اپنی رونق پکڑی اور مزین ہوگئی اور زمین والوں نے سمجھا کہ بے شک وہ اس (فصل کاٹنے) پر قادر ہیں تو ہمارا حکم (عذاب) رات یا دن کو (اچانک) آگیا، چنانچہ ہم نے اسے کٹی ہوئی کھیتی کی طرح کر دیا، گویا کل وہ تھی ہی نہیں، اسی طرح ہم (اپنی) آیتیں کھول کر بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے لیے جو غور و فکر کرتے ہیں ﴿٢٤﴾

24. Verily, the likeness of (this) worldly life is as the water (rain) which We send down from the sky; so by it arises the intermingled produce of the earth of which men and cattle eat: until when the earth is clad in its adornments and is beautified, and its people think that they have all the powers of disposal over it, Our Command reaches it by night or by day and We make it like a clean-mown harvest, as if it had not flourished yesterday! Thus do We explain the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, laws, etc.) in detail for a people who reflect.

وَاللّٰهُ يَدْعُوْٓا إِلٰى دَارِ السَّلٰمِ ۭ وَيَهْدِيْ مَنْ يَّشَآءُ إِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٢٥﴾

اور اللہ سلامتی کے گھر (جنت) کی طرف بلاتا ہے، اور وہ جسے چاہتا ہے صراط مستقیم کی ہدایت دیتا ہے ﴿٢٥﴾

25. Allāh calls to the Home of Peace (i.e. Paradise, by accepting Allāh's religion of Islāmic Monotheism and by doing righteous good deeds and abstaining from polytheism and evil deeds) and guides whom He wills to a Straight Path.

لِلَّذِيْنَ أَحْسَنُوا الْحُسْنٰى وَزِيَادَةٌ ۭ وَلَا يَرْهَقُ وُجُوْهَهُمْ قَتَرٌ وَّلَا ذِلَّةٌ ۭ أُولٰٓئِكَ أَصْحٰبُ الْجَنَّةِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٦﴾

جن لوگوں نے نیک کام کیے ان کے لیے بھلائی ہے اور مزید (دیدار الٰہی) ہے، اور ان کے چہروں کو سیاہی اور ذلت نہیں ڈھانپے گی، یہی لوگ جنتی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٢٦﴾

26. For those who have done good is the best (reward, i.e. Paradise) and even more (i.e. having the honour of glancing at the Countenance of Allāh جل جلاله). Neither darkness nor dust nor any humiliating disgrace shall cover their faces. They are the dwellers of Paradise, they will abide therein forever.

وَالَّذِيْنَ كَسَبُوا السَّيِّاٰتِ جَزَآءُ سَيِّئَةٍ بِمِثْلِهَا ۙ وَتَرْهَقُهُمْ ذِلَّةٌ ۭ مَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مِنْ عَاصِمٍ ۚ كَأَنَّمَآ أُغْشِيَتْ وُجُوْهُهُمْ قِطَعًا مِّنَ

اور جن لوگوں نے برے کام کیے تو برائی کا بدلہ اس (برائی) کے برابر ہی ہے اور انھیں ذلت ڈھانپ لے گی۔ کوئی انھیں اللہ (کے عذاب) سے بچانے والا نہیں ہوگا، یوں لگے گا کہ ان کے چہروں پر تاریک

27. And those who have earned evil deeds, the recompense of an evil deed is the like thereof, and humiliating disgrace will cover them (their faces). No defender

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

will they have from Allāh. Their faces will be covered as it were with pieces from the darkness of night. They are the dwellers of the Fire, they will abide therein forever.

رات کے ٹکڑے اوڑھا دیے گئے ہیں، یہی (لوگ) دوزخی ہیں، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٢٧﴾

الَّيْلِ مُظْلِمًا ۚ أُولَٰئِكَ أَصْحَابُ النَّارِ ۖ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ ﴿٢٧﴾

28. And the Day whereon We shall gather them all together, then We shall say to those who did set partners in worship with Us: "Stop at your place! You and your partners (whom you had worshipped in the worldly life)." Then We shall separate them, and their (Allāh's so-called) partners shall say: "It was not us that you used to worship."

اور جس دن ہم ان سب کو جمع کریں گے، پھر ہم ان لوگوں سے، جنھوں نے شرک کیا، کہیں گے: تم اور تمھارے شریک اپنی اپنی جگہ ٹھہرے رہو، پھر ہم ان کے درمیان جدائی ڈال دیں گے اور ان کے شریک کہیں گے: تم ہماری عبادت تو کرتے ہی نہیں تھے ﴿٢٨﴾

وَيَوْمَ نَحْشُرُهُمْ جَمِيعًا ثُمَّ نَقُولُ لِلَّذِينَ أَشْرَكُوا مَكَانَكُمْ أَنتُمْ وَشُرَكَاؤُكُمْ ۚ فَزَيَّلْنَا بَيْنَهُمْ ۖ وَقَالَ شُرَكَاؤُهُم مَّا كُنتُمْ إِيَّانَا تَعْبُدُونَ ﴿٢٨﴾

29. "So sufficient is Allāh as a witness between us and you that we indeed knew nothing of your worship of us."

چنانچہ ہمارے اور تمھارے درمیان اللہ کافی گواہ ہے، بے شک ہم تمھاری عبادت سے بالکل غافل تھے ﴿٢٩﴾

فَكَفَىٰ بِاللَّهِ شَهِيدًا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ إِن كُنَّا عَنْ عِبَادَتِكُمْ لَغَافِلِينَ ﴿٢٩﴾

30. There! Every person will know (exactly) what he had earned before and they will be brought back to Allāh, their rightful *Maulā* (Lord), and their invented false deities will vanish from them.

وہاں ہر نفس (شخص) جانچ لے گا جو کچھ اس نے آگے بھیجا تھا اور وہ اللہ کی طرف لوٹائے جائیں گے جو ان کا حقیقی مالک ہے، اور (وہ سب کچھ) ان سے گم ہو جائے گا جو وہ جھوٹ گھڑا کرتے تھے ﴿٣٠﴾

هُنَالِكَ تَبْلُو كُلُّ نَفْسٍ مَّا أَسْلَفَتْ ۚ وَرُدُّوا إِلَى اللَّهِ مَوْلَاهُمُ الْحَقِّ ۖ وَضَلَّ عَنْهُم مَّا كَانُوا يَفْتَرُونَ ﴿٣٠﴾ ع 3/10/8

31. Say (O Muhammad ﷺ): "Who provides for you from the sky and the earth? Or who owns hearing and sight? And who brings out the living from the dead and brings out the dead from the living? And who disposes the affairs?" They will say: "Allāh." Say: "Will you not then be afraid of Allāh's punishment (for setting up rivals in worship with Allāh)?"

(اے نبی!) کہہ دیجیے: تمھیں آسمان اور زمین سے کون رزق دیتا ہے یا کانوں اور آنکھوں کا مالک کون ہے اور کون زندہ کو مردہ سے نکالتا ہے اور مردہ کو زندہ سے نکالتا ہے، اور کون ہے جو (دنیا کے) کاموں کی تدبیر کرتا ہے؟ تو وہ (کافر) ضرور کہیں گے: اللہ! تو کہہ دیجیے: کیا پھر تم (اللہ سے) ڈرتے نہیں؟ ﴿٣١﴾

قُلْ مَن يَرْزُقُكُم مِّنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ أَمَّن يَمْلِكُ السَّمْعَ وَالْأَبْصَارَ وَمَن يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَمَن يُدَبِّرُ الْأَمْرَ ۚ فَسَيَقُولُونَ اللَّهُ ۚ فَقُلْ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿٣١﴾

32. Such is Allāh, your Lord in truth. So after the truth, what else can there be, save error? How then are you turned away?

یہی تو اللہ جو تمھارا حقیقی رب ہے، پھر حق کے بعد گمراہی کے سوا کیا ہے؟ پھر تم کدھر پھیرے جاتے ہو؟ ﴿٣٢﴾

فَذَٰلِكُمُ اللَّهُ رَبُّكُمُ الْحَقُّ ۖ فَمَاذَا بَعْدَ الْحَقِّ إِلَّا الضَّلَالُ ۖ فَأَنَّىٰ تُصْرَفُونَ ﴿٣٢﴾

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مِّثْلُ مَآ أَصَابَ قَوْمَ نُوحٍ أَوْ قَوْمَ هُودٍ أَوْ قَوْمَ صَٰلِحٍ ۚ وَمَا قَوْمُ لُوطٍ مِّنكُم بِبَعِيدٍ ﴿89﴾

نہ آکسائے کہ تم پر ویسا عذاب آئے جیسا قوم نوح یا قوم ہود یا قوم صالح پر آیا تھا، اور لوط کی قوم (کا علاقہ بھی) تم سے کچھ دور نہیں★ ﴿89﴾

the fate similar to that of the people of Nūh (Noah) or of Hūd or of Sālih (Saleh), and the people of Lūt (Lot) are not far off from you!

وَاسْتَغْفِرُوا رَبَّكُمْ ثُمَّ تُوبُوٓا إِلَيْهِ ۚ إِنَّ رَبِّي رَحِيمٌ وَدُودٌ ﴿90﴾

اور تم اپنے رب سے بخشش مانگو، پھر اسی کی طرف توبہ کرو، بے شک میرا رب بڑا رحم کرنے والا، نہایت محبت کرنے والا ہے ﴿90﴾

90. "And ask forgiveness of your Lord and turn to Him in repentance. Verily, my Lord is Most Merciful, Most Loving."

قَالُوا يَٰشُعَيْبُ مَا نَفْقَهُ كَثِيرًا مِّمَّا تَقُولُ وَإِنَّا لَنَرَىٰكَ فِينَا ضَعِيفًا ۖ وَلَوْلَا رَهْطُكَ لَرَجَمْنَٰكَ ۖ وَمَآ أَنتَ عَلَيْنَا بِعَزِيزٍ ﴿91﴾

انھوں نے کہا: اے شعیب! جو تو کہتا ہے، ہم اس میں سے بہت کچھ نہیں سمجھتے اور بے شک ہم تجھے اپنے درمیان کمزور دیکھتے ہیں۔ اور اگر تیرا قبیلہ نہ ہوتا تو ہم یقیناً تجھے سنگسار کر دیتے، اور تو ہم پر کوئی غلبہ نہیں رکھتا ﴿91﴾

91. They said: "O Shu'aib! We do not understand much of what you say, and we see you weak (it is said that he was a blind man) among us. Were it not for your family, we should certainly have stoned you and you are not powerful against us."

قَالَ يَٰقَوْمِ أَرَهْطِيٓ أَعَزُّ عَلَيْكُم مِّنَ اللَّهِ وَاتَّخَذْتُمُوهُ وَرَآءَكُمْ ظِهْرِيًّا ۖ إِنَّ رَبِّي بِمَا تَعْمَلُونَ مُحِيطٌ ﴿92﴾

شعیب نے کہا: اے میری قوم! کیا میرا قبیلہ تم پر اللہ سے زیادہ دباؤ والا ہے؟ اور تم نے اس (اللہ) کو اپنی پیٹھ پیچھے ڈال رکھا ہے۔ بے شک تم جو عمل کرتے ہو میرا رب انھیں گھیرنے والا ہے ﴿92﴾

92. He said: "O my people! Is then my family of more weight with you than Allāh? And you have cast Him away behind your backs. Verily, my Lord is surrounding all that you do.

وَيَٰقَوْمِ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ إِنِّي عَٰمِلٌ ۖ سَوْفَ تَعْلَمُونَ مَن يَأْتِيهِ عَذَابٌ يُخْزِيهِ وَمَنْ هُوَ كَٰذِبٌ ۖ وَارْتَقِبُوٓا إِنِّي مَعَكُمْ رَقِيبٌ ﴿93﴾

اور اے میری قوم! تم اپنی جگہ عمل کرو، بے شک میں بھی عمل کر رہا ہوں۔ جلد تم جان لو گے کہ کس پر رسوا کن عذاب آتا ہے اور کون جھوٹا ہے۔ اور تم انتظار کرو، بے شک میں بھی تمھارے ساتھ منتظر ہوں ﴿93﴾

93. "And O my people! Act according to your ability and way, and I am acting (on my way). You will come to know who it is on whom descends the torment that will cover him with ignominy, and who is a liar! And watch you! Verily, I too am watching with you."

وَلَمَّا جَآءَ أَمْرُنَا نَجَّيْنَا شُعَيْبًا وَالَّذِينَ ءَامَنُوا مَعَهُ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَأَخَذَتِ الَّذِينَ ظَلَمُوا الصَّيْحَةُ فَأَصْبَحُوا فِي دِيَٰرِهِمْ جَٰثِمِينَ ﴿94﴾

اور جب ہمارا حکم (عذاب) آیا تو ہم نے نجات دی شعیب کو اور اس کے ساتھ ایمان لانے والوں کو اپنی رحمت سے، اور جن لوگوں نے ظلم کیا تھا انھیں زبردست چیخ نے آ پکڑا تو وہ اپنے گھروں میں اوندھے پڑے رہ گئے ﴿94﴾

94. And when Our Commandment came, We saved Shu'aib and those who believed with him by a mercy from Us. And *As-Saihah* (torment — awful cry) seized the wrong doers, and they lay (dead) prostrate in their homes.

كَأَن لَّمْ يَغْنَوْا فِيهَآ ۗ أَلَا بُعْدًا لِّمَدْيَنَ كَمَا بَعِدَتْ ثَمُودُ ﴿95﴾ ع 8 12 8

جیسے وہ ان میں کبھی بسے ہی نہ تھے۔ سنو! پھٹکار ہے (اہل) مدین پر جیسے ثمود پر پھٹکار پڑی ﴿95﴾

95. As if they had never lived there! So away with Madyan (Midian) as away with Thamūd!

★ بقیہ حاشیہ: ہود، آیت: 89.

① یعنی علیحدگی، عداوت، غصہ اور مخالفت وغیرہ۔ تمہارا اللہ تعالیٰ کی وحدانیت پر ایمان سے انکار اور بت پرستی کرنا اور تمہارا لوگوں کو (ان کی اشیا میں) دھوکا دینا اور تمہارا لوگوں کو (اشیا) ناپ تول میں کمی کر کے دینا وغیرہ (اس بات کا باعث نہ ہو جائے کہ تم پر بھی وہی عذاب آ جائے جو نوح، ہود، یا صالح، اور لوط علیہم السلام کی قوموں پر آیا تھا۔)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

(All these nations were destroyed).

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ
مُّبِينٍ ﴿96﴾

اور البتہ تحقیق ہم نے موسیٰ کو اپنی آیات اور واضح دلیل کے ساتھ بھیجا﴿96﴾

96. And indeed We sent Mūsā (Moses) with Our *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc.) and a manifest authority,

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَاتَّبَعُوا أَمْرَ
فِرْعَوْنَ ۖ وَمَا أَمْرُ فِرْعَوْنَ بِرَشِيدٍ ﴿97﴾

فرعون اور اس (کی قوم) کے سرداروں کی طرف، پھر انھوں نے فرعون کے حکم کی اتباع کی، اور فرعون کا حکم کوئی رشد و بھلائی والا نہیں تھا﴿97﴾

97. To Fir'aun (Pharaoh) and his chiefs, but they followed the command of Fir'aun (Pharaoh), and the command of Fir'aun (Pharaoh) was no right guide.

يَقْدُمُ قَوْمَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَأَوْرَدَهُمُ النَّارَ ۖ
وَبِئْسَ الْوِرْدُ الْمَوْرُودُ ﴿98﴾

وہ قیامت کے دن اپنی قوم کے آگے آگے ہوگا، پھر انھیں آگ میں جا داخل کرے گا، اور برا ہے وہ گھاٹ جس پر (پینے کے لیے) آیا جائے﴿98﴾

98. He will go ahead of his people on the Day of Resurrection, and will lead them into the Fire, and evil indeed is the place to which they are led.

وَأُتْبِعُوا فِي هَٰذِهِ لَعْنَةً وَيَوْمَ
الْقِيَامَةِ ۚ بِئْسَ الرِّفْدُ الْمَرْفُودُ ﴿99﴾

اور اس (دنیا) میں بھی لعنت ان کے پیچھے لگا دی گئی اور قیامت کے دن بھی، اور برا ہے وہ انعام جو دیا جائے﴿99﴾

99. They were pursued by a curse in this (deceiving life of this world) and (so they will be pursued by a curse) on the Day of Resurrection. Evil indeed is the gift given [i.e., the curse (in this world) pursued by another curse (in the Hereafter)].

ذَٰلِكَ مِنْ أَنبَاءِ الْقُرَىٰ نَقُصُّهُ عَلَيْكَ ۖ
مِنْهَا قَائِمٌ وَحَصِيدٌ ﴿100﴾

(اے نبی!) یہ کچھ خبریں ان (تباہ شدہ) بستیوں کی ہیں جو ہم آپ کو سناتے ہیں۔ ان میں سے کچھ تو قائم ہیں اور کچھ تہس نہس کر دی گئیں﴿100﴾

100. That is some of the news of the (population of) towns which We relate to you (O Muhammad ﷺ); of them, some are (still) standing, and some have been (already) reaped.

وَمَا ظَلَمْنَاهُمْ وَلَٰكِن ظَلَمُوا أَنفُسَهُمْ
فَمَا أَغْنَتْ عَنْهُمْ آلِهَتُهُمُ الَّتِي يَدْعُونَ
مِن دُونِ اللَّهِ مِن شَيْءٍ لَّمَّا جَاءَ أَمْرُ
رَبِّكَ ۖ وَمَا زَادُوهُمْ غَيْرَ تَتْبِيبٍ ﴿101﴾

اور ہم نے ان پر ظلم نہیں کیا لیکن انھوں نے (خود ہی) اپنے آپ پر ظلم کیا تھا، تو ان کے وہ معبود جنھیں وہ اللہ کے سوا پکارتے تھے ان کے کسی کام نہ آئے، جب آپ کے رب کا حکم (عذاب) آ پہنچا بلکہ انھوں نے ان کو تباہی میں ہی زیادہ کیا﴿101﴾

101. We wronged them not, but they wronged themselves. So their *āliha* (gods), other than Allāh, whom they invoked, profited them naught when there came the Command of your Lord, nor did they add aught to them but destruction.

وَكَذَٰلِكَ أَخْذُ رَبِّكَ إِذَا أَخَذَ الْقُرَىٰ وَهِيَ
ظَالِمَةٌ ۚ إِنَّ أَخْذَهُ أَلِيمٌ شَدِيدٌ ﴿102﴾

اور (اے نبی!) آپ کے رب کی پکڑ ایسی ہی ہے جب وہ بستیوں کو پکڑتا ہے جبکہ وہ ظالم ہوتی ہیں۔ بے شک اس کی پکڑ نہایت دردناک (اور) شدید ہے ★①﴿102﴾

102. Such is the Seizure of your Lord when He seizes the (population of) towns while they are doing wrong. Verily, His Seizure is painful (and) severe.[1]

[1] (V.11:102) Narrated Abu Mūsā رضي الله عنه: Allāh's Messenger ﷺ said, "Allāh gives respite to a *Zālim* (polytheist, wrong doer, oppressor), but when He seizes (catches) him, He never releases him." Then he recited: "Such is the Seizure of your Lord when He seizes the (population of) towns while they are doing wrong: Verily, His Seizure is painful (and) severe." [*Sahih Al-Bukhari*, 6/4686 (O.P.208)]

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً لِّمَنْ خَافَ عَذَابَ الْآخِرَةِ ۚ ذَٰلِكَ يَوْمٌ مَّجْمُوعٌ لَّهُ النَّاسُ وَذَٰلِكَ يَوْمٌ مَّشْهُودٌ ﴿١٠٣﴾

بے شک اس میں اس شخص کے لیے یقیناً نشان (عبرت) ہے جو عذاب آخرت سے ڈر گیا۔ وہ (یوم آخرت) ایسا دن ہے جس میں سب لوگ جمع کیے جائیں گے، اور وہ ایسا دن ہے جب (سب) حاضر کیے جائیں گے ﴿103﴾

103. Indeed in that (there) is a sure lesson for those who fear the torment of the Hereafter. That is a Day whereon mankind will be gathered together, and that is a Day when all (the dwellers of the heavens and the earth) will be present.

وَمَا نُؤَخِّرُهُ إِلَّا لِأَجَلٍ مَّعْدُودٍ ﴿١٠٤﴾

اور صرف ہم ایک مقرر وقت تک ہی اس میں تاخیر کر رہے ہیں ﴿104﴾

104. And We delay it only for a term (already) fixed.

يَوْمَ يَأْتِ لَا تَكَلَّمُ نَفْسٌ إِلَّا بِإِذْنِهِ ۚ فَمِنْهُمْ شَقِيٌّ وَسَعِيدٌ ﴿١٠٥﴾

(جب) وہ دن آجائے گا تو کوئی نفس اللہ کے اذن کے بغیر کلام نہیں کر سکے گا، پھر ان میں سے کوئی تو بد بخت ہوگا اور کوئی نیک بخت ﴿105﴾

105. On the Day when it comes, no person shall speak except by His (Allāh's) Leave. Some among them will be wretched and (others) blessed.

فَأَمَّا الَّذِينَ شَقُوا فَفِي النَّارِ لَهُمْ فِيهَا زَفِيرٌ وَشَهِيقٌ ﴿١٠٦﴾

چنانچہ جو لوگ بد بخت ہوں گے تو (وہ) آگ میں ہوں گے، ان کے لیے اس (آگ) میں بس چیخنا چلانا اور دھاڑنا ہوگا ﴿106﴾

106. As for those who are wretched, they will be in the Fire, sighing in a high and low tone.

خَالِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ إِلَّا مَا شَاءَ رَبُّكَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيدُ ﴿١٠٧﴾

وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے جب تک آسمان اور زمین (باقی) رہیں گے، مگر یہ کہ آپ کا رب (کچھ اور) چاہے۔ بے شک آپ کا رب جو چاہے اسے کر گزرنے والا ہے ﴿107﴾

107. They will dwell therein for all the time that the heavens and the earth endure, except as your Lord wills. Verily, your Lord is the Doer of whatsoever He intends (or wills).

وَأَمَّا الَّذِينَ سُعِدُوا فَفِي الْجَنَّةِ خَالِدِينَ فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمَاوَاتُ وَالْأَرْضُ إِلَّا مَا شَاءَ رَبُّكَ ۖ عَطَاءً غَيْرَ مَجْذُوذٍ ﴿١٠٨﴾

اور لیکن جو نیک بخت بنائے گئے ہوں گے تو (وہ) جنت میں ہوں گے، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے جب تک آسمان اور زمین (باقی) رہیں گے مگر یہ کہ آپ کا رب (کچھ اور) چاہے، (یہ اللہ کا) نہ ختم ہونے والا انعام ہے ﴿108﴾

108. And those who are blessed, they will be in Paradise, abiding therein for all the time that the heavens and the earth endure, except as your Lord wills: a gift without an end.

فَلَا تَكُ فِي مِرْيَةٍ مِّمَّا يَعْبُدُ هَٰؤُلَاءِ ۚ مَا يَعْبُدُونَ إِلَّا كَمَا يَعْبُدُ آبَاؤُهُم مِّن قَبْلُ ۚ وَإِنَّا لَمُوَفُّوهُمْ نَصِيبَهُمْ غَيْرَ مَنقُوصٍ ﴿١٠٩﴾ ع 9 14 9

چنانچہ آپ ان کے متعلق تردد میں نہ پڑیں جن کی یہ لوگ عبادت کرتے ہیں، یہ لوگ تو ویسے ہی عبادت کرتے ہیں جیسے اس سے پہلے ان کے باپ دادا عبادت کرتے تھے، اور بے شک ہم انھیں ان کا حصہ بغیر کسی کمی کے پورا پورا دیں گے ﴿109﴾

109. So be not in doubt (O Muhammad ﷺ) as to what these people (pagans and polytheists) worship. They worship nothing but what their fathers worshipped before (them). And verily, We shall repay them in full their portion without diminution.

وَلَقَدْ آتَيْنَا مُوسَى الْكِتَابَ فَاخْتُلِفَ

اور البتہ تحقیق ہم نے موسیٰ کو کتاب دی تو اس میں

110. Indeed, We gave the Book

★ بقیہ حاشیہ: ہود، آیت: 102.

① رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ ظالم (مشرک، گناہ گار، ستمگر وغیرہ) کو ڈھیل دیتا رہتا ہے لیکن جب اسے پکڑ لیتا ہے تو اسے چھوڑتا نہیں ہے۔" ابو موسیٰ ؓ کہتے ہیں: اس کے بعد نبی ﷺ نے یہ آیت: (11/102) تلاوت فرمائی۔ (صحیح البخاری، التفسیر، باب: 5 حدیث: 4686)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فِيهِ ۚ وَلَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِن رَّبِّكَ لَقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۚ وَإِنَّهُمْ لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ ﴿١١٠﴾

اختلاف کیا گیا اور اگر نہ ہوتی ایک بات جو آپ کے رب کی طرف سے پہلے (طے) ہو چکی ہے تو ان کے درمیان ضرور فیصلہ کر دیا جاتا اور بلاشبہ وہ اس کے متعلق البتہ بے چین کرنے والے شک میں ہیں ﴿١١٠﴾

to Mūsā (Moses), but differences arose therein, and had it not been for a Word that had gone forth before from your Lord, the case would have been judged between them, and indeed they are in grave doubt concerning it (this Qur'ān).

وَإِنَّ كُلًّا لَّمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ رَبُّكَ أَعْمَالَهُمْ ۚ إِنَّهُ بِمَا يَعْمَلُونَ خَبِيرٌ ﴿١١١﴾

اور بے شک آپ کا رب ضرور ہر ایک کو ان کے اعمال کی پوری پوری جزا دے گا۔ بے شک وہ جو عمل کرتے ہیں اللہ ان سے خوب باخبر ہے ﴿١١١﴾

111. And verily, to each of them your Lord will repay their works in full. Surely, He is All-Acquainted with what they do.

فَاسْتَقِمْ كَمَا أُمِرْتَ وَمَن تَابَ مَعَكَ وَلَا تَطْغَوْا ۚ إِنَّهُ بِمَا تَعْمَلُونَ بَصِيرٌ ﴿١١٢﴾

چنانچہ (اے نبی!) آپ ثابت قدم رہیں جس طرح آپ کو حکم دیا گیا ہے اور وہ لوگ بھی جنھوں نے آپ کے ساتھ توبہ کی (ایمان لائے) اور تم سرکشی نہ کرو، بے شک تم جو عمل کرتے ہو وہ (اللہ) انھیں دیکھ رہا ہے ﴿١١٢﴾

112. So stand (ask Allāh to make) you (Muhammad ﷺ) firm and straight (on the religion of Islāmic Monotheism) as you are commanded and those (your companions) who turn in repentance (to Allāh) with you, and transgress not (Allāh's legal limits). Verily, He is All-Seer of what you do.

وَلَا تَرْكَنُوا إِلَى الَّذِينَ ظَلَمُوا فَتَمَسَّكُمُ النَّارُ وَمَا لَكُم مِّن دُونِ اللَّهِ مِنْ أَوْلِيَاءَ ثُمَّ لَا تُنصَرُونَ ﴿١١٣﴾

اور تم ان لوگوں کی طرف نہ جھکو① جنھوں نے ظلم کیا، ورنہ تمھیں آگ چھوئے گی، اور تمھارے لیے اللہ کے سوا کوئی دوست نہ ہوگا، پھر تمھاری مدد نہ کی جائے گی ﴿١١٣﴾

113. And incline not toward those who do wrong, lest the Fire should touch you, and you have no protectors other than Allāh, nor you would then be helped.[1]

وَأَقِمِ الصَّلَاةَ طَرَفَيِ النَّهَارِ وَزُلَفًا مِّنَ اللَّيْلِ ۚ إِنَّ الْحَسَنَاتِ يُذْهِبْنَ السَّيِّئَاتِ ۚ ذَٰلِكَ ذِكْرَىٰ لِلذَّاكِرِينَ ﴿١١٤﴾

اور آپ نماز قائم کریں دن کی دونوں طرفوں (صبح و شام) اور رات کی کچھ گھڑیوں میں، بے شک نیکیاں برائیوں کو لے جاتی ہیں② یہ (اللہ کا) ذکر کرنے والوں کے لیے نصیحت ہے ﴿١١٤﴾ ★

114. And perform *As-Salāt* (the prayers), at the two ends of the day and in some hours of the night [i.e. the five compulsory *Salāt* (prayers)]. Verily, the good

---

[1] (V.11:113) The sin of the person who gives refuge or helps a person who innovates an heresy (in the religion) or commits sins. This has been narrated by 'Ali رضي الله عنه on the authority of the Prophet ﷺ.
Narrated 'Āsim: I said to Anas, "Did Allāh's Messenger ﷺ make Al-Madinah a sanctuary?" He replied, "Yes, Al-Madinah is a sanctuary from such and such place to such and such place. It is forbidden to cut its trees, and whoever innovates a heresy in it or commits a sin therein, will incur the Curse of Allāh, the angels, and all the people," Then Mūsā bin Anas told me that Anas added, "... or gives refuge to such a heretic or a sinner..." [*Sahih Al-Bukhari*, 9/7306 (O.P.409)}

① یعنی نہ ان سے دوستانہ تعلق رکھنا اور نہ ان کی مدد کرنا اور اسی میں وہ لوگ بھی آجاتے ہیں جو دین میں بدعات ایجاد کر کے دین پر اور لوگوں پر ظلم کرتے ہیں جیسے رسول اللہ ﷺ کی یہ حدیث عاصم رحمہ اللہ روایت کرتے ہیں: میں نے انس رضی اللہ عنہ سے پوچھا: کیا رسول اللہ ﷺ نے مدینے کو بھی حرم قرار دیا ہے؟ انہوں نے فرمایا: ''ہاں! مدینہ بھی حرم ہے، فلاں جگہ سے فلاں جگہ تک، اس کے درخت کاٹنا حرام ہے اور جو کوئی یہاں کسی بدعت کو جاری (ایجاد) کرے گا تو وہ اللہ، فرشتوں اور تمام انسانوں کی لعنت کا سزاوار ہوگا۔'' عاصم رحمہ اللہ کا بیان ہے: موسیٰ بن انس نے مجھے بتایا: انس رضی اللہ عنہ نے یہ بھی فرمایا: ''یا کسی بدعتی (دین میں اپنی طرف سے اضافہ کرنے والے) کو پناہ دے۔'' (صحيح البخاري، الاعتصام، باب: 6 حدیث: 7306)

② یعنی چھوٹی موٹی برائیوں کو۔ جیسے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: ایک شخص نے ایک عورت کا بوسہ لے لیا اور پھر رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو گیا اور آپ سے اس کا ذکر کیا۔ چنانچہ نبی ﷺ پر یہ آیت نازل ہوئی: ''اور نماز قائم کرو! دن کے دونوں سروں پر اور کچھ رات گزرنے پر (پانچ فرض نمازیں پڑھو!) یقیناً نیکیاں برائیوں (صغیرہ گناہوں) کو دور کر

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

deeds remove the evil deeds (i.e. small sins). That is a reminder (an advice) for the mindful (those who accept advice).[1]

115. And be patient; verily, Allāh wastes not the reward of the good-doers.

اور آپ صبر کریں، بے شک اللہ نیکی کرنے والوں کا اجر ضائع نہیں کرتا ﴿١١٥﴾

وَاصْبِرْ فَإِنَّ اللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجْرَ الْمُحْسِنِينَ ﴿١١٥﴾

116. If only there had been among the generations before you persons having wisdom, prohibiting (others) from *Al-Fasād* (disbelief, polytheism, and all kinds of crimes and sins) in the earth, except a few of those whom We saved from among them! Those who did wrong pursued the enjoyment of good things of (this worldly) life, and were *Mujrimūn* (criminals, disbelievers in Allāh, polytheists, sinners).

پھر ان امتوں میں، جو تم سے پہلے گزریں، ایسے عقل و بصیرت والے کیوں نہ ہوئے جو زمین میں (لوگوں کو) فساد (پھیلانے) سے روکتے مگر تھوڑے ہی ان میں سے جنھیں ہم نے نجات دی اور جن لوگوں نے ظلم کیا وہ ان چیزوں کے پیچھے لگے رہے جن میں وہ (ظالم) آسودگی دیے گئے تھے، اور وہ مجرم تھے ﴿١١٦﴾

فَلَوْلَا كَانَ مِنَ الْقُرُونِ مِن قَبْلِكُمْ أُولُوا بَقِيَّةٍ يَنْهَوْنَ عَنِ الْفَسَادِ فِي الْأَرْضِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّنْ أَنجَيْنَا مِنْهُمْ ۗ وَاتَّبَعَ الَّذِينَ ظَلَمُوا مَا أُتْرِفُوا فِيهِ وَكَانُوا مُجْرِمِينَ ﴿١١٦﴾

117. And your Lord would never destroy the towns wrongfully, while their people were right doers.

اور آپ کا رب ایسا نہیں کہ وہ بستیوں کو ظلم کے ساتھ ہلاک کرے جبکہ ان کے باشندے اصلاح کرنے والے ہوں ﴿١١٧﴾

وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهْلِكَ الْقُرَىٰ بِظُلْمٍ وَأَهْلُهَا مُصْلِحُونَ ﴿١١٧﴾

118. And if your Lord had so willed, He could surely have made mankind one *Ummah* [nation or community (following one religion, i.e., Islām)], but they will not cease to disagree.

اور اگر آپ کا رب چاہتا تو یقیناً تمام لوگوں کو ایک ہی امت بنا دیتا، لیکن وہ ہمیشہ (باہم) اختلاف کرتے رہیں گے ﴿١١٨﴾

وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ أُمَّةً وَاحِدَةً ۖ وَلَا يَزَالُونَ مُخْتَلِفِينَ ﴿١١٨﴾

119. Except him on whom your Lord has bestowed His Mercy

سوائے ان لوگوں کے جن پر آپ کے رب نے رحم

إِلَّا مَن رَّحِمَ رَبُّكَ ۚ وَلِذَٰلِكَ خَلَقَهُمْ ۗ

★ بقیہ حاشیہ: ہود، آیت: 114.

دیتی ہیں......" اس شخص نے عرض کیا: کیا یہ حکم صرف میرے لیے ہے؟ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "یہ میرے ان تمام امتیوں کے لیے ہے جو ایسا کر بیٹھیں (جنھیں ایسی صورت حال پیش آ جائے۔")(صحیح البخاري، التفسیر، باب: 6 حدیث: 4687)

---

[1] (V.11:114)

A) Narrated Ibn Mas'ūd رضي الله عنه: A man kissed a woman and then came to Allāh's Messenger ﷺ and told him of that. So this Divine Revelation was revealed to the Prophet ﷺ:- "And perform *As-Salāt* (the prayers) at the two ends of the day, and in some hours of the night; [i.e. the five compulsory *Salāt* (prayers)]. Verily, the good deeds remove the evil deeds (small sins). That is a reminder for the mindful." (V.11:114). The man said, "Is this instruction for me only?" The Prophet ﷺ said, "It is for all those of my followers who encounter a similar situation."

[*Sahih Al-Bukhari*, 6/4687 (O.P.209)]

B) Narrated Abu Dhar رضي الله عنه : Allāh's Messenger ﷺ said to me: "(a) Be afraid of Allāh and keep your duty to him wherever you may be. (b) And follow up the evil deeds with the good deeds, (verily) the good deeds remove (blot out) the evil deeds. (c) And (treat) behave with the people in a high standard of character." (This *Hadith* is quoted by *At-Tirmidhi*).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَتَمَّتْ كَلِمَةُ رَبِّكَ لَأَمْلَـَٔنَّ جَهَنَّمَ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ ﴿119﴾

کیا، اور اسی لیے اس نے انھیں پیدا کیا، اور آپ کے رب کی بات پوری ہوئی کہ میں جہنم کو جنوں اور انسانوں، سب سے ضرور بھروں گا﴿119﴾

(the follower of truth — Islāmic Monotheism) and for that[1] did He create them. And the Word of your Lord has been fulfilled (i.e. His Saying): "Surely, I shall fill Hell with jinn and men all together."

وَكُلًّا نَّقُصُّ عَلَيْكَ مِنْ أَنۢبَآءِ الرُّسُلِ مَا نُثَبِّتُ بِهِۦ فُؤَادَكَ ۚ وَجَآءَكَ فِى هَـٰذِهِ الْحَقُّ وَمَوْعِظَةٌ وَذِكْرَىٰ لِلْمُؤْمِنِينَ ﴿120﴾

اور ہم رسولوں کی خبروں میں سے آپ کو وہ (خبر) سناتے ہیں جس سے ہم آپ کا دل مضبوط رکھتے ہیں، اور اس (سورت) میں آپ کے پاس حق آ گیا اور مومنوں کے لیے نصیحت اور یاد دہانی بھی﴿120﴾

120. And all that We relate to you (O Muhammad ﷺ) of the news of the Messengers is in order that We may make strong and firm your heart thereby. And in this (chapter of the Qur'ān) has come to you the truth, as well as an admonition and a reminder for the believers.

وَقُل لِّلَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ اعْمَلُوا عَلَىٰ مَكَانَتِكُمْ ۖ إِنَّا عَـٰمِلُونَ ﴿121﴾

اور آپ ان لوگوں سے کہہ دیجیے جو ایمان نہیں لاتے: تم اپنی جگہ عمل کرو، بے شک ہم بھی عمل کرنے والے ہیں﴿121﴾

121. And say to those who do not believe: "Act according to your ability and way, We are acting (in our way).

وَانتَظِرُوٓا ۖ إِنَّا مُنتَظِرُونَ ﴿122﴾

اور تم انتظار کرو، بے شک ہم بھی انتظار کرنے والے ہیں﴿122﴾

122. "And you wait ! We (too) are waiting."

وَلِلَّهِ غَيْبُ السَّمَـٰوَٰتِ وَالْأَرْضِ وَإِلَيْهِ يُرْجَعُ الْأَمْرُ كُلُّهُۥ فَاعْبُدْهُ وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ ۚ وَمَا رَبُّكَ بِغَـٰفِلٍ عَمَّا تَعْمَلُونَ ﴿123﴾ 10 ع 14 10

اور اللہ ہی کے لیے ہے آسمانوں اور زمین کا غیب، اور سب کام اسی کی طرف لوٹائے جاتے ہیں، چنانچہ آپ اسی کی عبادت کریں اور اسی پر توکل کریں، اور آپ کا رب اس سے غافل نہیں جو تم عمل کرتے ہو﴿123﴾

123. And to Allāh belongs the *Ghaib* (Unseen) of the heavens and the earth, and to Him return all affairs (for decision). So worship Him (O Muhammad ﷺ) and put your trust in Him. And your Lord is not unaware of what you (people) do.

سُورَةُ يُوسُفَ مَكِّيَّةٌ — آياتها 111 (12) (53) ركوعاتها 12

سورۂ یوسف

Sūrat Yūsuf [(Prophet) Joseph] 12

بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمَـٰنِ الرَّحِيمِ

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

الٓر ۚ تِلْكَ ءَايَـٰتُ الْكِتَـٰبِ الْمُبِينِ ﴿1﴾

الٓر، یہ واضح کتاب کی آیات ہیں﴿1﴾

1. *Alif-Lām-Rā.* [These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.] These are the Verses of the Clear Book (the Qur'ān that makes clear the legal and illegal things, legal laws, a guidance and a blessing).

[1] (V.11:119) i.e. to show mercy to the good-doers, the blessed ones who are destined to Paradise, and not to show mercy to the evildoers, the wretched ones who are destined to Hell. [This is the statement of Ibn Abbas رضي الله عنهما, as quoted in *Tafsir Qurtubi*]

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

إِنَّآ أَنزَلْنَٰهُ قُرْءَٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ
تَعْقِلُونَ ②

بے شک ہم نے اسے عربی قرآن نازل کیا تاکہ تم سمجھو②

2. Verily, We have sent it down as an Arabic Qur'ān in order that you may understand.

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ ٱلْقَصَصِ
بِمَآ أَوْحَيْنَآ إِلَيْكَ هَٰذَا ٱلْقُرْءَانَ ۖ وَإِن
كُنتَ مِن قَبْلِهِۦ لَمِنَ ٱلْغَٰفِلِينَ ③

(اے نبی!) آپ کی طرف یہ قرآن وحی کر کے ہم آپ کو ایک بہترین داستان سناتے ہیں جبکہ یقیناً اس سے پہلے آپ بے خبروں میں سے تھے③

3. We relate to you (Muhammad ﷺ) the best of stories through Our Revelations to you, of this Qur'ān. And before this (i.e. before the coming of Divine Revelation to you), you were among those who knew nothing about it (the Qur'ān).

إِذْ قَالَ يُوسُفُ لِأَبِيهِ يَٰٓأَبَتِ إِنِّى رَأَيْتُ
أَحَدَ عَشَرَ كَوْكَبًا وَٱلشَّمْسَ وَٱلْقَمَرَ رَأَيْتُهُمْ
لِى سَٰجِدِينَ ④

جب یوسف نے اپنے باپ سے کہا: اے میرے ابا جان! بے شک میں نے (خواب میں) دیکھا ہے کہ گیارہ ستارے، سورج اور چاند میں نے انھیں دیکھا کہ مجھے سجدہ کر رہے ہیں④

4. (Remember) when Yūsuf (Joseph) said to his father: "O my father! Verily, I saw (in a dream) eleven stars and the sun and the moon — I saw them prostrating themselves to me."

قَالَ يَٰبُنَىَّ لَا تَقْصُصْ رُءْيَاكَ عَلَىٰٓ
إِخْوَتِكَ فَيَكِيدُوا۟ لَكَ كَيْدًا ۖ إِنَّ
ٱلشَّيْطَٰنَ لِلْإِنسَٰنِ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ⑤

اس (یعقوب) نے کہا: میرے پیارے بیٹے! اپنا خواب اپنے بھائیوں کو نہ سنانا، ورنہ وہ تیرے لیے کوئی (بری) تدبیر کریں گے، بے شک شیطان انسان کا کھلا دشمن ہے⑤

5. He (the father) said: "O my son! Relate not your vision to your brothers, lest they should arrange a plot against you. Verily, *Shaitān* (Satan) is to man an open enemy!

وَكَذَٰلِكَ يَجْتَبِيكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ مِن
تَأْوِيلِ ٱلْأَحَادِيثِ وَيُتِمُّ نِعْمَتَهُۥ
عَلَيْكَ وَعَلَىٰٓ ءَالِ يَعْقُوبَ كَمَآ أَتَمَّهَا
عَلَىٰٓ أَبَوَيْكَ مِن قَبْلُ إِبْرَٰهِيمَ
ع 1 6 11 وَإِسْحَٰقَ ۚ إِنَّ رَبَّكَ عَلِيمٌ حَكِيمٌ ⑥

اور اسی طرح تیرا رب تجھے ممتاز (مقام عطا) کرے گا اور تجھے باتوں کی اصل حقیقت سمجھنے میں سے کچھ سکھائے گا، اور تجھ پر اور آل یعقوب پر اپنی نعمت پوری کرے گا جس طرح اس نے اس سے پہلے اسے تیرے باپ، دادا ابراہیم اور اسحاق پر پورا کیا تھا، بے شک تیرا رب خوب جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے⑥

6. "Thus will your Lord choose you and teach you the interpretation of dreams (and other things) and perfect His Favour on you and on the offspring of Ya'qūb (Jacob), as He perfected it on your fathers, Ibrāhīm (Abraham) and Ishāq (Isaac) aforetime! Verily, your Lord is All-Knowing, All-Wise."

لَّقَدْ كَانَ فِى يُوسُفَ وَإِخْوَتِهِۦٓ ءَايَٰتٌ
لِّلسَّآئِلِينَ ⑦

البتہ تحقیق یوسف اور اس کے بھائیوں (کے واقعے) میں سائلوں کے لیے نشانیاں ہیں⑦

7. Verily, in Yūsuf (Joseph) and his brethren, there were *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc.) for those who ask.

إِذْ قَالُوا۟ لَيُوسُفُ وَأَخُوهُ أَحَبُّ إِلَىٰٓ أَبِينَا
مِنَّا وَنَحْنُ عُصْبَةٌ ۚ إِنَّ أَبَانَا لَفِى
ضَلَٰلٍ مُّبِينٍ ⑧

جب انھوں نے (آپس میں) کہا: یوسف اور اس کا بھائی (بنیامین) تو ہمارے باپ کو ہم سے زیادہ پیارے ہیں، حالانکہ ہم ایک (طاقتور) جماعت ہیں، بے شک ہمارا باپ البتہ واضح غلطی پر ہے⑧

8. When they said: "Truly, Yūsuf (Joseph) and his brother (Benjamin) are dearer to our father than we, while we are '*Usbah* (a strong group). Really, our father is in a plain error.

ٱقْتُلُوا۟ يُوسُفَ أَوِ ٱطْرَحُوهُ أَرْضًا يَخْلُ
لَكُمْ وَجْهُ أَبِيكُمْ وَتَكُونُوا۟ مِنۢ بَعْدِهِۦ
قَوْمًا صَٰلِحِينَ ⑨

تم یوسف کو قتل کر دو یا اسے کسی زمین میں پھینک دو کہ تمھارے باپ کا چہرہ تمھارے لیے خالی (مخصوص) ہو جائے، اور اس کے بعد تم نیک لوگ

9. "Kill Yūsuf (Joseph) or cast him out to some (other) land, so that the favour of your father may be given to you alone, and

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

بن جانا⑨

after that you will be a righteous folk (by intending repentance before committing the sin)."

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ لَا تَقْتُلُوْا يُوْسُفَ وَاَلْقُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ يَلْتَقِطْهُ بَعْضُ السَّيَّارَةِ اِنْ كُنْتُمْ فٰعِلِيْنَ ⑩

ان میں سے ایک کہنے والے نے کہا: تم یوسف کو قتل نہ کرو اور تم اسے کنویں کی تہ (گہرائی) میں ڈال دو کہ اسے کوئی مسافر اٹھا لے (جائے)، اگر تم (کچھ) کرنے ہی والے ہو⑩

10. One from among them said: "Kill not Yūsuf (Joseph), but if you must do something, throw him down to the bottom of a well; he will be picked up by some caravan of travellers."

قَالُوْا يٰٓاَبَانَا مَا لَكَ لَا تَاْمَنَّا عَلٰى يُوْسُفَ وَاِنَّا لَهٗ لَنٰصِحُوْنَ ⑪

انھوں نے کہا: اے ہمارے ابا جان! آپ کو کیا ہے کہ آپ ہم پر یوسف کی بابت اعتبار نہیں کرتے، حالانکہ یقیناً ہم اس کے خیرخواہ ہی ہیں⑪

11. They said: "O our father! Why do you not trust us with Yūsuf (Joseph) though we are indeed his well-wishers?"

اَرْسِلْهُ مَعَنَا غَدًا يَّرْتَعْ وَيَلْعَبْ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ⑫

آپ کل اسے ہمارے ساتھ بھیجیں کہ خوب (پھل) کھائے (پیے) اور کھیلے کودے اور ہم یقیناً اس کے محافظ ہیں⑫

12. "Send him with us tomorrow to enjoy himself and play, and verily, we will take care of him."

قَالَ اِنِّيْ لَيَحْزُنُنِيْٓ اَنْ تَذْهَبُوْا بِهٖ وَاَخَافُ اَنْ يَّاْكُلَهُ الذِّئْبُ وَاَنْتُمْ عَنْهُ غٰفِلُوْنَ ⑬

اس (یعقوب) نے کہا: بے شک مجھے تو یہ بات غمگین کیے دیتی ہے کہ تم اسے لے جاؤ، اور مجھے خوف آتا ہے کہ اسے بھیڑیا کھا جائے اور تم اس سے غافل ہو⑬

13. He [Ya'qūb (Jacob)] said: "Truly, it saddens me that you should take him away. I fear lest a wolf should devour him, while you are careless of him."

قَالُوْا لَئِنْ اَكَلَهُ الذِّئْبُ وَنَحْنُ عُصْبَةٌ اِنَّآ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ⑭

انھوں نے کہا: اگر اسے بھیڑیا کھا جائے، جبکہ ہم ایک (طاقتور) جماعت ہیں تو بلاشبہ ہم تو تب خسارہ پانے والے ہوئے⑭

14. They said: "If a wolf devours him, while we are *'Usbah* (a strong group to guard him), then surely, we are the losers."

فَلَمَّا ذَهَبُوْا بِهٖ وَاَجْمَعُوْٓا اَنْ يَّجْعَلُوْهُ فِيْ غَيٰبَتِ الْجُبِّ ۚ وَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ لَتُنَبِّئَنَّهُمْ بِاَمْرِهِمْ هٰذَا وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ⑮

پھر جب وہ اسے لے گئے اور انھوں نے طے کر لیا کہ اسے کنویں کی تہ میں ڈال دیں، تب ہم نے یوسف کی طرف وحی بھیجی کہ تو انھیں ان کا یہ کام ضرور بتائے گا جبکہ وہ نہیں سمجھتے ہوں گے⑮

15. So, when they took him away, they all agreed to throw him down to the bottom of the well, and We revealed to him: "Indeed, you shall (one day) inform them of this their affair, when they know (you) not."

وَجَآءُوْٓ اَبَاهُمْ عِشَآءً يَّبْكُوْنَ ⑯

اور وہ اپنے باپ کے پاس عشاء کے وقت روتے ہوئے آئے⑯

16. And they came to their father in the early part of the night weeping.

قَالُوْا يٰٓاَبَانَآ اِنَّا ذَهَبْنَا نَسْتَبِقُ وَتَرَكْنَا يُوْسُفَ عِنْدَ مَتَاعِنَا فَاَكَلَهُ الذِّئْبُ ۚ وَمَآ اَنْتَ بِمُؤْمِنٍ لَّنَا وَلَوْ كُنَّا صٰدِقِيْنَ ⑰

انھوں نے کہا: اے ہمارے ابا جان! بے شک ہم دوڑ کا مقابلہ کرنے لگے تھے اور یوسف کو اپنے سامان کے پاس چھوڑ دیا تھا تو اسے بھیڑیا کھا گیا، اور آپ ہماری بات کا یقین کرنے والے نہیں اگرچہ ہم سچے ہی ہوں⑰

17. They said: "O our father! We went racing with one another, and left Yūsuf (Joseph) by our belongings and a wolf devoured him; but you will never believe us even when we speak the truth."

وَجَآءُوْ عَلٰى قَمِيْصِهٖ بِدَمٍ كَذِبٍ ۭ قَالَ بَلْ سَوَّلَتْ لَكُمْ اَنْفُسُكُمْ اَمْرًا ۭ فَصَبْرٌ جَمِيْلٌ ۭ

اور وہ اس کی قمیص پر جھوٹ موٹ کا خون بھی لگا لائے، اس (یعقوب) نے کہا: (حقیقت یہ نہیں) بلکہ

18. And they brought his shirt stained with false blood. He said:

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ﴿18﴾

تمھارے نفسوں نے تمھارے لیے ایک (بری) بات آراستہ کر دی ہے، لہٰذا صبر ہی بہتر ہے اور اس پر اللہ ہی سے مدد مطلوب ہے جو تم بیان کرتے ہو﴿18﴾

"Nay, but your ownselves have made up a tale. So (for me) patience is most fitting. And it is Allāh (Alone) Whose Help can be sought against that (lie) which you describe."

وَجَآءَتْ سَيَّارَةٌ فَاَرْسَلُوْا وَارِدَهُمْ فَاَدْلٰى دَلْوَهٗ ۭ قَالَ يٰبُشْرٰى هٰذَا غُلٰمٌ ۭ وَاَسَرُّوْهُ بِضَاعَةً ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِمَا يَعْمَلُوْنَ ﴿19﴾

اور ایک قافلہ آیا، پھر انھوں نے اپنا پانی لانے والا بھیجا تو اس نے اپنا ڈول لٹکایا۔ وہ (دیکھتے ہی) پکار اٹھا: واہ خوشخبری ہے! یہ تو لڑکا ہے۔ اور انھوں نے اسے پونجی سمجھ کر چھپا لیا، اور اللہ اسے خوب جانتا تھا جو وہ کر رہے تھے﴿19﴾

19. And there came a caravan of travellers and they sent their water-drawer, and he let down his bucket (into the well). He said: "What a good news! Here is a boy." So they hid him as merchandise (a slave). And Allāh was All-Knower of what they did.

وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍۢ بَخْسٍ دَرَاهِمَ مَعْدُوْدَةٍ ۚ وَكَانُوْا فِيْهِ مِنَ الزّٰهِدِيْنَ ﴿20﴾ ع 2/14/12

اور انھوں نے اسے معمولی سی قیمت (یعنی) گنتی کے چند درہموں میں بیچ دیا، اور انھیں اس میں کوئی رغبت ہی نہ تھی﴿20﴾

20. And they sold him for a low price, — for a few dirhams (i.e. for a few silver coins). And they were of those who regarded him insignificant.

وَقَالَ الَّذِى اشْتَرٰىهُ مِنْ مِّصْرَ لِامْرَاَتِهٖٓ اَكْرِمِىْ مَثْوٰىهُ عَسٰٓى اَنْ يَّنْفَعَنَآ اَوْ نَتَّخِذَهٗ وَلَدًا ۭ وَكَذٰلِكَ مَكَّنَّا لِيُوْسُفَ فِى الْاَرْضِ ۡ وَلِنُعَلِّمَهٗ مِنْ تَاْوِيْلِ الْاَحَادِيْثِ ۭ وَاللّٰهُ غَالِبٌ عَلٰٓى اَمْرِهٖ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿21﴾

اور وہ شخص جس نے یوسف کو مصر میں خریدا تھا، اس نے اپنی بیوی سے کہا: اس کی رہائش اچھی رکھ، امید ہے کہ یہ ہمیں نفع دے یا یہ کہ ہم اسے بیٹا بنا لیں، اور اسی طرح ہم نے یوسف کو زمین (مصر) میں جگہ دی، تاکہ ہم اسے باتوں کی تاویل (خوابوں کی تعبیر) سکھائیں، اور اللہ اپنے (ہر) کام پر غالب ہے لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے﴿21﴾

21. And he (the man) from Egypt who bought him, said to his wife: "Make his stay comfortable, may be he will profit us or we shall adopt him as a son." Thus did We establish Yūsuf (Joseph) in the land, that We might teach him the interpretation of events. And Allāh has full power and control over His Affairs, but most of men know not.

وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗٓ اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا ۭ وَكَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿22﴾

اور جب یوسف اپنی جوانی کو پہنچا تو ہم نے اسے حکم اور علم دیا اور اسی طرح ہم نیکی کرنے والوں کو جزا دیتے ہیں﴿22﴾

22. And when he [Yūsuf (Joseph)] attained his full manhood, We gave him wisdom and knowledge (the Prophethood), thus We reward the *Muhsinūn* (doers of good. See the footnote of V.9:120).

وَرَاوَدَتْهُ الَّتِىْ هُوَ فِىْ بَيْتِهَا عَنْ نَّفْسِهٖ وَغَلَّقَتِ الْاَبْوَابَ وَقَالَتْ هَيْتَ لَكَ ۭ قَالَ مَعَاذَ اللّٰهِ اِنَّهٗ رَبِّىْٓ اَحْسَنَ مَثْوَاىَ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿23﴾

اور جس عورت کے گھر میں وہ (یوسف) تھا اس عورت نے اس کے جی سے پھسلایا، اور دروازے بند کر دیے اور بولی: لو آ جاؤ، یوسف نے کہا: اللہ کی پناہ! وہ (عزیز مصر) تو میرا آقا ہے، اس نے مجھے اچھا ٹھکانا دیا، بے شک ظالم لوگ فلاح نہیں پاتے﴿23﴾

23. And she, in whose house he was, sought to seduce him (to do an evil act), and she closed the doors and said: "Come on, O you." He said: "I seek refuge in Allāh (or Allāh forbid)! Truly, he (your husband) is my master! He made my living in a great comfort! (So I will never betray him). Verily, the *Zālimūn* (wrong and evildoers) will never be successful."

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَلَقَدْ هَمَّتْ بِهٖ ۚ وَهَمَّ بِهَا لَوْلَآ اَنْ رَّاٰ بُرْهَانَ رَبِّهٖ ؕ كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ؕ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿24﴾

اور البتہ اس (عورت) نے یوسف کا ارادہ کیا، اور وہ (یوسف) بھی اس کا ارادہ کر لیتا اگر وہ اپنے رب کی نشانی نہ دیکھ لیتا۔ اسی طرح (ہوا) تاکہ ہم اس سے برائی اور بے حیائی کو پھیر دیں، بے شک وہ ہمارے خالص کیے ہوئے بندوں میں سے تھا ﴿24﴾

24. And indeed she did desire him, and he would have inclined to her desire, had he not seen the evidence of his Lord. Thus it was, that We might turn away from him evil and illegal sexual intercourse. Surely, he was one of Our chosen (guided) slaves.

وَاسْتَبَقَا الْبَابَ وَقَدَّتْ قَمِيْصَهٗ مِنْ دُبُرٍ وَّاَلْفَيَا سَيِّدَهَا لَدَا الْبَابِ ؕ قَالَتْ مَا جَزَآءُ مَنْ اَرَادَ بِاَهْلِكَ سُوْٓءًا اِلَّآ اَنْ يُّسْجَنَ اَوْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿25﴾

اور وہ دونوں دروازے کی طرف دوڑے، اور اس (عورت) نے اس (یوسف) کی قمیص پیچھے سے پھاڑ دی، اور دونوں نے اس کے خاوند کو دروازے کے پاس پایا، تو وہ (جھٹ سے) بولی: اس کی کیا سزا ہے جو تیری بیوی سے برائی کا ارادہ کرے، سوائے اس کے کہ اسے قید کیا جائے یا دردناک عذاب (دیا جائے) ﴿25﴾

25. So, they raced with one another to the door, and she tore his shirt from the back. They both found her lord (i.e. her husband) at the door. She said: "What is the recompense (punishment) for him who intended an evil design against your wife, except that he be put in prison or a painful torment?"

قَالَ هِيَ رَاوَدَتْنِيْ عَنْ نَّفْسِيْ وَشَهِدَ شَاهِدٌ مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ قُبُلٍ فَصَدَقَتْ وَهُوَ مِنَ الْكٰذِبِيْنَ ﴿26﴾

یوسف نے کہا: اسی نے مجھے میرے جی سے پھسلایا۔ اور اس (عورت) کے خاندان میں سے ایک شاہد نے گواہی دی کہ اگر اس (یوسف) کی قمیص آگے سے پھٹی ہے تو وہ (عورت) سچی ہے اور وہ (یوسف) جھوٹوں میں سے ہے ﴿26﴾

26. He [Yūsuf (Joseph)] said: "It was she that sought to seduce me;" and a witness of her household bore witness (saying): "If it be that his shirt is torn from the front, then her tale is true and he is a liar!

وَاِنْ كَانَ قَمِيْصُهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ فَكَذَبَتْ وَهُوَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿27﴾

اور اگر اس (یوسف) کی قمیص پیچھے سے پھٹی ہے تو وہ (عورت) جھوٹی ہے اور وہ (یوسف) سچا ہے ﴿27﴾

27. "But if it be that his shirt is torn from the back, then she has told a lie and he is speaking the truth!"

فَلَمَّا رَاٰ قَمِيْصَهٗ قُدَّ مِنْ دُبُرٍ قَالَ اِنَّهٗ مِنْ كَيْدِكُنَّ ؕ اِنَّ كَيْدَكُنَّ عَظِيْمٌ ﴿28﴾

پھر جب اس (عزیز) نے یوسف کی قمیص پیچھے سے پھٹی ہوئی دیکھی تو وہ کہنے لگا: بے شک یہ تم عورتوں کے مکروفریب میں سے ہے، بے شک تمھارا مکر بہت بڑا (خطرناک) ہے ﴿28﴾

28. So, when he (her husband) saw his [Yūsuf's (Joseph's)] shirt torn at the back, he (her husband) said: "Surely, it is a plot of you women! Certainly mighty is your plot!

ع
يُوْسُفُ اَعْرِضْ عَنْ هٰذَا ٜ وَاسْتَغْفِرِيْ لِذَنْۢبِكِ ۚۖ اِنَّكِ كُنْتِ مِنَ الْخٰطِـِٕيْنَ ﴿29﴾ ع

اے یوسف! اس (بات) سے درگزر کر، اور (بیوی سے کہا:) تو اپنے گناہ کی بخشش مانگ، بے شک تو ہی خطاکار ہے ﴿29﴾

29. "O Yūsuf (Joseph)! Turn away from this! (O woman!) Ask forgiveness for your sin. Verily, you were of the sinful."

وَقَالَ نِسْوَةٌ فِي الْمَدِيْنَةِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ تُرَاوِدُ فَتٰىهَا عَنْ نَّفْسِهٖ ۚ قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ؕ اِنَّا لَنَرٰىهَا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿30﴾

اور شہر میں عورتیں کہنے لگیں کہ عزیز کی بیوی اپنے غلام کو اس کے جی سے پھسلاتی ہے، اس کے دل میں (یوسف کی) محبت گھر کر گئی ہے۔ بے شک ہم اسے کھلی گمراہی میں دیکھتی ہیں ﴿30﴾

30. And women in the city said: "The wife of Al-'Azīz is seeking to seduce her (slave) young man, indeed she loves him violently; verily, we see her in plain error."

فَلَمَّا سَمِعَتْ بِمَكْرِهِنَّ اَرْسَلَتْ اِلَيْهِنَّ وَاَعْتَدَتْ لَهُنَّ مُتَّكَاً وَّاٰتَتْ كُلَّ وَاحِدَةٍ

چنانچہ جب اس (عورت) نے ان کی پرمکر باتیں سنیں تو اس نے ان کی طرف پیغام بھیجا اور ان کے لیے

31. So when she heard of their accusation, she sent for them and prepared a banquet for them; she

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

مِّنْهُنَّ سِكِّينًا وَّقَالَتِ اخْرُجْ عَلَيْهِنَّ ۚ فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ۭ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿31﴾

مسندیں تیار کیں، اور اس نے ان میں سے ہر ایک (عورت) کو ایک چھری دی اور (پھر یوسف سے) کہا: ان کے سامنے نکل آ۔ پھر جب انھوں نے اسے دیکھا تو انھوں نے اس (کی شان) کو بڑا خیال کیا اور اپنے ہاتھ کاٹ ڈالے اور بولیں: [حَاشَ لِلّٰهِ] ''اللہ کی پناہ!'' یہ بشر نہیں، یہ تو نہایت معزز فرشتہ ہے ﴿31﴾

gave each one of them a knife (to cut the foodstuff with), and she said [to Yūsuf (Joseph)]: "Come out before them." Then, when they saw him, they exalted him (at his beauty) and (in their astonishment) cut their hands. They said: "How perfect is Allāh (or Allāh forbid)! No man is this! This is none other than a noble angel!"

قَالَتْ فَذٰلِكُنَّ الَّذِيْ لُمْتُنَّنِيْ فِيْهِ ۭ وَلَقَدْ رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ فَاسْتَعْصَمَ ۭ وَلَىِٕنْ لَّمْ يَفْعَلْ مَآ اٰمُرُهٗ لَيُسْجَنَنَّ وَلَيَكُوْنًا مِّنَ الصّٰغِرِيْنَ ﴿32﴾

اس نے کہا: یہی تو ہے وہ شخص جس کے بارے میں تم مجھے ملامت کرتی تھیں اور میں نے ہی اسے اس کے جی سے پھسلایا تھا، لیکن اس نے (خود کو) بچالیا، اب اگر اس نے وہ نہ کیا جو میں اس کو حکم دیتی ہوں تو اسے ضرور قید کیا جائے گا اور یقیناً وہ بے عزت ہونے والوں میں سے ہوگا ﴿32﴾

32. She said: "This is he (the young man) about whom you did blame me, and I did seek to seduce him, but he refused. And now if he refuses to obey my order, he shall certainly be cast into prison, and will be one of those who are disgraced."

قَالَ رَبِّ السِّجْنُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِمَّا يَدْعُوْنَنِيْٓ اِلَيْهِ ۚ وَاِلَّا تَصْرِفْ عَنِّيْ كَيْدَهُنَّ اَصْبُ اِلَيْهِنَّ وَاَكُنْ مِّنَ الْجٰهِلِيْنَ ﴿33﴾

یوسف نے کہا: اے میرے رب! مجھے قید خانہ اس سے زیادہ پسند ہے جس کی طرف وہ (عورتیں) مجھے بلاتی ہیں اور اگر تو نے ان کا مکر مجھ سے دور نہ کیا تو میں ان کی طرف مائل ہو جاؤں گا اور میں جاہلوں میں سے ہوں گا ﴿33﴾

33. He said: "O my Lord! Prison is dearer to me than that to which they invite me. Unless You turn away their plot from me, I will feel inclined towards them and be one (of those who commit sin and deserve blame or those who do deeds) of the ignorant."

فَاسْتَجَابَ لَهٗ رَبُّهٗ فَصَرَفَ عَنْهُ كَيْدَهُنَّ ۭ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿34﴾

چنانچہ اس کے رب نے اس کی دعا قبول کرلی، پھر اس نے اس سے ان (عورتوں) کا مکر دور کر دیا، بے شک وہی خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے ﴿34﴾

34. So his Lord answered his invocation and turned away from him their plot. Verily, He is the All-Hearer, the All-Knower.

ثُمَّ بَدَا لَهُمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا رَاَوُا الْاٰيٰتِ لَيَسْجُنُنَّهٗ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿35﴾ ع 4/14

پھر نشانیاں دیکھ لینے کے بعد ان لوگوں کو یہی سوجھا کہ وہ اس (یوسف) کو کچھ عرصے تک بہر حال قید رکھیں ﴿35﴾

35. Then it occurred to them, after they had seen the proofs (of his innocence), to imprison him for a time.

وَدَخَلَ مَعَهُ السِّجْنَ فَتَيٰنِ ۭ قَالَ اَحَدُهُمَآ اِنِّىْٓ اَرٰىنِيْٓ اَعْصِرُ خَمْرًا ۚ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنِّىْٓ اَرٰىنِيْٓ اَحْمِلُ فَوْقَ رَاْسِيْ خُبْزًا تَاْكُلُ الطَّيْرُ مِنْهُ ۭ نَبِّئْنَا بِتَاْوِيْلِهٖ ۚ اِنَّا نَرٰىكَ مِنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿36﴾

اور اس کے ساتھ قید خانے میں دو جوان بھی داخل ہوئے۔ ان میں سے ایک نے کہا: بے شک میں خود کو دیکھتا ہوں کہ شراب نچوڑ رہا ہوں، اور دوسرا بولا: بے شک میں خود کو دیکھتا ہوں کہ اپنے سر پر روٹیاں اٹھائے ہوئے ہوں، ان میں سے پرندے کھا رہے ہیں، تو ہمیں ان کی تعبیر بتا، بے شک ہم تجھے نیک سمجھتے ہیں ﴿36﴾

36. And there entered with him two young men in the prison. One of them said: "Verily, I saw myself (in a dream) pressing wine." The other said: "Verily, I saw myself (in a dream) carrying bread on my head and birds were eating thereof." (They said): "Inform us of the interpretation of this. Verily, we think you are one of the *Muhsinūn* (doers of good)."

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

قَالَ لَا يَأْتِيكُمَا طَعَامٌ تُرْزَقَانِهِ إِلَّا نَبَّأْتُكُمَا بِتَأْوِيلِهِ قَبْلَ أَن يَأْتِيَكُمَا ۚ ذَٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِي رَبِّي ۚ إِنِّي تَرَكْتُ مِلَّةَ قَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ بِاللَّهِ وَهُم بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ ﴿٣٧﴾

یوسف نے کہا: جو کھانا تمھیں (یہاں) ملتا ہے اس کے آنے سے پہلے میں تمھیں ان کی تعبیر بتلا دوں گا۔ یہ ان چیزوں میں سے ہے جو میرے رب نے مجھے سکھائیں۔ بے شک میں نے ان لوگوں کا دین چھوڑ دیا ہے جو اللہ پر ایمان نہیں لاتے اور وہ آخرت کے بھی منکر ہیں ﴿37﴾

37. He said: "No food will come to you (in wakefulness or in dream) as your provision, but I will inform (in wakefulness) its interpretation before it (the food) comes. This is of that which my Lord has taught me. Verily, I have abandoned the religion of a people that believe not in Allāh and are disbelievers in the Hereafter (i.e. the *Kan'ānyyūn* of Egypt who were polytheists and used to worship the sun and other false deities).

وَاتَّبَعْتُ مِلَّةَ آبَائِي إِبْرَاهِيمَ وَإِسْحَاقَ وَيَعْقُوبَ ۚ مَا كَانَ لَنَا أَن نُّشْرِكَ بِاللَّهِ مِن شَيْءٍ ۚ ذَٰلِكَ مِن فَضْلِ اللَّهِ عَلَيْنَا وَعَلَى النَّاسِ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُونَ ﴿٣٨﴾

اور میں نے اتباع کی ہے اپنے باپ دادا، ابراہیم اور اسحاق اور یعقوب کے دین کی۔ ہمارے لیے (جائز) نہیں کہ ہم اللہ کے ساتھ کسی چیز کو شریک ٹھہرائیں، یہ اللہ کا ہم پر اور (سب) لوگوں پر فضل ہے، لیکن اکثر لوگ شکر ادا نہیں کرتے① ﴿38﴾

38. "And I have followed the religion of my fathers,[1] — Ibrāhīm (Abraham), Ishāq (Isaac) and Ya'qūb (Jacob) [عليهم السلام], and never could we attribute any partners whatsoever to Allāh. This is from the Grace of Allāh to us and to mankind, but most men thank not (i.e. they neither believe in Allāh nor worship Him).

يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَأَرْبَابٌ مُّتَفَرِّقُونَ خَيْرٌ أَمِ اللَّهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ﴿٣٩﴾

میرے قید خانے کے دو ساتھیو! بھلا کئی جدا جدا معبود بہتر ہیں یا ایک زبردست اللہ؟ ﴿39﴾

39. "O two companions of the prison! Are many different lords (gods) better or Allāh, the One, the Irresistible?

مَا تَعْبُدُونَ مِن دُونِهِ إِلَّا أَسْمَاءً سَمَّيْتُمُوهَا أَنتُمْ وَآبَاؤُكُم مَّا أَنزَلَ اللَّهُ بِهَا مِن سُلْطَانٍ ۚ إِنِ الْحُكْمُ إِلَّا لِلَّهِ ۚ أَمَرَ أَلَّا تَعْبُدُوا إِلَّا إِيَّاهُ ۚ ذَٰلِكَ الدِّينُ الْقَيِّمُ وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٤٠﴾

تم اس کے سوا جن کی عبادت کرتے ہو وہ نام ہی تو ہیں جو خود تم نے اور تمھارے باپ دادوں نے رکھ لیے ہیں، اللہ نے ان کی کوئی دلیل نازل نہیں کی۔ اللہ کے سوا کسی کا حکم نہیں۔ اس نے حکم دیا ہے کہ تم صرف اسی کی عبادت کرو یہی سیدھا دین ہے، مگر اکثر لوگ علم نہیں رکھتے ﴿40﴾

40. "You do not worship besides Him but only names which you have named (forged) — you and your fathers — for which Allāh has sent down no authority. The command (or the judgement) is for none but Allāh. He has commanded that you worship none but Him (i.e. His Monotheism); that is the (true) straight religion, but most men know not.

يَا صَاحِبَيِ السِّجْنِ أَمَّا أَحَدُكُمَا فَيَسْقِي رَبَّهُ خَمْرًا ۖ وَأَمَّا الْآخَرُ فَيُصْلَبُ فَتَأْكُلُ الطَّيْرُ مِن رَّأْسِهِ ۚ قُضِيَ الْأَمْرُ الَّذِي فِيهِ

میرے قید خانے کے دو ساتھیو! تم دونوں میں سے ایک اپنے مالک کو شراب پلائے گا، اور دوسرا سولی دیا جائے گا اور اس کے سر میں سے پرندے

41. "O two companions of the prison! As for one of you, he (as a servant) will pour out wine for his lord (king or master) to drink;

[1] (V.12:38) See the footnote of (V.2:135).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بقرہ 2:135)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

تَسْتَفْتِيٰنِ ﴿41﴾

(گوشت) کھائیں گے۔ اس معاملے کا فیصلہ کیا جا چکا جس کی بابت تم مجھ سے پوچھتے ہو﴿41﴾

and as for the other, he will be crucified and birds will eat from his head. Thus is the case judged concerning which you both did inquire."

وَقَالَ لِلَّذِي ظَنَّ أَنَّهُ نَاجٍ مِّنْهُمَا اذْكُرْنِي
عِندَ رَبِّكَ فَأَنسَاهُ الشَّيْطَانُ ذِكْرَ رَبِّهِ
فَلَبِثَ فِي السِّجْنِ بِضْعَ سِنِينَ ﴿42﴾ ع 5 7 15

اور یوسف نے ان دونوں میں سے جس کے متعلق سمجھا تھا کہ وہ نجات پانے والا ہے اسے کہا: تو اپنے مالک سے میرا ذکر کرنا، پھر شیطان نے اسے اپنے مالک سے (یوسف کا) ذکر کرنا بھلا دیا، چنانچہ یوسف قید خانے میں کئی سال ٹھہرا رہا﴿42﴾

42. And he said to the one whom he knew to be saved: "Mention me to your lord (i.e. your king, so as to get me out of the prison)." But *Shaitān* (Satan) made him forget to mention it to his lord [or Satan made {Yūsuf (Joseph)} to forget the remembrance of his Lord (Allāh) as to ask for His Help, instead of others]. So [Yūsuf (Joseph)] stayed in prison a few (more) years.

وَقَالَ الْمَلِكُ إِنِّي أَرَىٰ سَبْعَ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعَ سُنبُلَاتٍ خُضْرٍ وَأُخَرَ يَابِسَاتٍ ۖ يَا أَيُّهَا الْمَلَأُ أَفْتُونِي فِي رُؤْيَايَ إِن كُنتُمْ لِلرُّؤْيَا تَعْبُرُونَ ﴿43﴾

اور بادشاہ نے کہا: بے شک میں (خواب میں) سات موٹی گائیں دیکھتا ہوں جنھیں سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں، اور سات سبز بالیاں اور دوسری خشک۔ اے درباریو! اگر تم خواب کی تعبیر کر سکتے ہو تو مجھے میرے خواب کی تعبیر بتاؤ﴿43﴾

43. And the king (of Egypt) said: "Verily, I saw (in a dream) seven fat cows, whom seven lean ones were devouring, and seven green ears of corn, and (seven) others dry. O notables! Explain to me my dream, if it be that you can interpret dreams."

قَالُوا أَضْغَاثُ أَحْلَامٍ ۖ وَمَا نَحْنُ بِتَأْوِيلِ الْأَحْلَامِ بِعَالِمِينَ ﴿44﴾

انھوں نے کہا: یہ پریشان خواب ہیں اور ہم (ایسے) خوابوں کی تعبیر جاننے والے نہیں﴿44﴾

44. They said: "Mixed up false dreams and we are not skilled in the interpretation of dreams."

وَقَالَ الَّذِي نَجَا مِنْهُمَا وَادَّكَرَ بَعْدَ أُمَّةٍ أَنَا أُنَبِّئُكُم بِتَأْوِيلِهِ فَأَرْسِلُونِ ﴿45﴾

اور وہ (شخص) جس نے دونوں (قیدیوں) میں سے نجات پائی تھی اسے (یوسف) مدت کے بعد یاد آیا، بولا: میں تمھیں اس کی تعبیر بتاؤں گا، لہٰذا تم مجھے (یوسف کے پاس) بھیجو﴿45﴾

45. Then the man who was released (one of the two who were in prison), now at length remembered and said: "I will tell you its interpretation, so send me forth."

يُوسُفُ أَيُّهَا الصِّدِّيقُ أَفْتِنَا فِي سَبْعِ بَقَرَاتٍ سِمَانٍ يَأْكُلُهُنَّ سَبْعٌ عِجَافٌ وَسَبْعِ سُنبُلَاتٍ خُضْرٍ وَأُخَرَ يَابِسَاتٍ لَّعَلِّي أَرْجِعُ إِلَى النَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَعْلَمُونَ ﴿46﴾

(اس نے جا کر کہا:) اے یوسف! اے بہت ہی سچے! ہمیں (اس خواب کی تعبیر) بتلائیے کہ سات موٹی گائیں ہیں جنھیں سات دبلی گائیں کھا رہی ہیں، اور سات ہری بالیاں ہیں اور دوسری خشک، تاکہ میں لوگوں کی طرف لوٹوں تاکہ وہ جان لیں﴿46﴾

46. (He said): "O Yūsuf (Joseph), the man of truth! Explain to us (the dream) of seven fat cows whom seven lean ones were devouring, and of seven green ears of corn, and (seven) others dry, that I may return to the people, and that they may know."

قَالَ تَزْرَعُونَ سَبْعَ سِنِينَ دَأَبًا فَمَا حَصَدتُّمْ فَذَرُوهُ فِي سُنبُلِهِ إِلَّا قَلِيلًا مِّمَّا تَأْكُلُونَ ﴿47﴾

یوسف نے کہا: تم سات سال لگاتار کاشت کرو گے، چنانچہ تم جو (فصل) کاٹو تو وہ اس کی بالیوں ہی میں رہنے دو، سوائے تھوڑی (مقدار) کے جو تم کھاؤ﴿47﴾

47. [Yūsuf (Joseph)] said: "For seven consecutive years, you shall sow as usual and that (the harvest) which you reap you shall leave it in the ears, (all) except a little of it which you may eat.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ثُمَّ يَأْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ سَبْعٌ شِدَادٌ يَّاْكُلْنَ مَا قَدَّمْتُمْ لَهُنَّ اِلَّا قَلِيْلًا مِّمَّا تُحْصِنُوْنَ ﴿48﴾

پھر اس کے بعد سات سال سخت آئیں گے، وہ کھا جائیں گے اسے جو تم نے ان کے لیے ذخیرہ کیا ہوگا، سوائے تھوڑے سے غلے کے جو تم (بطور بیج) محفوظ رکھو گے ﴿48﴾

48. "Then will come after that, seven hard (years), which will devour what you have laid by in advance for them, (all) except a little of that which you have guarded (stored).

ثُمَّ يَأْتِيْ مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ عَامٌ فِيْهِ يُغَاثُ النَّاسُ وَفِيْهِ يَعْصِرُوْنَ ﴿49﴾ ع

پھر اس (قحط سالی) کے بعد ایک سال آئے گا، اس میں لوگ بارش پائیں گے اور وہ اس میں رس نچوڑیں گے ﴿49﴾

49. "Then thereafter will come a year in which people will have abundant rain and in which they will press (wine and oil)."

وَقَالَ الْمَلِكُ ائْتُوْنِيْ بِهٖ ۚ فَلَمَّا جَآءَهُ الرَّسُوْلُ قَالَ ارْجِعْ اِلٰى رَبِّكَ فَسْـَٔلْهُ مَا بَالُ النِّسْوَةِ الّٰتِيْ قَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۭ اِنَّ رَبِّيْ بِكَيْدِهِنَّ عَلِيْمٌ ﴿50﴾

اور بادشاہ نے کہا: تم اسے میرے پاس لے آؤ، پھر جب اس (یوسف) کے پاس قاصد آیا تو اس نے کہا: تو اپنے مالک کے پاس لوٹ جا اور اس سے پوچھ کہ ان عورتوں (کے معاملے) کی کیا حقیقت ہے جنھوں نے اپنے ہاتھ کاٹ لیے تھے۔ بے شک میرا رب ان کا مکر خوب جانتا ہے ﴿50﴾

50. And the king said: "Bring him to me." But when the messenger came to him, [Yūsuf (Joseph)] said: "Return to your lord and ask him, 'What happened to the women who cut their hands? Surely, my Lord (Allāh) is All-Knower of their plot.'"

قَالَ مَا خَطْبُكُنَّ اِذْ رَاوَدْتُّنَّ يُوْسُفَ عَنْ نَّفْسِهٖ ۭ قُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا عَلِمْنَا عَلَيْهِ مِنْ سُوْۗءٍ ۭ قَالَتِ امْرَاَتُ الْعَزِيْزِ الْــٰٔنَ حَصْحَصَ الْحَقُّ ۡ اَنَا رَاوَدْتُّهٗ عَنْ نَّفْسِهٖ وَاِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِيْنَ ﴿51﴾

بادشاہ نے (عورتوں سے) کہا: تمھارا معاملہ کیا ہے جب تم نے یوسف کو اس کے جی سے پھسلایا تھا؟ وہ بولیں: [حَاشَ لِلّٰهِ!] ''اللہ کی پناہ!'' ہمیں اس (کی ذات) میں کوئی برائی معلوم نہیں۔ عزیز (مصر) کی بیوی نے کہا: اب حق واضح ہو گیا ہے، میں نے ہی اسے اس کے جی سے پھسلایا تھا، اور بلاشبہ وہ سچوں میں سے ہے ﴿51﴾

51. (The King) said (to the women): "What was your affair when you did seek to seduce Yūsuf (Joseph)?" The women said: "Allāh forbid! No evil know we against him!" The wife of Al-'Azīz said: "Now the truth is manifest (to all); it was I who sought to seduce him, and he is surely of the truthful."

ذٰلِكَ لِيَعْلَمَ اَنِّيْ لَمْ اَخُنْهُ بِالْغَيْبِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ كَيْدَ الْخَاۗىِٕنِيْنَ ﴿52﴾

اس (خضر) نے کہا: کیا میں نے کہا نہ تھا کہ تو یقیناً میرے ساتھ صبر کرنے کی استطاعت ہرگز نہیں رکھے گا ⑫

72. He (Al-Khidr) said: "Did I not tell you, that you would not be able to have patience with me?"

قَالَ لَا تُؤَاخِذْنِيْ بِمَا نَسِيْتُ وَلَا تُرْهِقْنِيْ مِنْ اَمْرِيْ عُسْرًا ۝73

اس (موسیٰ) نے کہا: میری بھول چوک پر تو مجھے نہ پکڑ،① اور میرے معاملے میں مجھے مشکل میں نہ ڈال ⑬

73. [Mūsā (Moses)] said: "Call me not to account for what I forgot,[1] and be not hard upon me for my affair (with you)."

فَانْطَلَقَا ۫ حَتّٰٓى اِذَا لَقِيَا غُلٰمًا فَقَتَلَهٗ ۙ قَالَ اَقَتَلْتَ نَفْسًا زَكِيَّةًۢ بِغَيْرِ نَفْسٍ ۭ لَقَدْ جِئْتَ شَيْـًٔا نُّكْرًا ۝74

پھر وہ دونوں چلے، حتی کہ جب وہ دونوں ایک لڑکے سے ملے، تو اس (خضر) نے اسے قتل کر دیا، اس (موسیٰ) نے کہا: کیا تو نے ایک پاک (بے گناہ) نفس کو کسی جان کے (قصاص کے) بغیر قتل کر دیا ہے؟ یقیناً تو نے تو بہت ہی برا کام کیا ہے! ⑭

74. Then they both proceeded till they met a boy, and he (Al-Khidr) killed him. [Mūsā (Moses)] said: "Have you killed an innocent person who had killed none? Verily, you have committed a thing *Nukra* (a great *Munkar* — prohibited, evil, dreadful thing)!"

---

[1] (V.18:73)

a) If someone does something against his oath due to forgetfulness (should he make expiation?). And the Statement of Allāh:

"And there is no sin on you concerning that in which you made a mistake..." (V.33:5)

And Allāh said:

"[Mūsā (Moses)] said (to Al-Khidr): Call me not to account for what I forgot." (V.18:73)

Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "Allāh forgives my followers those (evil deeds) their ownselves may whisper or suggest to them as long as they do not act (on it) or speak."

[*Sahih Al-Bukhari*, 8/6664 (O.P.657)]

b) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "If somebody eats something forgetfully while he is fasting, then he should complete his fast, for Allāh has made him eat and drink." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6669 (O.P.662)]

① اس سے معلوم ہوا کہ بھول چوک معاف ہے، چنانچہ ایک اور مقام پر ارشاد الٰہی ہے: ''اور تم پر کوئی گناہ نہیں اگر تم بھول کر کوئی غلطی کر ڈالو'' (الاحزاب 33:5) اسی طرح دل میں پیدا ہونے والے وسوسے بھی معاف ہیں۔ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''میرے امتیوں کے دلوں میں جو وسوسے اور خیالات آتے ہیں، اللہ نے انہیں معاف کر دیا ہے، جب تک ان پر عمل نہ کریں یا زبان سے نہ کہیں۔'' (صحیح البخاری، الإیمان والنذور، باب:15 حدیث:6664)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

قَالَ اَلَمۡ اَقُلۡ لَّكَ اِنَّكَ لَنۡ تَسۡتَطِيۡعَ مَعِىَ صَبۡرًا ﴿75﴾

اس (خضر) نے کہا: کیا میں نے تجھ سے نہیں کہا تھا کہ بلاشبہ تو میرے ساتھ ہرگز صبر نہیں کر سکے گا؟ ﴿75﴾

75. (Al-Khidr) said: "Did I not tell you that you can have no patience with me?"

قَالَ اِنۡ سَاَلۡتُكَ عَنۡ شَىۡءٍۢ بَعۡدَهَا فَلَا تُصٰحِبۡنِىۡ ۚ قَدۡ بَلَغۡتَ مِنۡ لَّدُنِّىۡ عُذۡرًا ﴿76﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: اگر اس کے بعد میں تجھ سے کسی چیز کی بابت سوال کروں تو پھر مجھے ہرگز صحبت میں نہ رکھنا، یقیناً میری طرف سے تو عذر کو پہنچ چکا ہے ﴿76﴾

76. [Mūsā (Moses)] said: "If I ask you anything after this, keep me not in your company, you have received an excuse from me."

فَانْطَلَقَا ٚ حَتّٰۤى اِذَاۤ اَتَيَاۤ اَهۡلَ قَرۡيَةِ ۨاسۡتَطۡعَمَاۤ اَهۡلَهَا فَاَبَوۡا اَنۡ يُّضَيِّفُوۡهُمَا فَوَجَدَا فِيۡهَا جِدَارًا يُّرِيۡدُ اَنۡ يَّنۡقَضَّ فَاَقَامَهٗ ؕ قَالَ لَوۡ شِئۡتَ لَتَّخَذۡتَ عَلَيۡهِ اَجۡرًا ﴿77﴾

پھر وہ دونوں چلے حتی کہ ایک گاؤں والوں کے پاس پہنچے، اس کے رہنے والوں سے طعام مانگا، تو انھوں نے ان کی ضیافت کرنے سے انکار کر دیا، پھر ان دونوں نے ایک دیوار پائی جو گرا چاہتی تھی، تو اس (خضر) نے وہ سیدھی کر دی۔ اس (موسیٰ) نے کہا: اگر تو چاہتا تو اس پر ضرور اجرت لے لیتا ﴿77﴾

77. Then they both proceeded till when they came to the people of a town, they asked them for food, but they refused to entertain them. Then they found therein a wall about to collapse and he (Al-Khidr) set it up straight. [Mūsā (Moses)] said: "If you had wished, surely you could have taken wages for it!"

قَالَ هٰذَا فِرَاقُ بَيۡنِىۡ وَبَيۡنِكَ ۚ سَاُنَبِّئُكَ بِتَاۡوِيۡلِ مَا لَمۡ تَسۡتَطِعْ عَّلَيۡهِ صَبۡرًا ﴿78﴾

اس (خضر) نے کہا: یہ (اب) میرے اور تیرے درمیان جدائی ہے، یقیناً میں تجھے ان (باتوں) کی حقیقت بتاتا ہوں جن پر تو صبر نہ کر سکا ﴿78﴾

78. (Al-Khidr) said: "This is the parting between me and you, I will tell you the interpretation of (those) things over which you were unable to hold patience.

اَمَّا السَّفِيۡنَةُ فَكَانَتۡ لِمَسٰكِيۡنَ يَعۡمَلُوۡنَ فِى الۡبَحۡرِ فَاَرَدْتُّ اَنۡ اَعِيۡبَهَا وَكَانَ وَرَآءَهُمۡ مَّلِكٌ يَّاۡخُذُ كُلَّ سَفِيۡنَةٍ غَصۡبًا ﴿79﴾

رہی کشتی تو وہ چند مسکینوں کی تھی جو دریا میں کام کرتے تھے، لہٰذا میں نے ارادہ کیا کہ اس میں عیب ڈال دوں جبکہ ان کے آگے ایک بادشاہ تھا جو ہر کشتی زبردستی لے لیتا تھا ﴿79﴾

79. "As for the ship, it belonged to *Masākīn* (needy people) working in the sea. So, I wished to make a defective damage in it, as there was a king behind them who seized every ship by force.

وَاَمَّا الۡغُلٰمُ فَكَانَ اَبَوٰهُ مُؤۡمِنَيۡنِ فَخَشِيۡنَاۤ اَنۡ يُّرۡهِقَهُمَا طُغۡيَانًا وَّكُفۡرًا ۚ ﴿80﴾

اور رہا لڑکا، تو اس کے ماں باپ مومن تھے، چنانچہ ہم ڈرے کہ وہ سرکشی اور کفر کی وجہ سے انھیں مشقت میں ڈال دے گا ﴿80﴾

80. "And as for the boy, his parents were believers, and we feared lest he should oppress them by rebellion and disbelief.

فَاَرَدۡنَاۤ اَنۡ يُّبۡدِلَهُمَا رَبُّهُمَا خَيۡرًا مِّنۡهُ زَكٰوةً وَّاَقۡرَبَ رُحۡمًا ﴿81﴾

چنانچہ ہم نے چاہا کہ ان دونوں کا رب انھیں (ایسا) بدل دے جو اس سے پاکیزگی میں بہتر اور مہربانی میں قریب تر ہو ﴿81﴾

81. "So we intended that their Lord should change him for them for one better in righteousness and nearer to mercy.

وَاَمَّا الۡجِدَارُ فَكَانَ لِغُلٰمَيۡنِ يَتِيۡمَيۡنِ فِى الۡمَدِيۡنَةِ وَكَانَ تَحۡتَهٗ كَنۡزٌ لَّهُمَا وَكَانَ اَبُوۡهُمَا صَالِحًا ۚ فَاَرَادَ رَبُّكَ اَنۡ يَّبۡلُغَاۤ اَشُدَّهُمَا وَيَسۡتَخۡرِجَا كَنۡزَهُمَا ۖ رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّكَ ۚ وَمَا فَعَلۡتُهٗ عَنۡ اَمۡرِىۡ ؕ ذٰلِكَ تَاۡوِيۡلُ مَا لَمۡ تَسۡطِعْ عَّلَيۡهِ صَبۡرًا ؕ ﴿82﴾

اور رہی دیوار تو وہ شہر میں دو یتیم لڑکوں کی تھی، اور اس کے نیچے ان کے لیے خزانہ تھا اور ان کا باپ صالح تھا، چنانچہ تیرے رب نے چاہا کہ وہ دونوں (یتیم) اپنی جوانی کو پہنچیں اور تیرے رب کی رحمت کے سبب اپنا خزانہ نکال لیں اور میں نے یہ اپنی رائے سے نہیں کیا، یہ ان (باتوں) کی حقیقت ہے جن پر تو صبر نہ کر سکا ﴿82﴾

82. "And as for the wall, it belonged to two orphan boys in the town; and there was under it a treasure belonging to them; and their father was a righteous man, and your Lord intended that they should attain their age of full strength and take out their treasure as a mercy from your Lord. And I did them not of my own accord. That is the

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

interpretation of those (things) over which you could not hold patience."

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ عَنْ ذِي الْقَرْنَيْنِ ۭ قُلْ سَاَتْلُوْا عَلَيْكُمْ مِّنْهُ ذِكْرًا (83)

اور (یہ لوگ) آپ سے ذوالقرنین کے متعلق پوچھتے ہیں۔ آپ کہہ دیجیے: عنقریب میں اس کا کچھ ذکر تمھارے سامنے تلاوت کروں گا (83)

83. And they ask you about Dhul-Qarnain. Say: "I shall recite to you something of his story."

اِنَّا مَكَّنَّا لَهٗ فِي الْاَرْضِ وَاٰتَيْنٰهُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ سَبَبًا (84)

بے شک ہم نے اسے زمین میں اقتدار دیا اور اسے ہر چیز سے اسباب دیے (84)

84. Verily, We established him in the earth, and We gave him the means of everything.

فَاَتْبَعَ سَبَبًا (85)

چنانچہ وہ سامان لے کر چلا (85)

85. So, he followed a way.

حَتّٰٓي اِذَا بَلَغَ مَغْرِبَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَغْرُبُ فِيْ عَيْنٍ حَمِئَةٍ وَّوَجَدَ عِنْدَهَا قَوْمًا ڛ قُلْنَا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِمَّآ اَنْ تُعَذِّبَ وَاِمَّآ اَنْ تَتَّخِذَ فِيْهِمْ حُسْنًا (86)

حتی کہ جب وہ غروب آفتاب کی جگہ پہنچا، اس نے اسے پایا کہ وہ سیاہ کیچڑ (دلدل) والے چشمے میں غروب ہو رہا ہے اور اس نے اس کے پاس ایک قوم پائی۔ ہم نے کہا: اے ذوالقرنین! (تجھے اختیار ہے) خواہ تو (انھیں) سزا دے، خواہ ان سے اچھا برتاؤ کرے (86)

86. Until, when he reached the setting place of the sun, he found it setting in a spring of black muddy (or hot) water. And he found near it a people. We (Allāh) said (by inspiration): "O Dhul-Qarnain! Either you punish them or treat them with kindness."

قَالَ اَمَّا مَنْ ظَلَمَ فَسَوْفَ نُعَذِّبُهٗ ثُمَّ يُرَدُّ اِلٰى رَبِّهٖ فَيُعَذِّبُهٗ عَذَابًا نُّكْرًا (87)

اس نے کہا: رہا وہ جس نے ظلم کیا، تو اسے ہم عنقریب سزا دیں گے، پھر وہ اپنے رب کی طرف لوٹایا جائے گا، چنانچہ وہ اسے سخت ترین عذاب دے گا (87)

87. He said: "As for him (a disbeliever in the Oneness of Allāh) who does wrong, we shall punish him, and then he will be brought back to his Lord, Who will punish him with a terrible torment (Hell).

وَاَمَّا مَنْ اٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَلَهٗ جَزَاۗءَۨ الْحُسْنٰى ۚ وَسَنَقُوْلُ لَهٗ مِنْ اَمْرِنَا يُسْرًا (88)

اور رہا وہ جو ایمان لایا اور نیک عمل کیے تو اس کے لیے (اللہ کے ہاں) بدلے میں خوب تر بھلائی ہے، اور ہم لازماً اپنے کام میں سے اس کے لیے نہایت آسانی کا حکم دیں گے (88)

88. "But as for him who believes (in Allāh's Oneness) and works righteousness, he shall have the best reward (Paradise), and we (Dhul-Qarnain) shall speak to him mild words (as instructions)."

ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا (89)

پھر وہ (اور) سامان لے کر چلا (89)

89. Then he followed (another) way,

حَتّٰٓي اِذَا بَلَغَ مَطْلِعَ الشَّمْسِ وَجَدَهَا تَطْلُعُ عَلٰي قَوْمٍ لَّمْ نَجْعَلْ لَّهُمْ مِّنْ دُوْنِهَا سِتْرًا (90)

حتی کہ جب وہ طلوع شمس کی جگہ پہنچا، اس نے اسے پایا کہ وہ ایسی قوم پر طلوع ہو رہا ہے جس کے لیے ہم نے سورج کے آگے کوئی پردہ نہیں رکھا (90)

90. Until, when he came to the rising place of the sun, he found it rising on a people for whom We (Allāh) had provided no shelter against the sun.

كَذٰلِكَ ۭ وَقَدْ اَحَطْنَا بِمَا لَدَيْهِ خُبْرًا (91)

(واقعہ) ایسا ہی ہے اور یقیناً اس کے پاس جو کچھ تھا علم کے اعتبار سے ہم نے اس کا احاطہ کر لیا تھا (91)

91. So (it was)! And We knew all about him (Dhul-Qarnain).

ثُمَّ اَتْبَعَ سَبَبًا (92)

پھر وہ (دیگر) سامان لے کر چلا (92)

92. Then he followed (another) way,

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

حَتّٰٓى اِذَا بَلَغَ بَيْنَ السَّدَّيْنِ وَجَدَ مِنْ دُوْنِهِمَا قَوْمًا ۙ لَّا يَكَادُوْنَ يَفْقَهُوْنَ قَوْلًا ﴿٩٣﴾

حتیٰ کہ جب وہ دو دیواروں کے درمیان پہنچا تو اس نے ان دونوں کے اس طرف ایک قوم پائی جو قریب نہ تھا کہ وہ کوئی بات سمجھیں ﴿٩٣﴾

93. Until, when he reached between the two mountains, he found before (near) them (those two mountains) a people who scarcely understood a word.

قَالُوْا يٰذَا الْقَرْنَيْنِ اِنَّ يَاْجُوْجَ وَمَاْجُوْجَ مُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ فَهَلْ نَجْعَلُ لَكَ خَرْجًا عَلٰٓى اَنْ تَجْعَلَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ سَدًّا ﴿٩٤﴾

وہ کہنے لگے: اے ذوالقرنین! بے شک یاجوج اور ماجوج اس سرزمین میں فساد کرنے والے ہیں① تو کیا ہم تیرے لیے کچھ پیداوار طے کر دیں اس (شرط) پر کہ تو ہمارے اور ان کے درمیان ایک دیوار بنا دے ﴿٩٤﴾

94. They said: "O Dhul-Qarnain! Verily, Ya'jūj and Ma'jūj (Gog and Magog people)[1] are doing great mischief in the land. Shall we then pay you a tribute in order that you might erect a barrier between us and them?"

قَالَ مَا مَكَّنِّيْ فِيْهِ رَبِّيْ خَيْرٌ فَاَعِيْنُوْنِيْ بِقُوَّةٍ اَجْعَلْ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَهُمْ رَدْمًا ﴿٩٥﴾

اس نے کہا: میرے رب نے مجھے اس میں جو قدرت دی ہے بہت بہتر ہے، چنانچہ تم میری (افرادی) قوت سے مدد کرو، میں تمھارے اور ان کے درمیان ایک مضبوط بند بنا دوں گا ﴿٩٥﴾

95. He said: "That (wealth, authority and power) in which my Lord had established me is better (than your tribute). So help me with strength (of men), I will erect between you and them a barrier.

اٰتُوْنِيْ زُبَرَ الْحَدِيْدِ ۭ حَتّٰٓى اِذَا سَاوٰى بَيْنَ الصَّدَفَيْنِ قَالَ انْفُخُوْا ۭ حَتّٰٓى اِذَا جَعَلَهٗ نَارًا ۙ قَالَ اٰتُوْنِيْٓ اُفْرِغْ عَلَيْهِ قِطْرًا ﴿٩٦﴾

تم مجھے لوہے کے تختے لا دو حتیٰ کہ جب اس نے دونوں پہاڑوں کے درمیانی خلا کو برابر کر دیا (تو) کہا: (اب اس میں) دھونکو، حتیٰ کہ جب اس نے اسے آگ (جیسا) بنا دیا تو کہا: میرے پاس پگھلا ہوا تانبا لاؤ کہ اس پر ڈال دوں ﴿٩٦﴾

96. "Give me pieces (blocks) of iron;" then, when he had filled up the gap between the two mountain-cliffs, he said: "Blow;" then when he had made them (red as) fire, he said: "Bring me molten copper to pour over them."

فَمَا اسْطَاعُوْٓا اَنْ يَّظْهَرُوْهُ وَمَا اسْتَطَاعُوْا لَهٗ نَقْبًا ﴿٩٧﴾

پھر وہ (یاجوج ماجوج) استطاعت نہ رکھتے تھے کہ اس پر چڑھ جائیں اور نہ استطاعت رکھتے تھے کہ اس میں نقب لگائیں ﴿٩٧﴾

97. So they [Ya'jūj and Ma'jūj (Gog and Magog people)] could not scale it or dig through it.

---

[1] (V.18:94) Ya'jūj and Ma'jūj (Gog and Magog people): To know about them in detail — please see *Tafsir Al-Qurtubi*. Narrated Zainab bint Jahsh that one day Allāh's Messenger ﷺ entered upon her in a state of fear and said, "*Lā ilāha illallāh* (none has the right to be worshipped but Allāh)! Woe to the Arabs from the great evil that has approached (them). Today a hole has been opened in the dam of Ya'jūj and Ma'jūj (Gog and Magog people) like this." The Prophet ﷺ made a circle with his index finger and thumb. Zainab bint Jahsh added: I said, "O Allāh's Messenger!, Shall we be destroyed though there will be righteous people among us?" The Prophet ﷺ said: "Yes if *Al-Khabath** (evil persons) increased." [*Sahih Al-Bukhari*, 9/7135 (O.P.249)]

* The word *Al-Khabath* is interpreted as illegal sexual intercourse and illegitimate children and every kind of evil deed. (See *Fath Al-Bari*)

① اس میں یاجوج ماجوج کا جو ذکر ہے۔ یہ اللہ کی مخلوق ہیں جو فی الحال ایک دیوار کے پیچھے محصور ہیں۔ قیامت کے قریب جب اللہ چاہے گا ان کی دیوار میں سوراخ ہو جائے گا اور یہ باہر نکل آئیں گے اور فساد مچائیں گے ذیل کی حدیث میں اسی طرف اشارہ کیا گیا ہے۔ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا نے روایت کیا ہے: ایک روز رسول اللہ ﷺ گھبرائے ہوئے اُن (زینب) کے پاس تشریف لائے اور فرمایا: [لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ] ''اللہ کے سوا کسی کو یہ حق حاصل نہیں کہ اس کی عبادت کی جائے'' جس شے (آفت) میں عرب کی خرابی ہے وہ (ان کے) نزدیک آ پہنچی ہے۔ آج یاجوج ماجوج کی دیوار میں اتنا سوراخ ہو گیا ہے۔'' اور آپ ﷺ نے اپنے انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کا حلقہ بنا کر بتایا۔ حضرت زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! کیا ہم ہلاک ہو جائیں گے جبکہ ہمارے درمیان نیک لوگ بھی ہوں گے؟ آپ نے فرمایا: ''ہاں جب فسق و فجور بہت ہو جائے گا۔'' (صحیح البخاری، الفتن، باب: 28 حدیث: 7135) حدیث میں [اَلْخَبَثُ] کا لفظ ہے جس سے مراد ''زنا کاری، حرامی بچے اور ہر طرح کا برا فعل ہے۔'' (ملاحظہ ہو فتح الباری، شرح حدیث مذکور)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

قَالَ هٰذَا رَحْمَةٌ مِّنْ رَّبِّيْ ۚ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ رَبِّيْ جَعَلَهٗ دَكَّآءَ ۚ وَكَانَ وَعْدُ رَبِّيْ حَقًّا ﴿98﴾

ذوالقرنین نے کہا: یہ میرے رب کی طرف سے رحمت ہے، پھر جب میرے رب کا وعدہ آجائے گا تو وہ اسے ہموار کر دے گا، اور میرے رب کا وعدہ حق ہے ﴿98﴾

98. (Dhul-Qarnain) said: "This is a mercy from my Lord, but when the Promise of my Lord comes, He shall level it down to the ground. And the Promise of my Lord is ever true."

وَتَرَكْنَا بَعْضَهُمْ يَوْمَئِذٍ يَّمُوْجُ فِيْ بَعْضٍ وَّنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَجَمَعْنٰهُمْ جَمْعًا ﴿99﴾

اور اس روز ہم ان کے کچھ کو چھوڑ دیں گے، وہ دوسروں میں گھس جائیں گے، اور صور میں پھونکا جائے گا، پھر ہم ان (سب) کو جمع کریں گے جمع کرنا ﴿99﴾

99. And on that Day [i.e. the Day Ya'jūj and Ma'jūj (Gog and Magog people) will come out], We shall leave them to surge like waves on one another; and the Trumpet will be blown, and We shall collect them (the creatures) all together.

وَّعَرَضْنَا جَهَنَّمَ يَوْمَئِذٍ لِّلْكٰفِرِيْنَ عَرْضَا ﴿100﴾

اور اس دن ہم جہنم کو کافروں کے روبرو لے آئیں گے ﴿100﴾

100. And on that Day We shall present Hell to the disbelievers, plain to view—

الَّذِيْنَ كَانَتْ اَعْيُنُهُمْ فِيْ غِطَآءٍ عَنْ ذِكْرِيْ
11 ع 19 2 وَكَانُوْا لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ سَمْعًا ﴿101﴾

وہ لوگ جن کی آنکھیں میری یاد سے پردے میں تھیں اور وہ سننے کی استطاعت نہ رکھتے تھے ﴿101﴾

101. (To) those whose eyes had been under a covering from My Reminder (this Qur'ān), and who could not bear to hear (it).

اَفَحَسِبَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَنْ يَّتَّخِذُوْا عِبَادِيْ مِنْ دُوْنِيْٓ اَوْلِيَآءَ ۭ اِنَّآ اَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكٰفِرِيْنَ نُزُلًا ﴿102﴾

کیا پھر ان لوگوں نے جو کافر ہوئے یہ سمجھ رکھا ہے کہ وہ مجھے چھوڑ کر میرے بندوں کو (اپنا) کارساز بنالیں گے؟① بے شک ہم نے کافروں کے لیے بطور مہمانی جہنم تیار کر رکھا ہے ﴿102﴾

102. Do then those who disbelieved think that they can take My slaves [i.e., the angels, Allāh's Messengers, 'Īsā (Jesus), son of Maryam (Mary)] as *Auliyā'* (lords, gods, protectors) besides Me? Verily, We have prepared Hell as an entertainment for the disbelievers (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism).[1]

قُلْ هَلْ نُنَبِّئُكُمْ بِالْاَخْسَرِيْنَ اَعْمَالًا ﴿103﴾

کہیے: کیا ہم تمھیں اعمال کے اعتبار سے سب سے

103. Say (O Muhammad ﷺ): "Shall We tell you the greatest

[1] (V.18:102) Almighty Allāh says: "They (Jews and Christians) took their rabbis and their monks to be their lords besides Allāh (by obeying them in things that they made lawful or unlawful according to their own desires without being ordered by Allāh), and (they also took as their Lord) Messiah, son of Maryam (Mary), while they (Jews and Christians) were commanded [in the Taurāt (Torah) and the Injīl (Gospel)] to worship none but one *Ilāh* (God – Allāh), *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He). Glorified is He, (far above is He) from having the partners they associate (with Him)." (V. 9:31)
Once, while Allāh's Messenger ﷺ was reciting the above Verse, 'Adi bin Hātim said, "O Allāh's Prophet! They do not worship them (rabbis and monks)." Allāh's Messenger ﷺ said, "They certainly do. They (i.e. rabbis and monks) made legal things illegal, and illegal things legal, and they (i.e. Jews and Christians) followed them, and by doing so they really worshipped them." [Narrated by Ahmad, At-Tirmidhi, and Ibn Jarir. (*Tafsīr At-Tabarī*, vol.10, page No. 114)]

① اس کا ایک مفہوم تو یہ ہے کہ اللہ کو چھوڑ کر اللہ کے بندوں کو اپنا حاجت روا اور مشکل کشا سمجھ لیا اور دوسرا مفہوم یہ ہے کہ دین میں ان کو مطاع مطلق سمجھ لیا جسے انہوں نے حلال کہا، اسے حلال اور جسے حرام کہا، اسے حرام سمجھا، جیسے دوسرے مقام پر اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: ''ان لوگوں (یہود ونصاریٰ) نے اللہ کو چھوڑ کر اپنے علماء ومشائخ کو اپنا رب بنا لیا۔ (ان چیزوں میں ان کی پیروی کر کے جنہیں انہوں نے اللہ تعالیٰ کے حکم کے بغیر اپنی خواہشات کے مطابق حرام یا حلال بنا دیا) اور مریم کے بیٹے مسیح کو بھی (انہوں نے اپنا رب بنا لیا) حالانکہ انہیں (یہود ونصاریٰ کو تورات اور انجیل میں) ایک معبود برحق (اللہ) کے سوا کسی اور کی بندگی کا حکم نہیں دیا گیا تھا وہ اللہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ ان کی مشرکانہ باتوں سے پاک ہے۔'' (التوبۃ 9:31)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

زیادہ خسارہ پانے والے بتائیں؟ (103)

losers in respect of (their) deeds?

اَلَّذِيْنَ ضَلَّ سَعْيُهُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَهُمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ يُحْسِنُوْنَ صُنْعًا (104)

جن کی سعی دنیاوی زندگی میں اکارت گئی، جبکہ وہ سمجھتے ہیں کہ یقیناً وہ اچھے کام کر رہے ہیں[1] (104)

104. "Those whose efforts have been wasted in this life while they thought that they were acquiring good by their deeds.[1]

اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ وَلِقَآئِهٖ فَحَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فَلَا نُقِيْمُ لَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَزْنًا (105)

یہی لوگ ہیں جنھوں نے اپنے رب کی آیات کا اور اس کی ملاقات کا انکار کیا، چنانچہ ان کے اعمال برباد ہوگئے، لہٰذا روزِ قیامت ہم ان کے لیے کوئی وزن قائم نہیں کریں گے (105)

105. "They are those who deny the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of their Lord and the Meeting with Him (in the Hereafter). So their works are in vain, and on the Day of Resurrection, We shall assign no weight for them.

ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمْ جَهَنَّمُ بِمَا كَفَرُوْا وَاتَّخَذُوْٓا اٰيٰتِيْ وَرُسُلِيْ هُزُوًا (106)

یہ ہے ان کی سزا جہنم، اس وجہ سے کہ انھوں نے کفر کیا، اور میری آیات اور میرے رسولوں کو ٹھٹھا بنایا (106)

106. "That shall be their recompense, Hell; because they disbelieved and took My *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) and My Messengers by way of jest and mockery.

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا (107)

بلاشبہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے ان کے لیے بطور مہمانی فردوس کے باغات ہیں (107)

107. "Verily, those who believe (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and do righteous deeds, shall have the Gardens of *Al-Firdaus* (Paradise) for their entertainment.

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا (108)

اس حال میں کہ وہ ان میں ہمیشہ مقیم ہوں گے، وہاں سے جگہ بدلنا نہیں چاہیں گے (108)

108. "Wherein they shall dwell (forever). No desire will they have for removal therefrom."

---

[1] (V.18:104) For the acceptance of the righteous deeds it is stipulated that the following two basic conditions must be fulfilled:

a) The intentions while doing such deeds must be totally for Allāh's sake only without any show-off or to gain praise or fame.

b) Such a deed must be performed in accordance with the *Sunnah* of Allāh's Messenger Muhammad bin 'Abdullāh ﷺ, the last of the Prophets and the Messengers.

Narrated 'Āishah رضي الله عنها: Allāh's Messenger ﷺ said, "If somebody innovates something which is not present in our religion (of Islāmic Monotheism), then that thing will be rejected." [*Sahih Al-Bukhari,* 3/2697 (O.P.861)]

In another *Hadith* narrated 'Āishah رضي الله عنها: The Prophet ﷺ said: "Whoever performs a (good) deed which we have not ordered (anyone) to do (or is not in accord with our religion of Islāmic Monotheism), then that deed will be rejected and will not be accepted." [*Sahih Al-Bukhari,* Vol.9, The Book of holding fast to the Qur'ān and the *Sunnah,* Chapter No.20, before *Hadith* No.449 (O.P.)]

(1) اس میں ایسے لوگوں کا ذکر ہے جو اپنی طرف سے اعمال گھڑ لیا کرتے ہیں اور بزعم خویش انہیں اچھا سمجھتے ہیں جیسے بدعتی وغیرہ، لیکن اللہ نے فرمایا: ''اُن کے سارے اَعمال برباد ہیں'' اس لیے کہ نیک اَعمال کی قبولیت کے لیے دو باتیں ضروری ہیں: ایک یہ کہ وہ صرف اللہ کی رضا کے لیے کیے جائیں، نمود و نمائش کا جذبہ ان میں کارفرما نہ ہو۔ دوسری بات یہ ہے کہ وہ اعمال سنت رسول ﷺ کے مطابق ہوں۔ اسی لیے بدعات کے بارے میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''جس نے ہمارے دین میں کوئی نئی بات نکالی (ایجاد کی) جس کی اصل اس دین میں نہ ہو تو وہ مردود ہے۔'' (صحیح البخاری، الصلح، باب: 5 حدیث: 2697)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

109. Say (O Muhammad ﷺ to mankind): "If the sea were ink for (writing) the Words of my Lord, surely the sea would be exhausted before the Words of my Lord would be finished, even if We brought (another sea) like it for its aid."

کہہ دیجیے: اگر میرے رب کی باتوں (کے لکھنے) کے لیے سمندر روشنائی ہو تو یقیناً میرے رب کی باتیں ختم ہونے سے پہلے سمندر ختم ہو جائے گا اور اگرچہ ہم اس کے مثل (اور سمندر) بطور مدد لے آئیں ﴿۱۰۹﴾

قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾

110. Say (O Muhammad ﷺ): "I am only a man like you. It has been revealed to me that your *Ilāh* (God) is One *Ilāh* (God — i.e. Allāh). So whoever hopes for the Meeting[1] with his Lord, let him work righteousness and associate none as a partner in the worship of his Lord."

(اے نبی!) کہہ دیجیے: میں تو بس تمھاری ہی طرح بشر ہوں، میری طرف وحی کی جاتی ہے کہ تمھارا الٰہ صرف ایک الٰہ ہے، پھر جو شخص کہ اپنے رب کی ملاقات کی امید رکھتا ہو تو وہ عمل کرے نیک عمل اور اپنے رب کی عبادت میں کسی کو بھی شریک نہ ٹھہرائے① ﴿۱۱۰﴾

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَاۗءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾ ع 12 3

Sūrat Maryam (Mary) 19

سورۂ مریم

آیاتہا 98 (19) سُوْرَةُ مَرْيَمَ مَكِّيَّةٌ (44) رکوعاتہا 6

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1. *Kāf-Hā-Yā-'Aīn-Sād.*
[These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

كٓهٰيٰعٓصٓ ①

كٓهٰيٰعٓصٓ ﴿۱﴾

2. (This is) a mention of the mercy of your Lord to His slave Zakariyyā (Zechariah).

(یہ) آپ کے رب کی اپنے بندے زکریا پر رحمت کا ذکر ہے ②

ذِكْرُ رَحْمَتِ رَبِّكَ عَبْدَهٗ زَكَرِيَّا ﴿۲﴾

3. When he called out to his Lord (Allāh) a call in secret.

جب اس نے اپنے رب کو نہایت آہستہ آواز سے پکارا ③

اِذْ نَادٰى رَبَّهٗ نِدَاۗءً خَفِيًّا ﴿۳﴾

4. He said: "My Lord! Indeed my bones have grown feeble, and grey hair has spread on my head, and I have never been unblest in my invocation to You, O my Lord!

اس (زکریا) نے کہا: اے میرے رب! بے شک میری ہڈیاں کمزور ہوگئیں، اور میرا سر بڑھاپے (کی سفیدی) سے بھڑک اٹھا، اور اے میرے رب! میں تجھ سے دعا کر کے کبھی محروم نہیں رہا ④

قَالَ رَبِّ اِنِّيْ وَهَنَ الْعَظْمُ مِنِّيْ وَاشْتَعَلَ الرَّاْسُ شَيْبًا وَّلَمْ اَكُنْۢ بِدُعَاۗىِٕكَ رَبِّ شَقِيًّا ﴿۴﴾

5. "And verily, I fear my relatives after me, and my wife is barren. So give me from Yourself an heir.

اور بے شک میں اپنے پیچھے قرابت داروں سے ڈرتا ہوں، اور میری بیوی بانجھ آرہی ہے، چنانچہ تو مجھے اپنے پاس سے ایک وارث عطا کر ⑤

وَاِنِّيْ خِفْتُ الْمَوَالِيَ مِنْ وَّرَاۗءِيْ وَكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا فَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ وَلِيًّا ﴿۵﴾

---

[1] (V.18:110) See the footnote of (V.6:31).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ انعام 6:31)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

6. "Who shall inherit me, and inherit (also) the posterity of Ya'qūb (Jacob) (inheritance of the religious knowledge and Prophethood, not of wealth). And make him, my Lord, one with whom You are Well-Pleased!"

جو میرا وارث بنے اور آل یعقوب سے وارث بنے اور اسے میرے رب! تو اسے پسندیدہ بنا⑥

يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ ۖ وَاجْعَلْهُ رَبِّ رَضِيًّا ⑥

7. (Allāh said:) "O Zakariyyā (Zechariah)! Verily, We give you the glad tidings of a son, whose name will be Yahyā (John). We have given that name to none before (him)."

(اللہ نے فرمایا:) اے زکریا! بے شک ہم تجھے ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں، اس کا نام یحییٰ ہے، ہم نے اس سے پہلے اس کا کوئی ہم نام نہیں بنایا⑦

يٰزَكَرِيَّآ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ ِۨاسْمُهٗ يَحْيٰى ۙ لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ⑦

8. He said: "My Lord! How can I have a son, when my wife is barren, and I have reached the extreme old age."

اس (زکریا) نے کہا: اے میرے رب! میرے ہاں لڑکا کیسے ہوگا، جبکہ میری بیوی بانجھ آرہی ہے، اور میں بڑھاپے کی آخری حد کو پہنچ گیا ہوں؟⑧

قَالَ رَبِّ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّكَانَتِ امْرَاَتِيْ عَاقِرًا وَّقَدْ بَلَغْتُ مِنَ الْكِبَرِ عِتِيًّا ⑧

9. He said: "So (it will be). Your Lord says: It is easy for Me. Certainly I have created you before, when you had been nothing!"

(فرشتے نے) کہا: ایسا ہی ہوگا، تیرے رب نے فرمایا: وہ مجھ پر نہایت آسان ہے، اور میں نے اس سے پہلے تجھے پیدا کیا، جبکہ تو کچھ بھی نہیں تھا⑨

قَالَ كَذٰلِكَ ۚ قَالَ رَبُّكَ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ وَّقَدْ خَلَقْتُكَ مِنْ قَبْلُ وَلَمْ تَكُ شَيْئًا ⑨

10. [Zakariyyā (Zechariah)] said: "My Lord! Appoint for me a sign." He said: "Your sign is that you shall not speak to mankind for three nights, though having no bodily defect."

اس (زکریا) نے کہا: اے میرے رب! میرے لیے کوئی نشانی ٹھہرا، فرمایا: تیری نشانی یہ ہے کہ تو تندرست ہونے کے باوجود تین دن اور تین راتیں لوگوں سے کلام نہیں کرے گا⑩

قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ۭ قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَ لَيَالٍ سَوِيًّا ⑩

11. Then he came out to his people from *Al-Mihrāb* (a praying place or a private room) and he told them by signs to glorify Allāh's Praises in the morning and in the afternoon.

چنانچہ وہ حجرے سے نکل کر اپنی قوم کے پاس آیا، تو اس نے انھیں اشارہ کیا کہ تم صبح شام تسبیح بیان کرو⑪

فَخَرَجَ عَلٰي قَوْمِهٖ مِنَ الْمِحْرَابِ فَاَوْحٰٓى اِلَيْهِمْ اَنْ سَبِّحُوْا بُكْرَةً وَّعَشِيًّا ⑪

12. (It was said to his son:) "O Yahyā (John)! Hold fast the Scripture [the Taurāt (Torah)]." And We gave him wisdom while yet a child.

(اللہ نے فرمایا:) اے یحییٰ! کتاب کو قوت سے پکڑ، اور ہم نے اسے بچپن ہی میں حکم عطا کیا⑫

يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ⑫

13. And (made him) sympathetic to men as a mercy (or a grant) from Us, and pure from sins [i.e. Yahyā (John)] and he was righteous,

اور اپنی طرف سے شفقت اور پاکیزگی (دی)، اور وہ نہایت متقی تھا⑬

وَّحَنَانًا مِّنْ لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ۭ وَكَانَ تَقِيًّا ⑬

14. And dutiful towards his parents, and he was neither

اور اپنے والدین سے نیکی کرنے والا تھا اور وہ

وَّبَرًّۢا بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

عَصِيًّا ⑭

سرکش، نافرمان نہیں تھا⑭

arrogant nor disobedient (to Allāh or to his parents).

وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ وَيَوْمَ يَمُوْتُ وَيَوْمَ يُبْعَثُ حَيًّا ⑮ ع 1/15/4

اور اس پر سلام ہے جس دن وہ پیدا ہوا، اور جس دن وہ مرے گا اور جس دن وہ دوبارہ زندہ (کرکے) اٹھایا جائے گا⑮

15. And *Salām* (peace) be on him the day he was born, and the day he dies, and the day he will be raised up to life (again)!

وَاذْكُرْ فِى الْكِتٰبِ مَرْيَمَ ۘ اِذِ انْتَبَذَتْ مِنْ اَهْلِهَا مَكَانًا شَرْقِيًّا ⑯

اور اس کتاب میں مریم کا ذکر کیجیے، جب وہ اپنے خاندان والوں سے دور مشرقی جانب کی جگہ میں الگ ہوئی⑯

16. And mention in the Book (the Qur'ān, O Muhammad ﷺ, the story of) Maryam (Mary), when she withdrew in seclusion from her family to a place facing east.

فَاتَّخَذَتْ مِنْ دُوْنِهِمْ حِجَابًا ۫ فَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهَا رُوْحَنَا فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا ⑰

پھر اس نے ان کے آگے ایک پردہ تان لیا، تب ہم نے اپنی روح (فرشتے) کو اس کے پاس بھیجا، تو وہ اس کے لیے کامل آدمی بن کر آیا⑰

17. She placed a screen (to screen herself) from them; then We sent to her Our *Ruh* [angel Jibrāīl (Gabriel)], and he appeared before her in the form of a man in all respects.

قَالَتْ اِنِّيْٓ اَعُوْذُ بِالرَّحْمٰنِ مِنْكَ اِنْ كُنْتَ تَقِيًّا ⑱

اس (مریم) نے کہا: میں تجھ سے رحمٰن کی پناہ مانگتی ہوں، اگر تو ڈرنے والا ہے⑱

18. She said: "Verily, I seek refuge with the Most Gracious (Allāh) from you, if you do fear Allāh."

قَالَ اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ ۖ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِيًّا ⑲

فرشتے نے کہا: یقیناً میں تیرے رب کا بھیجا ہوا ہوں، تاکہ تجھے (حکم الٰہی سے) ایک نہایت پاکیزہ لڑکا عطا کروں⑲

19. (The angel) said: "I am only a messenger from your Lord, (to announce) to you the gift of a righteous son."

قَالَتْ اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ وَّلَمْ اَكُ بَغِيًّا ⑳ نصف

اس نے کہا: میرے لیے لڑکا کیونکر ہوگا، جبکہ مجھے کسی بشر نے نہیں چھوا اور نہ میں بدکار رہی ہوں⑳

20. She said: "How can I have a son, when no man has touched me, nor am I unchaste?"

قَالَ كَذٰلِكِ ۚ قَالَ رَبُّكِ هُوَ عَلَيَّ هَيِّنٌ ۚ وَلِنَجْعَلَهٗٓ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَرَحْمَةً مِّنَّا ۚ وَكَانَ اَمْرًا مَّقْضِيًّا ㉑

اس (فرشتے) نے کہا: اسی طرح ہوگا، تیرے رب نے کہا ہے کہ وہ مجھ پر بہت آسان ہے، تاکہ ہم اسے لوگوں کے لیے نشانی اور اپنی طرف سے رحمت بنائیں اور یہ امر طے شدہ ہے㉑

21. He said: "So (it will be), your Lord said: 'That is easy for Me (Allāh). And (We wish) to appoint him as a sign to mankind and a mercy from Us (Allāh), and it is a matter (already) decreed (by Allāh).' "

فَحَمَلَتْهُ فَانْتَبَذَتْ بِهٖ مَكَانًا قَصِيًّا ㉒

بالآخر وہ اس کے ساتھ حاملہ ہوگئی،[1] تو اس (حمل) کو لے کر دور کی ایک جگہ میں الگ جا بیٹھی㉒

22. So she conceived him,[1] and she withdrew with him to a far place (i.e. Bethlehem valley about 4-6 miles from Jerusalem).

---

[1] (V.19:22) "And (remember) she who guarded her chastity [Virgin Maryam (Mary)], We breathed into (the sleeves of) her (shirt or garment) [through Our *Rūh* (Jibrāīl – Gabriel)],* and We made her and her son ['Īsā (Jesus)] a sign for *Al-'Ālamīn* (mankind and jinn)." (V. 21:91)

* It is said that Jibrāīl (Gabriel) had merely breathed in the sleeve of Maryam's (Mary) shirt, and thus she conceived.

① اس حقیقت کو ایک دوسرے مقام پر اس طرح بیان فرمایا: "اور وہ پاک دامن بی بی جس نے اپنی عصمت کی حفاظت کی۔ ہم نے ان کے اندر اپنی طرف سے روح پھونک دی اور خود انہیں اور ان کے لڑکے کو تمام جہان کے لیے نشانی بنا دیا۔" (الانبیاء 91/21)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فَأَجَاءَهَا الْمَخَاضُ إِلَىٰ جِذْعِ النَّخْلَةِ قَالَتْ يَا لَيْتَنِي مِتُّ قَبْلَ هَٰذَا وَكُنتُ نَسْيًا مَّنسِيًّا ﴿23﴾

پھر دردِ زہ اسے کھجور کے ایک تنے کی طرف لے آیا، (تو) وہ بولی: اے کاش! میں اس سے پہلے مرجاتی اور بھولی بھلائی ہوتی ﴿23﴾

23. And the pains of childbirth drove her to the trunk of a date palm. She said: "Would that I had died before this, and had been forgotten and out of sight!"

فَنَادَاهَا مِن تَحْتِهَا أَلَّا تَحْزَنِي قَدْ جَعَلَ رَبُّكِ تَحْتَكِ سَرِيًّا ﴿24﴾

پھر اس (فرشتے) نے اس کے نیچے (کے علاقے) سے اسے آواز دی کہ غم نہ کھا، تیرے رب نے تجھ سے نیچے (کے علاقے میں) ایک چشمہ جاری کر دیا ہے ﴿24﴾

24. Then [the babe 'Īsā (Jesus) or Jibrāīl (Gabriel)] cried to her from below her, saying: "Grieve not: your Lord has provided a water stream under you.

وَهُزِّي إِلَيْكِ بِجِذْعِ النَّخْلَةِ تُسَاقِطْ عَلَيْكِ رُطَبًا جَنِيًّا ﴿25﴾

اور تو کھجور کا تنا اپنی طرف ہلا، وہ تجھ پر تازہ پکی ہوئی کھجوریں گرائے گا ﴿25﴾

25. "And shake the trunk of the date palm towards you, it will let fall fresh ripe dates upon you."

فَكُلِي وَاشْرَبِي وَقَرِّي عَيْنًا ۖ فَإِمَّا تَرَيِنَّ مِنَ الْبَشَرِ أَحَدًا فَقُولِي إِنِّي نَذَرْتُ لِلرَّحْمَٰنِ صَوْمًا فَلَنْ أُكَلِّمَ الْيَوْمَ إِنسِيًّا ﴿26﴾

چنانچہ تو کھا اور پی اور (اپنی) آنکھیں ٹھنڈی کر، پھر اگر تو انسانوں میں سے کسی کو دیکھے تو اس سے کہہ دینا: بے شک میں نے رحمٰن کے لیے روزے کی نذر مانی ہے، لہٰذا آج میں کسی انسان سے ہرگز کلام نہیں کروں گی ﴿26﴾

26. "So eat and drink and be glad. And if you see any human being, say: 'Verily, I have vowed a fast[1] to the Most Gracious (Allāh) so I shall not speak to any human being this day.'"

فَأَتَتْ بِهِ قَوْمَهَا تَحْمِلُهُ ۖ قَالُوا يَا مَرْيَمُ لَقَدْ جِئْتِ شَيْئًا فَرِيًّا ﴿27﴾

پھر وہ اس (بچے) کو اٹھائے اپنی قوم کے پاس آئی، تو وہ کہنے لگے: اے مریم! یقیناً تو نے بہت برا کام کیا ہے ﴿27﴾

27. Then she brought him (the baby) to her people, carrying him. They said: "O Maryam (Mary)! Indeed you have brought a thing *Fariyy* (a mighty thing). (*Tafsir At-Tabari*)

يَا أُخْتَ هَارُونَ مَا كَانَ أَبُوكِ امْرَأَ سَوْءٍ وَمَا كَانَتْ أُمُّكِ بَغِيًّا ﴿28﴾

اے ہارون کی بہن! نہ تو تیرا باپ برا آدمی تھا اور نہ تیری ماں ہی بدکار تھی ﴿28﴾

28. "O sister (i.e. the like) of Hārūn (Aaron)![2] Your father was not a man who used to commit adultery, nor your mother was an unchaste woman."

فَأَشَارَتْ إِلَيْهِ ۖ قَالُوا كَيْفَ نُكَلِّمُ مَن كَانَ فِي الْمَهْدِ صَبِيًّا ﴿29﴾

چنانچہ اس نے اس (بچے) کی طرف اشارہ کیا، تو وہ کہنے لگے: ہم اس سے کیسے کلام کریں جو گود میں بچہ ہے؟① ﴿29﴾

29. Then she pointed to him. They said: "How can we talk to one who is a child in the cradle?[3]"

قَالَ إِنِّي عَبْدُ اللَّهِ آتَانِيَ الْكِتَابَ وَجَعَلَنِي نَبِيًّا ﴿30﴾

وہ (بچہ) بول اٹھا: بلاشبہ میں اللہ کا بندہ ہوں، اس نے مجھے کتاب دی اور مجھے نبی بنایا ہے ﴿30﴾

30. He ['Īsā (Jesus)] said: "Verily, I am a slave of Allāh, He has given me the Scripture and made me a Prophet;[4]"

---

[1] (V.19:26) Fast here means abstinence from food and speech.
[2] (V.19:28) This Hārūn (Aaron) is not the brother of Mūsā (Moses), but he was another pious man at the time of Maryam (Mary).
[3] (V.19:29) See the footnote of (V.3:46).
[4] (V.19:30) See the footnote No. 2 of (V.4:171).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ آل عمران: 46/3)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا اَيْنَ مَا كُنْتُ ۠ وَاَوْصٰنِيْ بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ مَا دُمْتُ حَيًّا ۖ ۝31

اور اس نے مجھے برکت والا بنایا جہاں بھی میں ہوں، اور مجھے نماز اور زکاۃ کی پابندی کا حکم دیا ہے جب تک میں زندہ رہوں ۝31

31. "And He has made me blessed wheresoever I be, and has enjoined on me *Salāt* (prayer) and *Zakāt* (obligatory charity), as long as I live."

وَّبَرًّا بِوَالِدَتِيْ ۡ وَلَمْ يَجْعَلْنِيْ جَبَّارًا شَقِيًّا ۝32

اور اپنی والدہ سے نیکی کرنے والا بنایا ہے اور اس نے مجھے سرکش (اور) بدبخت نہیں بنایا ۝32

32. "And dutiful to my mother, and made me not arrogant, unblest.

وَالسَّلٰمُ عَلَيَّ يَوْمَ وُلِدْتُّ وَيَوْمَ اَمُوْتُ وَيَوْمَ اُبْعَثُ حَيًّا ۝33

اور سلام ہے مجھ پر جس دن میں پیدا ہوا، اور جس دن میں مروں گا اور جس دن میں زندہ (کرکے) اٹھایا جاؤں گا ۝33

33. "And *Salām* (peace) be upon me the day I was born, and the day I die, and the day I shall be raised alive!"

ذٰلِكَ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ ۚ قَوْلَ الْحَقِّ الَّذِيْ فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ۝34

یہ ہے عیسیٰ ابن مریم، (یہی ہے) حق کی بات جس میں وہ لوگ شک کرتے ہیں ۝34

34. Such is ʿĪsā (Jesus), son of Maryam (Mary). (It is) a statement of truth about which they doubt (or dispute).

مَا كَانَ لِلّٰهِ اَنْ يَّتَّخِذَ مِنْ وَّلَدٍ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ اِذَا قَضٰۤى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ؕ ۝35

اللہ کے لائق ہی نہیں کہ وہ کوئی بھی اولاد بنائے، وہ پاک ہے، جب وہ کسی کام کا فیصلہ کر لیتا ہے تو اس کے لیے بس یہی کہتا ہے کہ ہوجا، تو وہ ہوجاتا ہے① ۝35

35. It befits not (the Majesty of) Allāh that He should beget a son [this refers to the slander of Christians against Allāh, by saying that ʿĪsā (Jesus) is the son of Allāh]. Glorified (and Exalted) is He (above all that they associate with Him). When He decrees a thing, He only says to it: "Be!" and it is.[1]

وَاِنَّ اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۝36

اور بے شک اللہ ہی میرا رب ہے اور تمھارا رب ہے، لہٰذا تم اسی کی عبادت کرو، یہی ہے سیدھی راہ ۝36

36. [ʿĪsā (Jesus) said:] "And verily, Allāh is my Lord and your Lord. So worship Him (Alone). That is a Straight Path. (Allāh's religion of Islāmic Monotheism which He did ordain for all of His Prophets)." (*Tafsir At-Tabarī*)

فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْ بَيْنِهِمْ ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ مَّشْهَدِ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ۝37

پھر (متعدد) گروہوں نے آپس میں اختلاف کیا،② چنانچہ ان کے لیے تباہی ہے جنھوں نے یوم عظیم کی پیشی کا انکار کیا ۝37

37. Then the sects differed [i.e. the Christians about ʿĪsā (Jesus) عليه السلام], so woe to the disbelievers [those who gave false witness by saying that ʿĪsā (Jesus) is the son of Allāh] from the Meeting of a great Day (i.e. the Day of Resurrection, when they will be thrown in the blazing Fire).[2]

---

[1] (V.19:35) See the footnote of (V.2:116).
[2] (V.19:37) See the footnote of (V.3:103).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بقرہ 2:116)
② ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3:103)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

أَسْمِعْ بِهِمْ وَأَبْصِرْ يَوْمَ يَأْتُونَنَا لَٰكِنِ الظَّٰلِمُونَ الْيَوْمَ فِي ضَلَٰلٍ مُّبِينٍ ﴿38﴾

وہ لوگ کیا ہی خوب سننے والے اور کیا ہی خوب دیکھنے والے ہوں گے، جس دن وہ ہمارے پاس آئیں گے! لیکن آج یہ ظالم کھلی گمراہی میں ہیں﴿38﴾

38. How clearly will they (polytheists and disbelievers in the Oneness of Allāh) see and hear, the Day when they will appear before Us! But the *Zalimūn* (polytheists and wrong doers) today are in plain error.

وَأَنذِرْهُمْ يَوْمَ الْحَسْرَةِ إِذْ قُضِيَ الْأَمْرُ وَهُمْ فِي غَفْلَةٍ وَهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ﴿39﴾

اور آپ انھیں روزِ حسرت سے ڈرائیں جب ہر معاملے کا فیصلہ کیا جائے گا، جبکہ وہ غفلت میں ہیں، ① اور وہ ایمان نہیں لاتے﴿39﴾

39. And warn them (O Muhammad ﷺ) of the Day of grief and regrets, when the case has been decided, while (now) they are in a state of carelessness, and they believe not.[1]

إِنَّا نَحْنُ نَرِثُ الْأَرْضَ وَمَنْ عَلَيْهَا وَإِلَيْنَا يُرْجَعُونَ ﴿40﴾

بلاشبہ ہم ہی زمین کے وارث ہوں گے اور جو اس (سرزمین) پر ہے وارث ہوں گے، اور ہماری ہی طرف وہ لوٹائے جائیں گے﴿40﴾

40. Verily, We will inherit the earth and whatsoever is thereon. And to Us they all shall be returned,

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَٰبِ إِبْرَٰهِيمَ ۚ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَّبِيًّا ﴿41﴾

اور کتاب میں ابراہیم کا ذکر کیجیے، بے شک وہ نہایت سچا (اور) نبی تھا﴿41﴾

41. And mention in the Book (the Qur'ān) Ibrāhīm (Abraham). Verily, he was a man of truth, a Prophet.

إِذْ قَالَ لِأَبِيهِ يَٰٓأَبَتِ لِمَ تَعْبُدُ مَا لَا يَسْمَعُ وَلَا يُبْصِرُ وَلَا يُغْنِي عَنكَ شَيْـًٔا ﴿42﴾

جب اس نے اپنے باپ سے کہا: اے میرے باپ! تو اس کی عبادت کیوں کرتا ہے جو نہ سنے، نہ دیکھے اور نہ تیرے کچھ کام آئے؟﴿42﴾

42. When he said to his father: "O my father! Why do you worship that which hears not, sees not and cannot avail you in anything?

يَٰٓأَبَتِ إِنِّي قَدْ جَآءَنِي مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَأْتِكَ فَاتَّبِعْنِيٓ أَهْدِكَ صِرَٰطًا سَوِيًّا ﴿43﴾

اے میرے باپ! بے شک میرے پاس وہ علم آیا ہے جو تیرے پاس نہیں آیا، لہٰذا تو میری اتباع کر، میں تجھے سیدھی راہ دکھاؤں گا﴿43﴾

43. "O my father! Verily, there has come to me of the knowledge that which came not to you. So follow me, I will guide you to a

[1] (V.19:39) Narrated Abu Sa'īd Al-Khudrī رضي الله عنه : Allāh's Messenger ﷺ said, "On the Day of Resurrection, death will be brought forward in the shape of a black and white ram. Then a call-maker will call, 'O people of Paradise!' Thereupon they will stretch their necks and look carefully. The caller will say, 'Do you know this?' They will say: 'Yes, this is death.' By then all of them would have seen it. Then it will be announced again, 'O people of Hell!' They will stretch their necks and look carefully. The caller will say, 'Do you know this?' They will say, 'Yes, this is death.' And by then all of them would have seen it. Then it (that ram) will be slaughtered and the caller will say, 'O people of Paradise! Eternity for you and no death. O people of Hell! Eternity for you and no death.' " Then the Prophet ﷺ recited: "And warn them (O Muhammad ﷺ) of the Day of grief and regrets when the case has been decided, while (now) they (i.e. the people of the world) are in a state of carelessness and they believe not."
[*Sahih Al-Bukhari*, 6/4730 (O.P.254)]

① پھر جب قیامت برپا ہوگی تو ان کی آنکھیں کھلیں گی اور حسرت کریں گے، لیکن پھر اس کا ازالہ ممکن ہی نہیں ہوگا کیونکہ وہاں جو آرام وراحت میں ہوگا ہمیشہ آرام وراحت میں رہے گا، اور جو عذاب میں مبتلا ہوگا وہ برابر مبتلائے عذاب رہے گا، چنانچہ حدیث میں ہے، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''قیامت کے دن موت کو ایک چتکبرے مینڈھے کی شکل میں لایا جائے گا پھر ایک پکارنے والا پکارے گا: اے جنت والو! چنانچہ وہ گردن اُٹھا کر دیکھیں گے تو ان سے کہا جائے گا: کیا تم اسے جانتے ہو؟ وہ کہیں گے: ہاں جانتے ہیں یہ تو موت ہے کیونکہ سب اسے دیکھ چکے ہوں گے۔ پھر دوبارہ پکارا جائے گا: (اعلان کیا جائے گا:) اے جہنم والو! وہ گردن اُٹھا کر دیکھیں گے تو ان سے کہا جائے گا: کیا تم اسے جانتے ہو؟ وہ کہیں گے: ہاں! (جانتے ہیں) یہ تو موت ہے کیونکہ اس وقت تک وہ سب اسے دیکھ چکے ہوں گے۔ پھر اس (مینڈھے) کو ذبح کر دیا جائے گا اور پکارنے والا کہے گا: اے جنت والو! تم ہمیشہ (جنت میں) رہو گے اور اب (کسی کو) موت نہیں آئے گی اور اے جہنم والو! تم ہمیشہ (جہنم میں) رہو گے اور اب (کسی کو) موت نہیں آئے گی۔'' پھر رسول اللہ ﷺ نے یہ آیت تلاوت فرمائی۔'' (صحیح البخاری، التفسیر، باب: 1 حدیث: 4730)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

Straight Path.

يٰٓاَبَتِ لَا تَعۡبُدِ الشَّيۡطٰنَ ؕ اِنَّ الشَّيۡطٰنَ كَانَ لِلرَّحۡمٰنِ عَصِيًّا ﴿44﴾

اے میرے باپ! تو شیطان کی عبادت نہ کر، بلاشبہ شیطان رحمٰن کا سخت نافرمان ہے ﴿44﴾

44. "O my father! Worship not *Shaitān* (Satan). Verily, *Shaitān* (Satan) has been a rebel against the Most Gracious (Allāh).

يٰٓاَبَتِ اِنِّىۡۤ اَخَافُ اَنۡ يَّمَسَّكَ عَذَابٌ مِّنَ الرَّحۡمٰنِ فَتَكُوۡنَ لِلشَّيۡطٰنِ وَلِيًّا ﴿45﴾

اے ابا جان! بے شک میں اس بات سے ڈرتا ہوں کہ تجھے رحمٰن کی طرف سے عذاب آ پہنچے، پھر تو شیطان کا ساتھی ہو جائے ﴿45﴾

45. "O my father! Verily, I fear lest torment from the Most Gracious (Allāh) should overtake you, so that you become a companion of *Shaitān* (Satan) (in the Hell-fire)." (*Tafsir Al-Qurtubī*)

قَالَ اَرَاغِبٌ اَنۡتَ عَنۡ اٰلِهَتِىۡ يٰۤاِبۡرٰهِيۡمُ ۚ لَئِنۡ لَّمۡ تَنۡتَهِ لَاَرۡجُمَنَّكَ وَاهۡجُرۡنِىۡ مَلِيًّا ﴿46﴾

وہ (باپ آزر) کہنے لگا: اے ابراہیم! کیا تو میرے معبودوں سے منہ پھیرے ہوئے ہے؟ اگر تو باز نہ آیا تو میں تجھے ضرور رجم کر دوں گا، اور تو لمبا عرصہ مجھ سے دور چلا جا ﴿46﴾

46. He (the father) said: "Do you reject my gods, O Ibrāhīm (Abraham)? If you stop not (this), I will indeed stone you. So get away from me safely (before I punish you)."

قَالَ سَلٰمٌ عَلَيۡكَ ۚ سَاَسۡتَغۡفِرُ لَكَ رَبِّىۡ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِىۡ حَفِيًّا ﴿47﴾

ابراہیم نے کہا: تجھ پر سلامتی ہو، عنقریب میں تیرے لیے اپنے رب سے استغفار کروں گا، بے شک وہ مجھ پر بہت مہربان ہے ﴿47﴾

47. Ibrāhīm (Abraham) said: "Peace be on you! I will ask forgiveness of my Lord for you. Verily, He is to me Ever Most Gracious.

وَاَعۡتَزِلُكُمۡ وَمَا تَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ وَاَدۡعُوۡا رَبِّىۡ ۖ عَسٰٓى اَلَّاۤ اَكُوۡنَ بِدُعَآءِ رَبِّىۡ شَقِيًّا ﴿48﴾

اور میں کنارہ کش ہوتا ہوں تم سے اور ان سے جنھیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو، اور میں تو اپنے رب ہی کو پکارتا ہوں، امید ہے کہ میں اپنے رب کو پکار کر محروم نہ رہوں گا ﴿48﴾

48. "And I shall turn away from you and from those whom you invoke besides Allāh. And I shall call upon my Lord and I hope that I shall not be unblest in my invocation to my Lord."

فَلَمَّا اعۡتَزَلَهُمۡ وَمَا يَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ ۙ وَهَبۡنَا لَهٗۤ اِسۡحٰقَ وَيَعۡقُوۡبَ ؕ وَكُلًّا جَعَلۡنَا نَبِيًّا ﴿49﴾

پھر جب اس نے کنارہ کیا ان سے اور جنھیں وہ اللہ کے سوا پوجتے تھے، تو ہم نے اسے اسحٰق اور یعقوب بخشے، اور ہم نے ہر ایک کو نبی بنایا ﴿49﴾

49. So, when he had turned away from them and from those whom they worshipped besides Allāh, We gave him Ishāq (Isaac) and Ya'qūb (Jacob), and each one of them We made a Prophet.

ع 3 10 6 وَوَهَبۡنَا لَهُمۡ مِّنۡ رَّحۡمَتِنَا وَجَعَلۡنَا لَهُمۡ لِسَانَ صِدۡقٍ عَلِيًّا ﴿50﴾ ع

اور ہم نے انھیں اپنی رحمت بخشی، اور ان کے لیے سچائی کا بول (ذکر خیر) بلند کیا① ﴿50﴾

50. And We gave them of Our Mercy (a good provision in plenty), and We granted them honour on the tongues (of all the nations, i.e. everybody remembers them with a good praise).[1]

وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ مُوۡسٰٓى ۫ اِنَّهٗ كَانَ مُخۡلَصًا

اور کتاب میں موسیٰ کا ذکر کیجیے، بلاشبہ وہ چنا ہوا تھا

51. And mention in the Book (this Qur'ān) Mūsā (Moses).

[1] (V.19:50) See the footnote of (V.2:135) and the footnotes (A, B and C) of (V.16:121)

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بقرہ: 2/135 اور سورۂ نحل: 16/121)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَكَانَ رَسُولًا نَّبِيًّا ﴿٥١﴾

اور رسول نبی تھا ﴿۵۱﴾

Verily, he was chosen and he was a Messenger (and) a Prophet.

وَنَادَيْنَٰهُ مِن جَانِبِ الطُّورِ الْأَيْمَنِ وَقَرَّبْنَٰهُ نَجِيًّا ﴿٥٢﴾

اور ہم نے اسے طور کی دائیں جانب سے پکارا اور ہم نے اسے راز و نیاز کرتے ہوئے قریب کیا ﴿۵۲﴾

52. And We called him from the right side of the Mount, and made him draw near to Us for a talk with him [Mūsā (Moses)].

وَوَهَبْنَا لَهُ مِن رَّحْمَتِنَآ أَخَاهُ هَٰرُونَ نَبِيًّا ﴿٥٣﴾

اور اسے اپنی رحمت سے اس کا بھائی ہارون نبی بخشا ﴿۵۳﴾

53. And We granted him his brother Hārūn (Aaron), (also) a Prophet, out of Our Mercy.

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَٰبِ إِسْمَٰعِيلَ ۚ إِنَّهُ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُولًا نَّبِيًّا ﴿٥٤﴾

اور کتاب میں اسمٰعیل کا ذکر کیجیے، بے شک وہ وعدے کا سچا اور رسول نبی تھا ﴿۵۴﴾

54. And mention in the Book (the Qur'ān) Ismā'īl (Ishmael). Verily, he was true to what he promised, and he was a Messenger, (and) a Prophet.

وَكَانَ يَأْمُرُ أَهْلَهُ بِالصَّلَوٰةِ وَالزَّكَوٰةِ وَكَانَ عِندَ رَبِّهِ مَرْضِيًّا ﴿٥٥﴾

اور وہ اپنے گھر والوں کو نماز اور زکاۃ کا حکم دیتا تھا اور وہ اپنے رب کے ہاں نہایت پسندیدہ تھا ﴿۵۵﴾

55. And he used to enjoin on his family and his people *As-Salāt* (the prayers) and the *Zakāt* (obligatory charity), and his Lord was pleased with him.

وَاذْكُرْ فِي الْكِتَٰبِ إِدْرِيسَ ۚ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَّبِيًّا ﴿٥٦﴾

اور کتاب میں ادریس کا ذکر کیجیے، بے شک وہ نہایت سچا (اور) نبی تھا ﴿۵۶﴾

56. And mention in the Book (the Qur'ān) Idrīs. Verily, he was a man of truth, (and) a Prophet.

وَرَفَعْنَٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿٥٧﴾

اور ہم نے اسے بہت بلند مقام پر اٹھا لیا ﴿۵۷﴾

57. And We raised him to a high station.

أُولَٰٓئِكَ الَّذِينَ أَنْعَمَ اللَّهُ عَلَيْهِم مِّنَ النَّبِيِّينَ مِن ذُرِّيَّةِ آدَمَ وَمِمَّنْ حَمَلْنَا مَعَ نُوحٍ وَمِن ذُرِّيَّةِ إِبْرَٰهِيمَ وَإِسْرَٰٓءِيلَ وَمِمَّنْ هَدَيْنَا وَاجْتَبَيْنَآ ۚ إِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ ءَايَٰتُ الرَّحْمَٰنِ خَرُّوا سُجَّدًا وَبُكِيًّا ۩ ﴿٥٨﴾ السجدة

یہ وہ (انبیاء) ہیں جن پر اللہ نے انعام کیا جو اولاد آدم میں سے ہیں اور ان لوگوں (کی نسل) میں سے جنھیں ہم نے نوح کے ساتھ (کشتی میں) سوار کیا تھا، اور ابراہیم اور اسرائیل کی اولاد سے، اور ان لوگوں میں سے جنھیں ہم نے ہدایت دی اور چن لیا، جب ان پر رحمٰن کی آیات تلاوت کی جاتیں تو وہ سجدہ[1] کرتے ہوئے اور روتے ہوئے گر جاتے تھے ﴿۵۸﴾

58. Those were they to whom Allāh bestowed His Grace from among the Prophets, of the offspring of Adam, and of those whom We carried (in the ship) with Nūh (Noah), and of the offspring of Ibrāhīm (Abraham) and Israel, and from among those whom We guided and chose. When the Verses of the Most Gracious (Allāh) were recited to them, they fell down prostrate and weeping.*

---

* (V.19:58) Prostration (see the List of Prostration Places at the end).

① [اَلسَّجدَةُ] قرآن کریم کی تلاوت کرنے والے کو اس مقام پر (تلاوت موقوف کر کے) قبلہ رخ ہو کر اللہ کے حضور سجدہ کرنا چاہیے۔ سجدے میں یہ مسنون دعا پڑھے: [اَللّٰهُمَّ! اكْتُبْ لِي بِهَا عِنْدَكَ أَجْرًا وَضَعْ عَنِّي بِهَا وِزْرًا وَاجْعَلْهَا لِي عِنْدَكَ ذُخْرًا وَ تَقَبَّلْهَا مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوُدَ] "اے اللہ! میرے لیے اپنے ہاں اس (قرآن مجید کی تلاوت) کی وجہ سے اجر و ثواب لکھ دے اور مجھے اس کے بدلے گناہوں سے پاک کر دے اور میری جانب سے اس (تلاوت) کو اپنے ہاں ذخیرہ کر لے اور میری طرف سے اس تلاوت کو ایسے ہی قبول فرما جس طرح تو نے اپنے بندے داود علیہ السلام سے قبول فرمائی۔" (جامع الترمذی، حدیث: 3424,579 و سنن ابن ماجه، حدیث: 1053)

وضاحت: سجدہ تلاوت کی مذکورہ دعا اپنے شواہد کی بنا پر حسن درجہ کی ہے اور دوسری مشہور دعا: [سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِي خَلَقَهُ وَ شَقَّ سَمْعَهُ وَ بَصَرَهُ بِحَوْلِهِ وَ قُوَّتِهِ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِينَ] (صحیح مسلم، حدیث: 771) کو سجدہ نماز میں پڑھنا تو ثابت ہے مگر سجدۂ قرآن میں پڑھنا صحیح سند کے ساتھ ثابت نہیں، لہٰذا اول الذکر دعا سجدۂ تلاوت میں پڑھی جائے جبکہ آخر الذکر دعا کو سجدہ نماز کا حصہ بنایا جائے۔ (سنن أبي داود، حدیث: 1414)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ أَضَاعُوا الصَّلٰوةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوٰتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا ﴿59﴾

پھر ان کے بعد ناخلف (نالائق ان کے) جانشین ہوئے، جنھوں نے نماز ضائع کی اور خواہشات کی پیروی کی① چنانچہ جلد ہی (آگے) وہ ہلاکت اور گمراہی (کے انجام) سے دوچار ہوں گے ﴿59﴾

59. Then, there has succeeded them posterity who have given up *As-Salāt* (the prayers) [i.e. made their *Salāt* (prayers) to be lost, either by not offering them or by not offering them perfectly or by not offering them in their proper fixed times] and have followed lusts.[1] So, they will be thrown in Hell.

إِلَّا مَنْ تَابَ وَآمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا فَأُولٰٓئِكَ يَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ وَلَا يُظْلَمُونَ شَيْئًا ﴿60﴾

مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا اور نیک عمل کیے، تو وہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے اور ان پر کوئی ظلم نہ ہوگا② ﴿60﴾

60. Except those who repent and believe (in the Oneness of Allāh and His Messenger Muhammad ﷺ), and work righteousness.[2] Such will enter Paradise and they will not be wronged in aught.

جَنّٰتِ عَدْنٍ الَّتِي وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَهُ بِالْغَيْبِ ۚ إِنَّهُ كَانَ وَعْدُهُ مَأْتِيًّا ﴿61﴾

(یعنی) ابدی باغات، جن کا رحمٰن نے اپنے بندوں کے ساتھ غیب سے وعدہ کیا ہے۔ بے شک اس کا وعدہ (ہر صورت) آنے والا ہے ﴿61﴾

61. (They will enter) *'Adn* (Eden) Paradise (everlasting Gardens), which the Most Gracious (Allāh) has promised to His slaves in the unseen. Verily, His Promise must come to pass.

لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا إِلَّا سَلٰمًا ۖ وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيهَا بُكْرَةً وَعَشِيًّا ﴿62﴾

وہ اس میں کوئی لغو بات نہیں سنیں گے، سوائے سلام کے، اور وہاں ان کے لیے صبح و شام رزق ہوگا ﴿62﴾

62. They shall not hear therein (in Paradise) any *Laghw* (dirty, false, evil vain talk), but only *Salām* (salutations of peace). And they will have therein their sustenance, morning and afternoon. [See (V.40:55)].

تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِي نُورِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِيًّا ﴿63﴾

یہی وہ جنت ہے جس کا وارث ہم اپنے بندوں میں سے اسے بنائیں گے جو متقی ہوگا ﴿63﴾

63. Such is the Paradise which We shall give as an inheritance to those of Our slaves who have been *Al-Muttaqūn* (the pious. See V.2:2).

وَمَا نَتَنَزَّلُ إِلَّا بِأَمْرِ رَبِّكَ ۖ لَهُ مَا بَيْنَ أَيْدِينَا وَمَا خَلْفَنَا وَمَا بَيْنَ ذٰلِكَ ۚ وَمَا كَانَ رَبُّكَ نَسِيًّا ﴿64﴾

اور ہم (فرشتے) آپ کے رب ہی کے حکم سے نازل ہوتے ہیں، اسی کے لیے ہے جو کچھ ہمارے آگے ہے اور جو کچھ ہمارے پیچھے ہے، اور جو کچھ اس کے درمیان ہے، اور آپ کا رب کبھی بھولنے والا نہیں ﴿64﴾

64. And we (angels) descend not except by the Command of your Lord (O Muhammad ﷺ). To Him belongs what is before us and what is behind us, and what is between those two; and your

[1] (V.19:59) Lusts: like drinking alcoholic drinks; giving false witnesses; eating unlawful things - meat of edible animals not slaughtered according to Allāh's Order; taking intoxicants; narcotic drugs like opium, morphine, beroin, cannabis; committing crimes; evil wicked deeds like illegal sexual acts, murdering, taking others' rights unlawfully, robbing, stealing, betraying, backbiting, slandering, telling lies.

[2] (V.19:60) See the footnote of (V.9:121).

① جیسے شراب نوشی، جھوٹی گواہی دینا، حرام اشیا کھانا...... ایسے جانوروں کا گوشت کھانا جنھیں اللہ کے حکم کے مطابق ذبح نہ کیا گیا ہو، منشیات، افیون، مارفیا، ہیروئن، بھنگ اور چرس وغیرہ کا استعمال، اور فسق و فجور کا ارتکاب مثلاً: زناکاری، ناحق قتل کرنا، ناجائز طور پر دوسرے کے حقوق غصب کرنا، ڈاکہ زنی، چوری، غداری، غیبت، بہتان طرازی اور جھوٹ بولنا وغیرہ۔

② ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ توبہ:9/121)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

Lord is never forgetful —

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَيۡنَهُمَا فَاعۡبُدۡهُ وَاصۡطَبِرۡ لِعِبَادَتِهٖ ؕ هَلۡ تَعۡلَمُ لَهٗ سَمِيًّا ﴿۶۵﴾ ع 4/15/7

(وہی) رب ہے آسمانوں کا اور زمین کا اور جو کچھ ان کے درمیان ہے (سب کا)، چنانچہ آپ اس کی عبادت کریں اور اس کی عبادت پر قائم رہیں، کیا آپ اس کا کوئی ہم نام جانتے ہیں؟① ﴿۶۵﴾

65. Lord of the heavens and the earth, and all that is between them, so worship Him (Alone) and be constant and patient in His worship. Do you know of any who is similar to Him? (of course none is similar or co-equal or comparable to Him, and He has none as partner with Him.) (There is nothing like Him and He is the All-Hearer, the All-Seer.)[1]

وَيَقُوۡلُ الۡاِنۡسَانُ ءَاِذَا مَا مِتُّ لَسَوۡفَ اُخۡرَجُ حَيًّا ﴿۶۶﴾

اور انسان کہتا ہے: کیا جب میں مر جاؤں گا، البتہ یقیناً مجھے زندہ نکالا جائے گا؟ ﴿۶۶﴾

66. And man (the disbeliever) says: "When I am dead, shall I then be raised up alive?"

اَوَلَا يَذۡكُرُ الۡاِنۡسَانُ اَنَّا خَلَقۡنٰهُ مِنۡ قَبۡلُ وَلَمۡ يَكُ شَيۡـًٔا ﴿۶۷﴾

اور کیا انسان (اتنا ہی) یاد نہیں کرتا کہ یقیناً ہم نے اس سے پہلے اسے تخلیق کیا، جبکہ وہ کچھ بھی نہ تھا ﴿۶۷﴾

67. Does not man remember that We created him before, while he was nothing?

فَوَرَبِّكَ لَنَحۡشُرَنَّهُمۡ وَالشَّيٰطِيۡنَ ثُمَّ لَنُحۡضِرَنَّهُمۡ حَوۡلَ جَهَنَّمَ جِثِيًّا ﴿۶۸﴾

پس آپ کے رب کی قسم! ہم ضرور ان (کفار) کو شیطانوں کے ہمراہ اکٹھا کریں گے، پھر ہم ضرور انھیں گھٹنوں کے بل گرے ہوئے جہنم کے گرد حاضر کریں گے ﴿۶۸﴾

68. So by your Lord, surely We shall gather them together, and (also) the *Shayāṭīn* [(devils) with them], then We shall bring them round Hell on their knees.

ثُمَّ لَنَنۡزِعَنَّ مِنۡ كُلِّ شِيۡعَةٍ اَيُّهُمۡ اَشَدُّ عَلَى الرَّحۡمٰنِ عِتِيًّا ﴿۶۹﴾

پھر ہم ضرور ہر گروہ سے (اسے) کھینچ کر الگ کریں گے جو ان میں سے رحمٰن کے خلاف سرکشی میں سخت تر تھا ﴿۶۹﴾

69. Then indeed We shall drag out from every sect all those who were worst in obstinate rebellion against the Most Gracious (Allāh).

ثُمَّ لَنَحۡنُ اَعۡلَمُ بِالَّذِيۡنَ هُمۡ اَوۡلٰى بِهَا صِلِيًّا ﴿۷۰﴾

پھر ہمیں بلاشبہ ان کا خوب علم ہے جو اس (جہنم) میں جانے کے زیادہ لائق ہیں ﴿۷۰﴾

70. Then, verily, We know best those who are most worthy of being burnt therein.

وَاِنۡ مِّنۡكُمۡ اِلَّا وَارِدُهَا ۚ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ حَتۡمًا مَّقۡضِيًّا ﴿۷۱﴾

اور تم میں سے جو بھی ہے وہ اس (جہنم) پر وارد ہونے والا ہے،② یہ آپ کے رب کے ذمے حتمی (اور) طے شدہ بات ہے ﴿۷۱﴾

71. There is not one of you but will pass over it (Hell); this is with your Lord, a Decree which must be accomplished.[2]

---

[1] (V.19:65) See the footnote of (V.3:73).
[2] (V.19:71) See the footnote (c) of (V.68:42).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3:73)

② اس کی تفسیر صحیح احادیث میں اس طرح بیان کی گئی ہے کہ جہنم کے اوپر پل بنایا جائے گا جس میں سے ہر مومن و کافر کو گزرنا ہوگا۔ مومن تو اپنے اعمال کے مطابق جلد یا بدیر گزر جائیں گے۔ کچھ تو پلک جھپکنے میں، کچھ بجلی اور ہوا کی طرح، کچھ پرندوں کی طرح اور کچھ عمدہ گھوڑوں اور دیگر سواریوں کی طرح گزر جائیں گے۔ یوں کچھ بالکل صحیح سالم، کچھ زخمی، تاہم پل عبور کر لیں گے، کچھ جہنم میں گر پڑیں گے جنہیں بعد میں شفاعت کے ذریعے نکال لیا جائے گا لیکن کافر اس پل کو عبور کرنے میں کامیاب نہیں ہوں گے اور سب جہنم میں گر پڑیں گے۔ اس کی تائید اس حدیث سے بھی ہوتی ہے: "جس کے تین بچے بلوغت سے پہلے فوت ہو گئے، اسے آگ نہیں چھوئے گی مگر صرف قسم حلال کرنے کے لیے۔" (صحیح البخاری، الجنائز، باب: 6 حدیث: 1251، صحیح مسلم، البر والصلة، باب فضل من یموت له ولد فیحتسبه، حدیث: 2632) یہ قسم وہی ہے جسے اس آیت میں: ﴿حَتۡمًا مَّقۡضِيًّا﴾ "قطعی فیصل شدہ امر" کہا گیا ہے۔ یعنی اس کا ورود جہنم میں صرف پل صراط سے گزرنے کی حد تک ہی ہوگا۔ (احسن البیان)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

ثُمَّ نُنَجِّي الَّذِينَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِينَ فِيهَا جِثِيًّا ﴿٧٢﴾

پھر ہم متقی لوگوں کو نجات دیں گے، اور ہم ظالموں کو اس میں گھٹنوں کے بل گرے ہوئے چھوڑ دیں گے ﴿۷۲﴾

72. Then We shall save those who use to fear Allāh and were dutiful to Him. And We shall leave the *Zālimūn* (polytheists and wrong doers) therein (humbled) to their knees (in Hell).

وَإِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالَ الَّذِينَ كَفَرُوا لِلَّذِينَ اٰمَنُوٓا ۙ اَيُّ الْفَرِيقَيْنِ خَيْرٌ مَّقَامًا وَّاَحْسَنُ نَدِيًّا ﴿٧٣﴾

اور جب ان پر ہماری واضح آیات تلاوت کی جاتی ہیں تو کافر مومنوں سے کہتے ہیں: فریقین میں سے کس کا مقام بہتر اور کس کی مجلس زیادہ اچھی ہے؟ ﴿۷۳﴾

73. And when Our Clear Verses are recited to them, those who disbelieve (the rich and strong among the pagans of Quraish who live a life of luxury) say to those who believe (the weak, poor Companions of Prophet Muhammad ﷺ who have a hard life): "Which of the two groups (i.e. believers or disbelievers) is best in (point of) position and as regards station (place of council for consultation)."

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ هُمْ اَحْسَنُ اَثَاثًا وَّرِءْيًا ﴿٧٤﴾

اور ان سے پہلے ہم نے کتنی ہی قومیں ہلاک کر دیں، وہ ان سے اثاثوں اور ظاہری ٹیپ ٹاپ میں کہیں بڑھ کر تھیں ﴿۷۴﴾

74. And how many a generation (past nations) have We destroyed before them, who were better in wealth, goods and outward appearance?

قُلْ مَنْ كَانَ فِي الضَّلٰلَةِ فَلْيَمْدُدْ لَهُ الرَّحْمٰنُ مَدًّا ۚ حَتّٰىٓ اِذَا رَاَوْا مَا يُوعَدُونَ اِمَّا الْعَذَابَ وَاِمَّا السَّاعَةَ ۭ فَسَيَعْلَمُونَ مَنْ هُوَ شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضْعَفُ جُنْدًا ﴿٧٥﴾

کہہ دیجیے: جو شخص گمراہی میں ہے، (لازم ہے کہ) اسے رحمٰن لمبی ڈھیل دے دے، حتی کہ جب وہ دیکھیں گے جس کا ان سے وعدہ کیا جاتا ہے یا عذاب یا قیامت تو وہ ضرور جان لیں گے کہ کون درجے میں بدتر اور لشکر کے لحاظ سے کمزور تر ہے ﴿۷۵﴾

75. Say (O Muhammad ﷺ): Whoever is in error, the Most Gracious (Allāh) will extend (the rope) to him, until, when they see that which they were promised, either the torment or the Hour, they will come to know who is worst in position, and who is weaker in forces. [This is the answer to the question in Verse No.19:73]

وَيَزِيدُ اللّٰهُ الَّذِينَ اهْتَدَوْا هُدًى ۭ وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ﴿٧٦﴾

اور راہ ہدایت پر چلنے والوں کو اللہ مزید ہدایت عطا کرتا ہے اور باقی رہنے والی نیکیاں ہی آپ کے رب کے ہاں ثواب اور انجام کے اعتبار سے بہت بہتر ہیں ﴿۷۶﴾

76. And Allāh increases in guidance those who walk aright.[1] And the righteous good deeds that last are better with your Lord for reward and better for resort.

اَفَرَءَيْتَ الَّذِي كَفَرَ بِاٰيٰتِنَا وَقَالَ لَاُوتَيَنَّ مَالًا وَّوَلَدًا ﴿٧٧﴾

پھر آپ اس شخص کے بارے میں بتلائیے جس نے ہماری آیات کا انکار کیا اور کہا: مجھے ضرور مال

77. Have you seen him who disbelieved in Our *Ayāt* (this Qur'ān and Muhammad ﷺ) and

[1] (V.19:76) Those who walk aright: True believers in the Oneness of Allāh who fear Allāh much (abstain from all kinds of sins and evil deeds which He has forbidden), and love Allāh much (perform all kinds of good deeds which He has ordained).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

said: "I shall certainly be given wealth and children [if I will be alive (again)]."

اور اولاد دی جائے گی ﴿77﴾

اَطَّلَعَ الْغَيْبَ اَمِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ﴿78﴾

کیا اس نے غیب کی اطلاع پالی یا رحمٰن کے ہاں کوئی عہد لے لیا ہے؟ ﴿78﴾

78. Has he known the Unseen or has he taken a covenant from the Most Gracious (Allāh)?

كَلَّا ۚ سَنَكْتُبُ مَا يَقُوْلُ وَنَمُدُّ لَهٗ مِنَ الْعَذَابِ مَدًّا ﴿79﴾

ہرگز نہیں! ہم ضرور لکھیں گے جو کچھ وہ کہتا ہے، اور ہم اس کے لیے عذاب بہت بڑھا دیں گے ﴿79﴾

79. Nay, We shall record what he says, and We shall increase his torment (in the Hell);

وَّنَرِثُهٗ مَا يَقُوْلُ وَيَاْتِيْنَا فَرْدًا ﴿80﴾

اور ان چیزوں کے ہم وارث ہوں گے جو وہ کہتا ہے، اور وہ ہمارے پاس اکیلا آئے گا ﴿80﴾

80. And We shall inherit from him (at his death) all that he talks of (i.e. wealth and children which We have bestowed upon him in this world), and he shall come to Us alone.

وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً لِّيَكُوْنُوْا لَهُمْ عِزًّا ﴿81﴾

اور انھوں نے اللہ کے سوا معبود بنا لیے ہیں، تاکہ وہ ان کے مددگار ہوں ﴿81﴾

81. And they have taken (for worship) *ālihah* (gods) besides Allāh, that they might give them honour, power and glory (and also protect them from Allāh's punishment).

كَلَّا ۚ سَيَكْفُرُوْنَ بِعِبَادَتِهِمْ وَيَكُوْنُوْنَ عَلَيْهِمْ ضِدًّا ﴿82﴾ ع 5/17/8

ہرگز نہیں! عنقریب وہ خود ان کی عبادت کا انکار کر دیں گے اور ان کے مخالف ہو جائیں گے ﴿82﴾

82. Nay, but they (the so-called gods) will deny their worship of them, and become opponents to them (on the Day of Resurrection).

اَلَمْ تَرَ اَنَّآ اَرْسَلْنَا الشَّيٰطِيْنَ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ تَؤُزُّهُمْ اَزًّا ﴿83﴾

کیا آپ نے دیکھا نہیں کہ بے شک ہم نے کافروں پر شیطان چھوڑ رکھے ہیں وہ انھیں خوب خوب (گناہوں پر) ابھارتے ہیں؟ ﴿83﴾

83. See you not that We have sent the *Shayātīn* (devils) against the disbelievers to push them to do evil.

فَلَا تَعْجَلْ عَلَيْهِمْ ۭ اِنَّمَا نَعُدُّ لَهُمْ عَدًّا ﴿84﴾

چنانچہ آپ ان کی بابت جلدی نہ کریں، ہم تو بس ان کے دن گن رہے ہیں ﴿84﴾

84. So make no haste against them; We only count out to them a (limited) number (of the days of the life of this world and delay their term so that they may increase in evil and sins).

يَوْمَ نَحْشُرُ الْمُتَّقِيْنَ اِلَى الرَّحْمٰنِ وَفْدًا ﴿85﴾

جس دن ہم متقیوں کو رحمٰن کی طرف (بطور) مہمان اکٹھا کر لائیں گے ﴿85﴾

85. The Day We shall gather the *Muttaqūn* (the pious believers of Islamic Monotheism. See V.2:2) to the Most Gracious (Allāh), like a delegation (presented before a king for honour).

وَّنَسُوْقُ الْمُجْرِمِيْنَ اِلٰى جَهَنَّمَ وِرْدًا ﴿86﴾

اور مجرموں کو جہنم کی طرف پیاسے (ہی) ہانک لے جائیں گے ﴿86﴾

86. And We shall drive the *Mujrimūn* (polytheists, sinners, criminals, disbelievers in the Oneness of Allāh) to Hell, in a thirsty state (like a thirsty herd

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

driven down to water).

لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا ۝(87) وقف لازم

(اس روز) وہ سفارش کا اختیار نہیں رکھیں گے، سوائے اس کے جس نے رحمٰن سے عہد لیا(87)

87. None shall have the power of intercession, but such a one as has received permission (or promise) from the Most Gracious (Allāh).

وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا ۝(88)

اور انھوں نے کہا: رحمٰن اولاد رکھتا ہے(88)

88. And they say: "The Most Gracious (Allāh) has begotten a son (or offspring or children) [as the Jews say: 'Uzair (Ezra) is the son of Allāh, and the Christians say that He has begotten a son {'Īsā (Jesus) عليه السلام}, and the pagan Arabs say that He has begotten daughters (angels and others)]."

لَقَدْ جِئْتُمْ شَيْـًٔا اِدًّا ۝(89)

البتہ یقیناً تم ایک بہت بھاری بات (گناہ) تک آ پہنچے ہو(89)

89. Indeed you have brought forth (said) a terrible evil thing.

تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرْنَ مِنْهُ وَتَنْشَقُّ الْاَرْضُ وَتَخِرُّ الْجِبَالُ هَدًّا ۝(90)

قریب ہیں کہ آسمان اس (بات) سے پھٹ پڑیں، اور زمین شق ہو جائے، اور پہاڑ ریزہ ریزہ ہو کر گر پڑیں(90)

90. Whereby the heavens are almost torn, and the earth is split asunder, and the mountains fall in ruins,

اَنْ دَعَوْا لِلرَّحْمٰنِ وَلَدًا ۝(91)

اس (بات) پر کہ انھوں نے رحمٰن کے لیے اولاد کا دعویٰ کیا(91)

91. That they ascribe a son (or offspring or children) to the Most Gracious (Allāh).

وَمَا يَنْۢبَغِيْ لِلرَّحْمٰنِ اَنْ يَّتَّخِذَ وَلَدًا ۝(92)

اور رحمٰن کے لائق نہیں کہ وہ کسی کو اولاد بنائے(92)

92. But it is not suitable for (the Majesty of) the Most Gracious (Allāh) that He should beget a son (or offspring or children).

اِنْ كُلُّ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اِلَّآ اٰتِي الرَّحْمٰنِ عَبْدًا ۝(93)

آسمانوں اور زمین میں جو کوئی بھی ہیں وہ سب رحمٰن کے پاس غلام بن کر آئیں گے(93)

93. There is none in the heavens and the earth but comes to the Most Gracious (Allāh) as a slave.

لَقَدْ اَحْصٰىهُمْ وَعَدَّهُمْ عَدًّا ۝(94)

بلا شبہ یقیناً اس (رحمٰن) نے ان کا شمار کر رکھا ہے اور انھیں خوب گن رکھا ہے(94)

94. Verily, He knows each one of them, and has counted them a full counting.

وَكُلُّهُمْ اٰتِيْهِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فَرْدًا ۝(95)

اور وہ سب یوم قیامت اللہ کے پاس تنہا تنہا آئیں گے(95)

95. And everyone of them will come to Him alone on the Day of Resurrection (without any helper, or protector or defender).

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا ۝(96)

بے شک جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، یقیناً رحمٰن ان کے لیے محبت پیدا کر دے گا[1]★(96)

96. Verily, those who believe [in the Oneness of Allāh and in His Messenger (Muhammad ﷺ)] and work deeds of righteousness, the

---

[1] زمین میں اہل دنیا کے دلوں میں اور آسمانوں میں فرشتوں کے دلوں میں، جیسا کہ حدیث میں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "جب اللہ تعالیٰ کسی بندے سے محبت کرتا ہے تو وہ جبرائیل علیہ السلام کو

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

Most Gracious (Allāh) will bestow love for them[1] (in the hearts of the believers).

97. So, We have made this (the Qur'ān) easy in your own tongue (O Muhammad ﷺ), only that you may give glad tidings to the *Muttaqūn* (the pious. See V.2:2), and warn with it the *Ludd* [2] people.

یقیناً ہم نے تو اس (قرآن) کو آپ کی زبان (عربی) میں خوب آسان کر دیا ہے، تاکہ آپ اس سے متقین کو بشارت دیں اور اس کے ساتھ جھگڑالو قوم① کو ڈرائیں ⑰

فَاِنَّمَا يَسَّرْنٰهُ بِلِسَانِكَ لِتُبَشِّرَ بِهِ الْمُتَّقِيْنَ وَتُنْذِرَ بِهٖ قَوْمًا لُّدًّا ﴿97﴾

98. And how many a generation before them have We destroyed! Can you (O Muhammad ﷺ) find a single one of them or hear even a whisper of them?

اور ان سے پہلے ہم نے کتنی ہی قومیں ہلاک کر دیں، کیا آپ ان میں سے کسی ایک کو محسوس کرتے ہیں یا ان کی کوئی بھنک (آہٹ) بھی سنتے ہیں؟ ﴿98﴾

وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ قَرْنٍ ؕ هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا ﴿98﴾ ع 6 16 9

Sūrat Tā-Hā. 20	سورۂ طٰہٰ	اٰیاتُھَا 135 (20) سُوْرَةُ طٰهٰ مَكِّيَّةٌ (45) رُکُوْعَاتُھَا 8

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1. *Tā-Hā.* [These letters are one of the miracles of the Qur'ān, and none but Allāh (Alone) knows their meanings.]

طٰہٰ ①

طٰهٰ ﴿1﴾

2. We have not sent down the Qur'ān to you (O Muhammad ﷺ) to cause you distress,

ہم نے آپ پر قرآن اس لیے نازل نہیں کیا کہ آپ مشقت میں پڑیں ②

مَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰۤى ﴿2﴾

3. But only as a Reminder to those who fear (Allāh).

مگر (یہ تو) اس شخص کے لیے نصیحت ہے جو اللہ سے ڈرتا ہے ③

اِلَّا تَذْكِرَةً لِّمَنْ يَّخْشٰى ﴿3﴾

4. A Revelation from Him (Allāh) Who has created the earth and high heavens.

اس ذات کی طرف سے نازل ہوا ہے جس نے زمین اور اونچے آسمان تخلیق کیے ④

تَنْزِيْلًا مِّمَّنْ خَلَقَ الْاَرْضَ وَالسَّمٰوٰتِ الْعُلٰى ﴿4﴾

★ بقیہ حاشیہ: مریم، آیت: 96.

بلا کر فرماتا ہے: اللہ فلاں شخص سے محبت کرتا ہے، لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو! چنانچہ جبرائیل علیہ السلام بھی اس سے محبت کرنے لگتا ہے اور پھر جبرائیل علیہ السلام آسمان والوں میں اعلان (منادی) کر دیتا ہے: اللہ تعالیٰ فلاں شخص سے محبت کرتا ہے لہٰذا تم بھی اس سے محبت کرو! چنانچہ آسمان والے بھی اس سے محبت کرنے لگتے ہیں پھر زمین والوں (کے دلوں) میں اس کے لیے مقبولیت رکھ دی جاتی ہے، (اس کے بعد وہ زمین میں بھی بندگان الٰہی کا مقبول اور محبوب بن جاتا ہے۔)'' (صحیح البخاری، الأدب، باب: 41، حدیث: 6040)

[1] (V.19:96) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "If Allāh loves a person, He calls Jibrāīl (Gabriel) saying: Allāh loves so-and-so; O Jibrāīl (Gabriel) love him.' Jibrāīl (Gabriel) would love him, and then Jibrāīl (Gabriel) would make an announcement among the residents of the heavens, 'Allāh loves so-and-so, therefore, you should love him also.' So, all the residents of the heavens would love him and then he is granted the pleasure of the people of the earth." [*Sahih Al-Bukhari*, 8/6040 (O.P.66)]

[2] (V.19:97) *Ludd*:- The evildoer wicked quarrelsome people who don't believe in Allāh's Oneness and His Prophet's ﷺ message and argue about everything that Allāh has ordained.

① ''جھگڑالو قوم'': وہ لوگ جو اللہ تعالیٰ کی وحدانیت اور اس کے رسول ﷺ کی رسالت پر ایمان نہیں رکھتے اور ہر چیز (کام) کے بارے میں دعویٰ کرتے ہیں کہ اللہ نے اس کا حکم دیا ہے۔

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

5. The Most Gracious (Allāh) rose over (*Istawā*) the (Mighty) Throne (in a manner that suits His Majesty).

وہ رحمٰن ہے، عرش پر مستوی ہے⑤

الرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ⑤

6. To Him belongs all that is in the heavens and all that is on the earth, and all that is between them, and all that is under the soil.

اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے، اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے، اور جو کچھ گیلی مٹی کے نیچے ہے⑥

لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰى ⑥

7. And if you (O Muhammad ﷺ) speak (the invocation) aloud, then verily, He knows the secret and that which is yet more hidden.

اور اگر آپ بلند آواز سے بات کریں تو بلاشبہ وہ ہر راز اور (اس سے بھی) پوشیدہ تر بات کو جانتا ہے⑦

وَاِنْ تَجْهَرْ بِالْقَوْلِ فَاِنَّهٗ يَعْلَمُ السِّرَّ وَاَخْفٰى ⑦

8. Allāh! *Lā ilāha illa Huwa* (none has the right to be worshipped but He)! To Him belong the Best Names.[1]

(وہی) اللہ ہے، اس کے سوا کوئی الٰہ نہیں، سب اچھے نام اسی کے ہیں①⑧

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۭ لَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ⑧

9. And has there come to you the story of Mūsā (Moses)?

اور کیا آپ تک موسیٰ کی خبر پہنچی ہے؟⑨

وَهَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ مُوْسٰى ⑨ وقف لازم

10. When he saw a fire, he said to his family: "Wait! Verily, I have seen a fire; perhaps I can bring you some burning brand therefrom, or find some guidance at the fire."

جب اس نے (طور پر) آگ دیکھی تو اپنے گھر والوں سے کہا: (یہاں) ٹھہرو، بے شک میں نے آگ دیکھی ہے، شاید میں اس میں سے تمھارے لیے کوئی انگارا لے آؤں، یا آگ کے پاس کوئی راہبر پاؤں⑩

اِذْ رَاٰ نَارًا فَقَالَ لِاَهْلِهِ امْكُثُوْٓا اِنِّيْٓ اٰنَسْتُ نَارًا لَّعَلِّيْٓ اٰتِيْكُمْ مِّنْهَا بِقَبَسٍ اَوْ اَجِدُ عَلَى النَّارِ هُدًى ⑩

11. And when he came to it (the fire), he was called by name: "O Mūsā (Moses)!

چنانچہ جب وہ (موسیٰ) آگ کے پاس پہنچا تو آواز دی گئی: اے موسیٰ!⑪

فَلَمَّآ اَتٰىهَا نُوْدِيَ يٰمُوْسٰى ⑪

12. "Verily, I am your Lord! So take off your shoes; you are in the sacred valley, *Tuwa*.

بے شک میں تیرا رب ہوں، لہٰذا تو اپنے جوتے اتار دے، بلاشبہ تو مقدس وادی طویٰ میں ہے⑫

اِنِّيْٓ اَنَا رَبُّكَ فَاخْلَعْ نَعْلَيْكَ ۚ اِنَّكَ بِالْوَادِ الْمُقَدَّسِ طُوًى ⑫

13. "And I have chosen you. So listen to that which will be revealed (to you).

اور میں نے تجھے چن لیا ہے، لہٰذا جو وحی کی جاتی ہے اسے غور سے سن⑬

وَاَنَا اخْتَرْتُكَ فَاسْتَمِعْ لِمَا يُوْحٰى ⑬

14. "Verily, I am Allāh! *Lā ilāha illa Ana* (none has the right to be worshipped but I), so worship Me, and perform *As-Salāt* (the prayers) for My remembrance.

بے شک میں ہی اللہ ہوں، میرے سوا کوئی معبود نہیں، چنانچہ تو میری ہی عبادت کر اور میری یاد کے لیے نماز قائم کر⑭

اِنَّنِيْٓ اَنَا اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاعْبُدْنِيْ ۙ وَاَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ ⑭

15. "Verily, the Hour is coming – and I am almost hiding it – that

بے شک قیامت آنے والی ہے، میں اس کا وقت مخفی

اِنَّ السَّاعَةَ اٰتِيَةٌ اَكَادُ اُخْفِيْهَا لِتُجْزٰى

[1] (V.20:8) See the footnote of (V.7:180).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ اعراف: 180/7)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى ⑮

رکھنا چاہتا ہوں، تاکہ ہر نفس کو اس کا بدلہ دیا جائے جو وہ کوشش کرتا ہے ⑮

every person may be rewarded for that which he strives.

فَلَا يَصُدَّنَّكَ عَنْهَا مَنْ لَّا يُؤْمِنُ بِهَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ فَتَرْدٰى ⑯

لہٰذا اس (فکرِ آخرت) سے تجھے وہ شخص روکنے نہ پائے جو اس پر ایمان نہیں رکھتا، اور اس نے اپنی خواہشات کی پیروی کی، ورنہ تو (بھی) ہلاک ہو جائے گا① ⑯

16. "Therefore, let not the one who believes not therein (i.e. in the Day of Resurrection, Reckoning, Paradise and Hell), but follows his own lusts,[1] divert you therefrom, lest you perish.

وَمَا تِلْكَ بِيَمِيْنِكَ يٰمُوْسٰى ⑰

اور اے موسیٰ! یہ تیرے دائیں ہاتھ میں کیا ہے؟ ⑰

17. "And what is that in your right hand, O Mūsā (Moses)?"

قَالَ هِيَ عَصَايَ ۚ اَتَوَكَّؤُا عَلَيْهَا وَاَهُشُّ بِهَا عَلٰى غَنَمِيْ وَلِيَ فِيْهَا مَاٰرِبُ اُخْرٰى ⑱

اس نے کہا: یہ میری لاٹھی ہے، میں اس پر ٹیک لگاتا ہوں، اور اس سے اپنی بکریوں کے لیے پتے جھاڑتا ہوں، اور اس میں میرے لیے اور بھی مقاصد ہیں ⑱

18. He said: "This is my stick, whereon I lean, and wherewith I beat down branches for my sheep, and wherein I find other uses."

قَالَ اَلْقِهَا يٰمُوْسٰى ⑲

اللہ نے فرمایا: اے موسیٰ! اسے پھینک دے ⑲

19. (Allāh) said: "Cast it down, O Mūsā (Moses)!"

فَاَلْقٰىهَا فَاِذَا هِيَ حَيَّةٌ تَسْعٰى ⑳

پھر جب اس نے اسے پھینکا تب وہ دوڑتا ہوا سانپ (بن گیا) ⑳

20. He cast it down, and behold! It was a snake, moving quickly.

قَالَ خُذْهَا وَلَا تَخَفْ ٭ سَنُعِيْدُهَا سِيْرَتَهَا الْاُوْلٰى ㉑

فرمایا: اسے پکڑ لے اور مت ڈر، ہم اسے اس کی پہلی حالت میں لوٹا دیں گے ㉑

21. Allāh said:"Grasp it and fear not; We shall return it to its former state,

وَاضْمُمْ يَدَكَ اِلٰى جَنَاحِكَ تَخْرُجْ بَيْضَآءَ مِنْ غَيْرِ سُوْٓءٍ اٰيَةً اُخْرٰى ㉒

اور تو اپنا ہاتھ اپنی بغل سے ملا وہ بغیر کسی مرض کے چمکتا ہوا سفید نکلے گا، (یہ) دوسری نشانی ہے ㉒

22. "And press your (right) hand to your (left) side: it will come forth white (and shining), without any disease as another sign,

لِنُرِيَكَ مِنْ اٰيٰتِنَا الْكُبْرٰى ㉓

تاکہ ہم تجھے اپنی کچھ بڑی بڑی نشانیاں دکھائیں ㉓

23. "That We may show you (some) of Our Greater Signs.

ع 1 24 10 اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ㉔

تو فرعون کی طرف جا، بے شک وہ سرکش ہو گیا ہے ㉔

24. "Go to Fir'aun (Pharaoh)! Verily, he has transgressed (all bounds in disbelief and disobedience, and has behaved as an arrogant and as a tyrant)."

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ㉕

اس (موسیٰ) نے کہا: میرے رب! میرے لیے میرا سینہ کھول دے ㉕

25. [Mūsā (Moses)] said: "O my Lord! Open for me my chest (grant me self-confidence, contentment, and boldness).

وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ㉖

اور میرے لیے میرا کام آسان کر دے ㉖

26. "And ease my task for me;

وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ㉗

اور میری زبان کی گرہ کھول دے ㉗

27. "And loose the knot (the defect) from my tongue, (i.e.

---

[1] (V.20:16) See the footnote of (V.19:59)

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ مریم: 59/19)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

remove the incorrectness from my speech) [That occurred as a result of a brand of fire which Mūsā (Moses) put in his mouth when he was an infant]. (*Tafsir At-Tabarī*)

يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿28﴾

(تاکہ) وہ میری بات سمجھ سکیں ﴿28﴾

28. "That they understand my speech.

وَاجْعَلْ لِّيْ وَزِيْرًا مِّنْ اَهْلِيْ ﴿29﴾

اور میرے لیے میرے کنبے میں سے ایک وزیر بنا دے ﴿29﴾

29. "And appoint for me a helper from my family,

هٰرُوْنَ اَخِي ﴿30﴾

(یعنی) میرے بھائی ہارون کو ﴿30﴾

30. "Hārūn (Aaron), my brother.

اشْدُدْ بِهٖٓ اَزْرِيْ ﴿31﴾

اس کے ساتھ میری کمر مضبوط کر دے ﴿31﴾

31. "Increase my strength with him,

وَاَشْرِكْهُ فِيْٓ اَمْرِيْ ﴿32﴾

اور اسے میرے کام (نبوت) میں شریک کر دے ﴿32﴾

32. "And let him share my task (of conveying Allāh's Message and Prophethood),

كَيْ نُسَبِّحَكَ كَثِيْرًا ﴿33﴾

تاکہ ہم تیری بکثرت تسبیح کریں ﴿33﴾

33. "That we may glorify You much,

وَّنَذْكُرَكَ كَثِيْرًا ﴿34﴾

اور ہم تجھے بکثرت یاد کریں ﴿34﴾

34. "And remember You much,

اِنَّكَ كُنْتَ بِنَا بَصِيْرًا ﴿35﴾

بے شک تو ہمیں خوب دیکھنے والا ہے ﴿35﴾

35. "Verily, You are Ever a Well-Seer of us."

قَالَ قَدْ اُوْتِيْتَ سُؤْلَكَ يٰمُوْسٰى ﴿36﴾

اس (اللہ) نے فرمایا: اے موسیٰ! جو کچھ تو نے مانگا تجھے دیا جاتا ہے ﴿36﴾

36. (Allāh) said: "You are granted your request, O Mūsā (Moses)!

وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓى ﴿37﴾

ہم تجھ پر ایک اور بار بھی احسان کر چکے ہیں ﴿37﴾

37. "And indeed We conferred a favour on you another time (before).

اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى ﴿38﴾

جب ہم نے تیری ماں کی طرف وہ الہام کیا تھا جو (اب) وحی کی جاتی ہے ﴿38﴾

38. "When We inspired your mother with that which We inspired.

اَنِ اقْذِفِيْهِ فِي التَّابُوْتِ فَاقْذِفِيْهِ فِي الْيَمِّ
فَلْيُلْقِهِ الْيَمُّ بِالسَّاحِلِ يَاْخُذْهُ عَدُوٌّ لِّيْ
وَعَدُوٌّ لَّهٗ ۭ وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّيْ ڬ
وَلِتُصْنَعَ عَلٰي عَيْنِيْ ﴿39﴾ وقف لازم

یہ کہ تو اس (موسیٰ) کو صندوق میں ڈال، پھر اس (صندوق) کو دریا میں ڈال دے، پھر دریا اسے ساحل پر لا ڈالے گا جسے میرا اور اس کا دشمن اٹھائے گا، اور میں نے اپنی طرف سے تجھ پر محبت ڈال دی اور یہ (اس لیے) کہ میری آنکھوں کے سامنے تیری پرورش کی جائے ﴿39﴾

39. "(Saying:) 'Put him (the child) into the *Tabūt* (a box or a case or a chest) and put it into the river (Nile); then the river shall cast it up on the bank, and there, an enemy of Mine and an enemy of his shall take him.' And I endued you with love from Me, in order that you may be brought up under My Eye.

اِذْ تَمْشِيْٓ اُخْتُكَ فَتَقُوْلُ هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰي
مَنْ يَّكْفُلُهٗ ۭ فَرَجَعْنٰكَ اِلٰٓى اُمِّكَ كَيْ تَقَرَّ
عَيْنُهَا وَلَا تَحْزَنَ ڛ وَقَتَلْتَ نَفْسًا

جب تیری بہن چل رہی تھی اور کہہ رہی تھی: کیا میں تمھیں اس کا بتاؤں جو اس کی کفالت کرے؟ پھر ہم نے تجھے تیری ماں کے پاس لوٹا دیا، تاکہ اس کی آنکھ

40. "When your sister went and said: 'Shall I show you one who will nurse him?' So, We restored you to your mother, that she

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فَنَجَّيْنٰكَ مِنَ الْغَمِّ وَفَتَنّٰكَ فُتُوْنًا ۫ فَلَبِثْتَ سِنِيْنَ فِيْٓ اَهْلِ مَدْيَنَ ۙ ثُمَّ جِئْتَ عَلٰى قَدَرٍ يّٰمُوْسٰى ﴿۴۰﴾

ٹھنڈی رہے اور وہ غم نہ کھائے، اور تو نے ایک شخص کو قتل کیا تو ہم نے تجھے اس غم سے نجات دی۔ اور ہم نے تجھے خوب آزمایا، پھر تو اہل مدین میں کئی سال ٹھہرا رہا، پھر اے موسیٰ! تو تقدیر الٰہی کے مطابق (یہاں) آیا ﴿۴۰﴾

might cool her eyes and she should not grieve. Then you did kill a man, but We saved you from great distress and tried you with a heavy trial. Then you stayed a number of years with the people of Madyan (Midian). Then you came here according to the fixed term which I ordained (for you), O Mūsā (Moses)!

وَاصْطَنَعْتُكَ لِنَفْسِيْ ﴿۴۱﴾

اور میں نے تجھے اپنی ذات کے لیے خاص طور پر بنایا[1] ﴿۴۱﴾

41. "And I have chosen you[1] for Myself.

اِذْهَبْ اَنْتَ وَاَخُوْكَ بِاٰيٰتِيْ وَلَا تَنِيَا فِيْ ذِكْرِيْ ﴿۴۲﴾

تو اور تیرا بھائی میری نشانیاں لے کر جاؤ اور تم دونوں میری یاد میں سستی نہ کرنا ﴿۴۲﴾

42. "Go you and your brother with My *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc.), and do not, you both, slacken and become weak in My remembrance.

اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى ﴿۴۳﴾

تم دونوں فرعون کی طرف جاؤ، بلاشبہ وہ سرکش ہو گیا ہے ﴿۴۳﴾

43. "Go both of you to Fir'aun (Pharaoh), verily, he has transgressed (all bounds in disbelief and disobedience and behaved as an arrogant and as a tyrant).

فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى ﴿۴۴﴾

چنانچہ تم دونوں اس سے نرم بات کہنا، شاید کہ وہ نصیحت پکڑے یا ڈرے ﴿۴۴﴾

44. "And speak to him mildly, perhaps he may accept admonition or fear (Allāh)."

قَالَا رَبَّنَآ اِنَّنَا نَخَافُ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَآ اَوْ اَنْ يَّطْغٰى ﴿۴۵﴾

ان دونوں نے کہا: اے ہمارے رب! بے شک ہم تو ڈرتے ہیں کہ وہ ہم پر زیادتی کرے یا سرکشی کرے ﴿۴۵﴾

45. They said: "Our Lord! Verily, we fear lest he should hasten to punish us or lest he should transgress (all bounds against us)."

قَالَ لَا تَخَافَآ اِنَّنِيْ مَعَكُمَآ اَسْمَعُ وَاَرٰى ﴿۴۶﴾

اس (اللہ) نے فرمایا: تم دونوں مت ڈرو، بلاشبہ میں تم دونوں کے ساتھ ہوں، میں سنتا اور دیکھتا ہوں ﴿۴۶﴾

46. He (Allāh) said: "Fear not, verily, I am with you both, hearing and seeing.

فَاْتِيٰهُ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلَا رَبِّكَ فَاَرْسِلْ مَعَنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ ۥ وَلَا تُعَذِّبْهُمْ ۭ قَدْ جِئْنٰكَ بِاٰيَةٍ مِّنْ رَّبِّكَ ۭ وَالسَّلٰمُ عَلٰي مَنِ اتَّبَعَ الْهُدٰى ﴿۴۷﴾

لہٰذا تم دونوں اس کے پاس جاؤ اور کہو: بے شک ہم تیرے رب کے رسول ہیں، چنانچہ تو بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ بھیج، اور انھیں مت ستا، یقیناً ہم تیرے پاس تیرے رب کی طرف سے نشانی لائے ہیں، اور جو ہدایت کی اتباع کرے اس پر سلامتی ہے ﴿۴۷﴾

47. "So go you both to him, and say: 'Verily, we are Messengers of your Lord, so let the Children of Israel go with us, and torment them not; indeed, we have come with a sign from your Lord! And peace will be upon him who follows the guidance!

---

[1] (V.20:41) i.e. chosen you for My Revelation and My Message or created you for Myself or strengthened and taught you as to how to preach My Message to My worshippers. (*Tafsīr Al-Qurṭubī*)

① یعنی میں نے تجھے اپنی وحی اور رسالت کے لیے چن لیا ہے یا میں نے تجھ کو اپنے لیے پیدا کیا ہے یا میں نے تجھے مضبوط بنایا ہے اور تجھے سکھایا تاکہ تو میرے بندوں کو میرے امر و نہی (احکام) پہنچائے۔" (تفسیر القرطبی: 11/198)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

إِنَّا قَدْ أُوحِيَ إِلَيْنَا أَنَّ الْعَذَابَ عَلَىٰ مَن كَذَّبَ وَتَوَلَّىٰ ﴿٤٨﴾

بلاشبہ ہماری طرف وحی کی گئی ہے کہ یقیناً اس پر عذاب ہے جو (حق کی) تکذیب کرے اور پھر جائے ﴿٤٨﴾

48. 'Truly, it has been revealed to us that the torment will be for him who denies (believes not in the Oneness of Allāh, and in His Messengers), and turns away' (from the truth and obedience of Allāh)."

قَالَ فَمَن رَّبُّكُمَا يَا مُوسَىٰ ﴿٤٩﴾

اس (فرعون) نے کہا: اے موسیٰ! تم دونوں کا رب کون ہے؟ ﴿٤٩﴾

49. Fir'aun (Pharaoh) said: "Who then, O Mūsā (Moses), is the Lord of you two?"

قَالَ رَبُّنَا الَّذِي أَعْطَىٰ كُلَّ شَيْءٍ خَلْقَهُ ثُمَّ هَدَىٰ ﴿٥٠﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: ہمارا رب وہ ہے جس نے ہر شے کو اس کی شکل وصورت دی، پھر ہدایت دی ﴿٥٠﴾

50. [Mūsā (Moses)] said: "Our Lord is He Who gave to each thing its form and nature, then guided it aright."

قَالَ فَمَا بَالُ الْقُرُونِ الْأُولَىٰ ﴿٥١﴾

اس (فرعون) نے کہا: اگلی امتوں کا کیا حال ہے؟ ﴿٥١﴾

51. [Fir'aun (Pharaoh)] said: "What about the generations of old?"

قَالَ عِلْمُهَا عِندَ رَبِّي فِي كِتَابٍ ۖ لَّا يَضِلُّ رَبِّي وَلَا يَنسَى ﴿٥٢﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: ان کا علم میرے رب کے پاس ایک کتاب (لوح محفوظ) میں ہے، میرا رب نہ بھٹکتا ہے اور نہ بھولتا ہے ﴿٥٢﴾

52. [Mūsā (Moses)] said: "The knowledge thereof is with my Lord, in a Record. My Lord neither errs nor He forgets."

الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الْأَرْضَ مَهْدًا وَسَلَكَ لَكُمْ فِيهَا سُبُلًا وَأَنزَلَ مِنَ السَّمَاءِ مَاءً فَأَخْرَجْنَا بِهِ أَزْوَاجًا مِّن نَّبَاتٍ شَتَّىٰ ﴿٥٣﴾

وہ ذات جس نے تمھارے لیے زمین کو بچھونا بنایا اور تمھارے چلنے کے لیے اس میں راستے بنائے اور آسمان سے پانی نازل کیا، پھر ہم نے اس کے ذریعے سے کئی اقسام کی مختلف نباتات نکالیں ﴿٥٣﴾

53. Who has made earth for you like a bed (spread out); and has opened roads (ways and paths) for you therein, and has sent down water (rain) from the sky. And We have brought forth with it various kinds of vegetation.

كُلُوا وَارْعَوْا أَنْعَامَكُمْ ۗ إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَآيَاتٍ لِّأُولِي النُّهَىٰ ﴿٥٤﴾ ع 2/30/11

تم کھاؤ اور اپنے مویشیوں کو چراؤ، بے شک اس میں عقل مندوں کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں ﴿٥٤﴾

54. Eat and pasture your cattle (therein); verily, in this are *Ayāt* (proofs and signs) for men of understanding.

مِنْهَا خَلَقْنَاكُمْ وَفِيهَا نُعِيدُكُمْ وَمِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً أُخْرَىٰ ﴿٥٥﴾

ہم نے تمھیں اسی (زمین) سے پیدا کیا اور اسی میں تمھیں لوٹائیں گے، اور اسی میں سے تمھیں ایک بار پھر نکالیں گے ﴿٥٥﴾

55. Thereof (from earth) We created you, and into it We shall return you, and from it We shall bring you out once again.

وَلَقَدْ أَرَيْنَاهُ آيَاتِنَا كُلَّهَا فَكَذَّبَ وَأَبَىٰ ﴿٥٦﴾

اور بلاشبہ ہم نے اس (فرعون) کو اپنی سب نشانیاں دکھا دیں، پھر بھی اس نے جھٹلایا اور انکار کیا ﴿٥٦﴾

56. And indeed We showed him [Fir'aun (Pharaoh)] all Our *Ayāt* (signs and evidences), but he denied and refused.

قَالَ أَجِئْتَنَا لِتُخْرِجَنَا مِنْ أَرْضِنَا بِسِحْرِكَ يَا مُوسَىٰ ﴿٥٧﴾

کہنے لگا: اے موسیٰ! کیا تو ہمارے پاس اسی لیے آیا ہے کہ اپنے جادو سے ہمیں ہماری سرزمین سے نکال دے؟ ﴿٥٧﴾

57. He [Fir'aun (Pharaoh)] said: "Have you come to drive us out of our land with your magic, O Mūsā (Moses)?

فَلَنَأْتِيَنَّكَ بِسِحْرٍ مِّثْلِهِ فَاجْعَلْ بَيْنَنَا

چنانچہ ہم تیرے پاس (مقابل) اس جیسا ہی جادو لائیں گے، لہٰذا تو ہمارے اور اپنے درمیان ایک

58. "Then verily, we can produce magic the like thereof; so appoint

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

وَبَيْنَكَ مَوْعِدًا لَّا نُخْلِفُهٗ نَحْنُ وَلَآ اَنْتَ مَكَانًا سُوًى ﴿58﴾

وعدہ ٹھہرا، نہ ہم اس کی خلاف ورزی کریں اور نہ تو، ایک ہموار جگہ میں ﴿58﴾

a meeting between us and you, which neither we nor you shall fail to keep, in an open place where both shall have a just and equal chance (and beholders could witness the competition)."

قَالَ مَوْعِدُكُمْ يَوْمُ الزِّيْنَةِ وَاَنْ يُّحْشَرَ النَّاسُ ضُحًى ﴿59﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: تمھارا وعدہ زینت (جشن) کا دن ہے، اور یہ کہ لوگ دن چڑھے اکٹھے کیے جائیں ﴿59﴾

59. [Mūsā (Moses)] said: "Your appointed meeting is the day of the festival, and let the people assemble when the sun has risen (forenoon)."

فَتَوَلّٰى فِرْعَوْنُ فَجَمَعَ كَيْدَهٗ ثُمَّ اَتٰى ﴿60﴾

چنانچہ فرعون (محل میں) واپس آیا اور اپنی ساری چالیں جمع کیں، پھر (میدان میں) آ گیا ﴿60﴾

60. So Fir'aun (Pharaoh) withdrew, devised his plot and then came back.

قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰى وَيْلَكُمْ لَا تَفْتَرُوْا عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا فَيُسْحِتَكُمْ بِعَذَابٍ ۚ وَقَدْ خَابَ مَنِ افْتَرٰى ﴿61﴾

موسیٰ نے ان سے کہا: تمھارے لیے ہلاکت ہو! تم اللہ پر جھوٹ نہ گھڑو، ورنہ وہ عذاب سے تمھیں تباہ کر دے گا اور جس نے جھوٹ گھڑا یقیناً وہ ناکام رہا ﴿61﴾

61. Mūsā (Moses) said to them: "Woe to you! Invent not a lie against Allāh, lest He should destroy you completely by a torment. And surely, he who invents a lie (against Allāh) will fail miserably."

فَتَنَازَعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَيْنَهُمْ وَاَسَرُّوا النَّجْوٰى ﴿62﴾

پھر انھوں نے آپس میں اپنے معاملے میں باہم اختلاف کیا اور رازداری سے مشورہ کیا ﴿62﴾

62. Then they debated one with another what they must do, and they kept their talk secret.

قَالُوْٓا اِنْ هٰذٰىنِ لَسٰحِرٰنِ يُرِيْدٰنِ اَنْ يُّخْرِجٰكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ بِسِحْرِهِمَا وَيَذْهَبَا بِطَرِيْقَتِكُمُ الْمُثْلٰى ﴿63﴾

وہ بولے: بلاشبہ یہ دونوں جادوگر ہیں، یہ چاہتے ہیں کہ اپنے جادو (کے زور) سے تمھیں تمھاری سرزمین سے نکال دیں اور تمھارا عمدہ نظام لے جائیں (تباہ و برباد کر دیں) ﴿63﴾

63. They said: "Verily, these are two magicians. Their object is to drive you out from your land with their magic, and to take you away from your superior way (overcome your chiefs and nobles).

فَاَجْمِعُوْا كَيْدَكُمْ ثُمَّ ائْتُوْا صَفًّا ۚ وَقَدْ اَفْلَحَ الْيَوْمَ مَنِ اسْتَعْلٰى ﴿64﴾

لہٰذا اپنی تدبیریں پختہ کر لو، پھر صف باندھ کر آ جاؤ اور بلاشبہ جو (آج) غالب رہا وہ کامیاب ٹھہرا ﴿64﴾

64. "So devise your plot, and then assemble in line. And whoever overcomes this day will be indeed successful."

قَالُوْا يٰمُوْسٰٓى اِمَّآ اَنْ تُلْقِيَ وَاِمَّآ اَنْ نَّكُوْنَ اَوَّلَ مَنْ اَلْقٰى ﴿65﴾

(ان جادوگروں نے) کہا: اے موسیٰ! یا تو تو ڈال یا ہم ہی ہوں پہلے ڈالنے والے؟ ﴿65﴾

65. They said:"O Mūsā (Moses)! Either you throw first or we be the first to throw?"

قَالَ بَلْ اَلْقُوْا ۚ فَاِذَا حِبَالُهُمْ وَعِصِيُّهُمْ يُخَيَّلُ اِلَيْهِ مِنْ سِحْرِهِمْ اَنَّهَا تَسْعٰى ﴿66﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: بلکہ تمھی ڈالو، پھر ناگہاں ان کے جادو کی وجہ سے موسیٰ کو یہ خیال گزرنے لگا کہ ان کی رسیاں اور ان کی لاٹھیاں بلاشبہ دوڑ رہی ہیں ﴿66﴾

66. [Mūsā (Moses)] said: "Nay, throw you (first)!" Then behold! their ropes and their sticks, by their magic, appeared to him as though they moved fast.

فَاَوْجَسَ فِيْ نَفْسِهٖ خِيْفَةً مُّوْسٰى ﴿67﴾

پھر موسیٰ نے اپنے نفس میں خوف محسوس کیا ﴿67﴾

67. So Mūsā (Moses) conceived fear in himself.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

68. We (Allāh) said: "Fear not! Surely, you will have the upper hand.

ہم نے کہا: خوف نہ کھا، بے شک تو ہی غالب رہے گا ﴿٦٨﴾

قُلْنَا لَا تَخَفْ إِنَّكَ أَنْتَ الْأَعْلَىٰ ﴿٦٨﴾

69. "And throw that which is in your right hand! It will swallow up that which they have made. That which they have made is only a magician's trick, and the magician will never be successful, to whatever amount (of skill) he may attain."

اور جو (لاٹھی) تیرے دائیں ہاتھ میں ہے اسے ڈال دے، وہ اس کو نگل جائے گی جو کچھ انھوں نے بنایا ہے، بس انھوں نے تو جادوگر کا فریب بنایا ہے، اور جادوگر جہاں سے بھی آئے کامیاب نہیں ہوتا ﴿٦٩﴾

وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا ۖ إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ ۖ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ ﴿٦٩﴾

70. So, the magicians fell down prostrate. They said: "We believe in the Lord of Hārūn (Aaron) and Mūsā (Moses)."

چنانچہ جادوگر بے اختیار سجدے میں گر گئے، اور کہنے لگے: ہم ہارون اور موسیٰ کے رب پر ایمان لائے ﴿٧٠﴾

فَأُلْقِيَ السَّحَرَةُ سُجَّدًا قَالُوا آمَنَّا بِرَبِّ هَارُونَ وَمُوسَىٰ ﴿٧٠﴾

71. [Fir'aun (Pharaoh)] said: "Believe you in him [Mūsā (Moses)] before I give you permission? Verily, he is your chief who has taught you magic. So, I will surely cut off your hands and feet on opposite sides, and I will surely crucify you on the trunks of date palms, and you shall surely know which of us [I (Fir'aun – Pharaoh) or the Lord of Mūsā (Moses) (Allāh)] can give the severe and more lasting torment."

فرعون نے کہا: کیا تم میری اجازت سے پہلے ہی اس پر ایمان لائے ہو؟ یقیناً یہ تمھارا بڑا ہی تو ہے جس نے تمھیں جادو سکھایا، لہٰذا میں تمھارے ہاتھ اور پاؤں ایک دوسرے کی مخالف سمتوں سے ضرور کٹواؤں گا، اور تمھیں کھجور کے تنوں پر ضرور سولی دوں گا، اور تمھیں ضرور معلوم ہو جائے گا کہ ہم میں سے کس کا عذاب زیادہ سخت اور دیرپا ہے ﴿٧١﴾

قَالَ آمَنْتُمْ لَهُ قَبْلَ أَنْ آذَنَ لَكُمْ ۖ إِنَّهُ لَكَبِيرُكُمُ الَّذِي عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۖ فَلَأُقَطِّعَنَّ أَيْدِيَكُمْ وَأَرْجُلَكُمْ مِنْ خِلَافٍ وَلَأُصَلِّبَنَّكُمْ فِي جُذُوعِ النَّخْلِ وَلَتَعْلَمُنَّ أَيُّنَا أَشَدُّ عَذَابًا وَأَبْقَىٰ ﴿٧١﴾

72. They said: "We prefer you not over what have come to us of the clear signs and to Him (Allāh) Who created us. So, decree whatever you desire to decree, for you can only decree (regarding) this life of the world.

وہ کہنے لگے: ہم تجھے کبھی ترجیح نہیں دیں گے اُن واضح دلائل پر جو ہمارے پاس آ چکے اور نہ اس ذات پر جس نے ہمیں پیدا کیا، لہٰذا تو جو کر سکتا ہے کر گزر، بس تو تو اس دنیاوی زندگی ہی کا فیصلہ کرے گا ﴿٧٢﴾

قَالُوا لَنْ نُؤْثِرَكَ عَلَىٰ مَا جَاءَنَا مِنَ الْبَيِّنَاتِ وَالَّذِي فَطَرَنَا ۖ فَاقْضِ مَا أَنْتَ قَاضٍ ۖ إِنَّمَا تَقْضِي هَٰذِهِ الْحَيَاةَ الدُّنْيَا ﴿٧٢﴾

73. "Verily, we have believed in our Lord, that He may forgive us our faults, and the magic to which you did compel us. And Allāh is better [as regards reward in comparison to your Fir'aun's (Pharaoh's) reward], and more lasting (as regards punishment in comparison to your punishment)."

بے شک ہم اپنے رب پر ایمان لائے ہیں تاکہ وہ ہمیں بخش دے ہماری خطائیں اور وہ جادو بھی جس پر تو نے ہمیں مجبور کیا، اور اللہ بہت بہتر اور وہی باقی رہنے والا ہے ﴿٧٣﴾

إِنَّا آمَنَّا بِرَبِّنَا لِيَغْفِرَ لَنَا خَطَايَانَا وَمَا أَكْرَهْتَنَا عَلَيْهِ مِنَ السِّحْرِ ۗ وَاللَّهُ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ﴿٧٣﴾

74. Verily, whoever comes to his Lord as a *Mujrim* (criminal,

بے شک جو شخص اپنے رب کے پاس مجرم بن کر

إِنَّهُ مَنْ يَأْتِ رَبَّهُ مُجْرِمًا فَإِنَّ لَهُ

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

polytheist, sinner, disbeliever in the Oneness of Allāh and His Messengers), then surely, for him is Hell, wherein he will neither die nor live.

حاضر ہوگا تو یقیناً اس کے لیے جہنم ہے جس میں نہ تو وہ مرے گا اور نہ جیے گا﴿74﴾

جَهَنَّمَ ۚ لَا يَمُوۡتُ فِيۡهَا وَلَا يَحۡيٰى ﴿74﴾

75. But whoever comes to Him (Allāh) as a believer (in the Oneness of Allāh), and has done righteous good deeds, for such are the high ranks (in the Hereafter),

اور جو اس کے حضور مومن (بن کر) حاضر ہوگا، جبکہ اس نے نیک عمل کیے ہوں، تو انھی (لوگوں) کے درجے بلند ہیں﴿75﴾

وَمَنۡ يَّاۡتِهٖ مُؤۡمِنًا قَدۡ عَمِلَ الصّٰلِحٰتِ فَاُولٰٓئِكَ لَهُمُ الدَّرَجٰتُ الۡعُلٰى ﴿75﴾

76. *'Adn* (Eden) Paradise (everlasting Gardens), under which rivers flow, wherein they will abide forever, and such is the reward of those who purify themselves (by abstaining from all kinds of sins and evil deeds which Allāh has forbidden and by doing all that Allāh has ordained).

(یعنی) سدا رہنے والے باغات ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہیں گے اور یہی اس کی جزا ہے جو (گناہوں سے) پاک ہوا﴿76﴾

جَنّٰتُ عَدۡنٍ تَجۡرِىۡ مِنۡ تَحۡتِهَا الۡاَنۡهٰرُ
خٰلِدِيۡنَ فِيۡهَا ؕ وَذٰلِكَ جَزٰٓؤُا مَنۡ تَزَكّٰى ﴿76﴾ ع 3 22 12

77. And indeed We revealed to Mūsā (Moses) (saying): "Travel by night with *'Ibādi* (My slaves) and strike a dry path for them in the sea, fearing neither to be overtaken [by Fir'aun (Pharaoh)] nor being afraid (of drowning in the sea)."

اور یقیناً ہم نے موسیٰ کی طرف وحی کی کہ رات کو میرے بندے نکال لے چل، پھر ان کے لیے سمندر میں خشک راستہ بنا، جبکہ تجھے نہ تو پکڑے جانے کا خوف ہوگا اور نہ (ڈوبنے کا) ڈر﴿77﴾

وَلَقَدۡ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلٰى مُوۡسٰٓى ۙ اَنۡ اَسۡرِ بِعِبَادِىۡ فَاضۡرِبۡ لَهُمۡ طَرِيۡقًا فِى الۡبَحۡرِ يَبَسًا ۙ لَّا تَخٰفُ دَرَكًا وَّلَا تَخۡشٰى ﴿77﴾

78. Then Fir'aun (Pharaoh) pursued them with his hosts, but the sea water completely overwhelmed them and covered them up.

پھر فرعون نے اپنے لشکروں سمیت ان کا پیچھا کیا تو انھیں سمندر (کے پانی) نے ڈھانپ لیا جیسے ڈھانپنے کا حق تھا﴿78﴾

فَاَتۡبَعَهُمۡ فِرۡعَوۡنُ بِجُنُوۡدِهٖ فَغَشِيَهُمۡ مِّنَ الۡيَمِّ مَا غَشِيَهُمۡ ؕ ﴿78﴾

79. And Fir'aun (Pharaoh) led his people astray, and he did not guide them.

اور فرعون نے اپنی قوم کو گمراہ کیا اور (سیدھی) راہ نہ دکھائی﴿79﴾

وَاَضَلَّ فِرۡعَوۡنُ قَوۡمَهٗ وَمَا هَدٰى ﴿79﴾

80. O Children of Israel! We delivered you from your enemy, and We made a covenant with you on the right side of the Mount, and We sent down to you *Al-Manna*[1] and quail,

اے بنی اسرائیل! ہم نے تمھیں تمھارے دشمن سے نجات دی، اور ہم نے تم سے طور کی دائیں جانب (تورات دینے) کا وعدہ کیا، اور ہم نے تم پر من اور سلویٰ نازل کیا①﴿80﴾

يٰبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ قَدۡ اَنۡجَيۡنٰكُمۡ مِّنۡ عَدُوِّكُمۡ وَوٰعَدۡنٰكُمۡ جَانِبَ الطُّوۡرِ الۡاَيۡمَنَ وَنَزَّلۡنَا عَلَيۡكُمُ الۡمَنَّ وَالسَّلۡوٰى ﴿80﴾

---

[1] (V.20:80) See the footnote of (V.2:57).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بقرہ 2:57)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

81. (Saying) eat of the *Tayyibāt* (good lawful things) wherewith We have provided you, and commit no transgression or oppression therein, lest My Anger should justly descend on you. And he on whom My Anger descends, he is indeed perished. (*Tafsir A' ˜ıbari*)

ہم نے تمھیں جن پاکیزہ چیزوں سے رزق دیا ہے ان سے کھاؤ، اور تم اس میں سرکشی نہ کرو کہ تم پر میرا غضب اترے، اور جس پر میرا غضب اترا تو یقیناً وہ تباہ ہو گیا ﴿81﴾

كُلُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا رَزَقْنٰكُمْ وَلَا تَطْغَوْا فِيْهِ فَيَحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبِيْ ۚ وَمَنْ يَّحْلِلْ عَلَيْهِ غَضَبِيْ فَقَدْ هَوٰى ﴿81﴾

82. And verily, I am indeed forgiving to him who repents, believes (in My Oneness, and associates none in worship with Me) and does righteous good deeds, and then remains constant in doing them (till his death).

اور بے شک میں بہت بخشنے والا ہوں اس کے لیے جو توبہ کرے، ایمان لائے اور نیک عمل کرے، پھر ہدایت پر رہے ﴿82﴾

وَاِنِّيْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰى ﴿82﴾

83. "And what made you hasten from your people, O Mūsā (Moses)?"

اور اے موسیٰ! کون سی چیز تجھے تیری قوم سے جلدی لے آئی؟ ﴿83﴾

وَمَآ اَعْجَلَكَ عَنْ قَوْمِكَ يٰمُوْسٰى ﴿83﴾

84. He said: "They are close on my footsteps, and I hastened to You, O my Lord, that You might be pleased."

اس نے کہا: وہ لوگ میرے پیچھے ہیں، اور اے میرے رب! میں نے تیری طرف جلدی کی، تاکہ تو راضی ہو جائے ﴿84﴾

قَالَ هُمْ اُولَآءِ عَلٰٓى اَثَرِيْ وَعَجِلْتُ اِلَيْكَ رَبِّ لِتَرْضٰى ﴿84﴾

85. (Allāh) said: "Verily, We have tried your people in your absence, and As-Sā"irī has led them astray."

اللہ نے فرمایا: چنانچہ بے شک ہم نے تیرے بعد تیری قوم کو آزمائش میں ڈال دیا، اور انھیں سامری نے گمراہ کر دیا ﴿85﴾

قَالَ فَاِنَّا قَدْ فَتَنَّا قَوْمَكَ مِنْۢ بَعْدِكَ وَاَضَلَّهُمُ السَّامِرِيُّ ﴿85﴾

86. Then Mūsā (Moses) returned to his people in a state of anger and sorrow. He said: "O my people! Did not your Lord promise you a fair promise? Did then the promise seem to you long in coming? Or did you desire that wrath should descend from your Lord on you, that you broke your promise to me (i.e. by disbelieving in Allāh and worshipping the calf)?"

تو موسیٰ اپنی قوم کی طرف غضب ناک (اور) غمگین لوٹا (اور) کہنے لگا: اے میری قوم! کیا تمھارے رب نے تم سے اچھا وعدہ نہ کیا تھا؟ کیا پھر تم پر عہد طویل ہو گیا تھا یا تم نے چاہا کہ تم پر تمھارے رب کا غضب اترے، لہٰذا تم نے میرے وعدے کی خلاف ورزی کی ﴿86﴾

فَرَجَعَ مُوْسٰٓى اِلٰى قَوْمِهٖ غَضْبَانَ اَسِفًا ۚ قَالَ يٰقَوْمِ اَلَمْ يَعِدْكُمْ رَبُّكُمْ وَعْدًا حَسَنًا ۚ اَفَطَالَ عَلَيْكُمُ الْعَهْدُ اَمْ اَرَدْتُّمْ اَنْ يَّحِلَّ عَلَيْكُمْ غَضَبٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ فَاَخْلَفْتُمْ مَّوْعِدِيْ ﴿86﴾

87. They said: "We broke not the promise to you, of our own will, but we were made t carry the weight of the ornaments of the [Fir'aun's (Pharaoh)] people, then we cast them (into the fire), and that was what As-Sāmirī did."

وہ کہنے لگے: ہم نے تیرے وعدے کی اپنے اختیار سے خلاف ورزی نہیں کی، لیکن ہم پر قوم (فرعون) کے زیب و زینت کے بوجھ لاد دیے گئے تھے تو ہم نے وہ (آگ میں) پھینک دیے اور اسی طرح سامری نے بھی (زیور) پھینکے ﴿87﴾

قَالُوْا مَآ اَخْلَفْنَا مَوْعِدَكَ بِمَلْكِنَا وَلٰكِنَّا حُمِّلْنَآ اَوْزَارًا مِّنْ زِيْنَةِ الْقَوْمِ فَقَذَفْنٰهَا فَكَذٰلِكَ اَلْقَى السَّامِرِيُّ ﴿87﴾

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

فَأَخْرَجَ لَهُمْ عِجْلًا جَسَدًا لَّهُۥ خُوَارٌ فَقَالُوا۟ هَٰذَآ إِلَٰهُكُمْ وَإِلَٰهُ مُوسَىٰ فَنَسِىَ ﴿٨٨﴾

پھر اس نے ان کے لیے ایک بچھڑا نکالا (بنایا) جو محض جسم تھا، جس کی آواز گائے کی سی تھی، پھر وہ (لوگ) کہنے لگے: یہی ہے تمھارا الٰہ اور موسیٰ کا الٰہ۔ وہ تو بھول گیا (88)

88. Then he took out (of the fire) for them (a statue of) a calf which seemed to low. They said: "This is your *ilāh* (god), and the *ilāh* (god) of Mūsā (Moses), but he [Mūsā (Moses)] has forgotten (his god)."'

أَفَلَا يَرَوْنَ أَلَّا يَرْجِعُ إِلَيْهِمْ قَوْلًا ۙ وَلَا يَمْلِكُ لَهُمْ ضَرًّا وَلَا نَفْعًا ﴿٨٩﴾ ع 4 13 13

بھلا وہ دیکھتے نہیں تھے کہ بلاشبہ وہ (بچھڑا) ان کی کسی بات کا جواب نہیں دیتا اور نہ ان کے کسی نفع ونقصان کا مالک ہے (89)

89. Did they not see that it could not return them a word (for answer), and that it had no power either to harm them or to do them good?

وَلَقَدْ قَالَ لَهُمْ هَٰرُونُ مِن قَبْلُ يَٰقَوْمِ إِنَّمَا فُتِنتُم بِهِۦ ۖ وَإِنَّ رَبَّكُمُ ٱلرَّحْمَٰنُ فَٱتَّبِعُونِى وَأَطِيعُوٓا۟ أَمْرِى ﴿٩٠﴾

اور بلاشبہ اس سے پہلے ہارون نے ان سے کہا تھا: اے میری قوم! یقیناً اس (بچھڑے) کے ساتھ تم آزمائے گئے ہو، اور یقیناً تمھارا رب رحمٰن ہے، لہٰذا تم میری اتباع کرو اور میرے حکم کی اطاعت کرو (90)

90. And Hārūn (Aaron) indeed had said to them beforehand: "O my people! You are being tried in this, and verily, your Lord is (Allāh) the Most Gracious, so follow me and obey my order."

قَالُوا۟ لَن نَّبْرَحَ عَلَيْهِ عَٰكِفِينَ حَتَّىٰ يَرْجِعَ إِلَيْنَا مُوسَىٰ ﴿٩١﴾

وہ کہنے لگے: ہم تو ہمیشہ اس پر مجاور (بن کر بیٹھ) رہیں گے حتی کہ موسیٰ ہمارے پاس لوٹ آئے (91)

91. They said: "We will not stop worshipping it (i.e. the calf), until Mūsā (Moses) returns to us."

قَالَ يَٰهَٰرُونُ مَا مَنَعَكَ إِذْ رَأَيْتَهُمْ ضَلُّوٓا۟ ﴿٩٢﴾

اس (موسیٰ) نے کہا: اے ہارون! تجھے کس چیز نے روکے رکھا جب تو نے انھیں دیکھا کہ وہ بھٹک گئے ہیں (92)

92. [Mūsā (Moses)] said: "O Hārūn (Aaron)! What prevented you when you saw them going astray;

أَلَّا تَتَّبِعَنِ ۖ أَفَعَصَيْتَ أَمْرِى ﴿٩٣﴾

کہ تو نے میری اتباع نہ کی؟ کیا تو نے میرے حکم کی نافرمانی کی؟ (93)

38. Truly, Allāh defends those who believe. Verily, Allāh likes not any treacherous ingrate to Allāh [those who disobey Allāh

---

[1] (V.22:37) *Al-Muhsinūn*: The good-doers who perform good deeds totally for Allāh's sake only without any show-off or to gain praise or fame and do them in accordance with the *Sunnah* (legal ways) of Allāh's Messenger Muhammad ﷺ.

① مُحْسِنِيْنَ دیکھیں حاشیہ: (سورۂ آل عمران 3:134)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

but obey *Shaitān* (Satan)].

أُذِنَ لِلَّذِيْنَ يُقٰتَلُوْنَ بِاَنَّهُمْ ظُلِمُوْاؕ وَاِنَّ اللّٰهَ عَلٰى نَصْرِهِمْ لَقَدِيْرُ ۙ﴿39﴾

جن لوگوں سے لڑائی کی جاتی ہے انھیں (جہاد کی) اجازت دی گئی ہے، اس لیے کہ ان پر ظلم ہوا، اور یقیناً اللہ ان کی مدد پر ضرور قادر ہے﴿39﴾

39. Permission to fight (against disbelievers) is given to those (believers) who are fought against, because they have been wronged; and surely, Allāh is Able to give them (believers) victory —

الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا مِنْ دِيَارِهِمْ بِغَيْرِ حَقٍّ اِلَّآ اَنْ يَّقُوْلُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ؕ وَلَوْلَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَّصَلَوٰتٌ وَّمَسٰجِدُ يُذْكَرُ فِيْهَا اسْمُ اللّٰهِ كَثِيْرًاؕ وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ﴿40﴾

وہ لوگ جنھیں ان کے گھروں سے ناحق نکال دیا گیا، صرف اس لیے کہ وہ کہتے ہیں: ہمارا رب اللہ ہے، اور اگر اللہ لوگوں میں سے بعض کو بعض کے ذریعے سے دفع نہ کرتا تو بلاشبہ خانقاہیں اور گرجے اور (یہودی) عبادت خانے اور مسجدیں ڈھادی جاتیں جن میں اللہ کا نام بکثرت ذکر کیا جاتا ہے اور اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا جو اس (کے دین) کی مدد کرے گا، بے شک اللہ یقیناً بہت قوت والا، خوب غالب ہے﴿40﴾

40. Those who have been expelled from their homes unjustly only because they said: "Our Lord is Allāh." For had it not been that Allāh checks one set of people by means of another, monasteries, churches, synagogues, and mosques, wherein the Name of Allāh is mentioned much, would surely have been pulled down. Verily, Allāh will help those who help His (Cause). Truly, Allāh is All-Strong, All-Mighty.

اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِى الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِؕ وَلِلّٰهِ

(یہ) وہ لوگ (ہیں) کہ جنھیں اگر ہم زمین میں اقتدار بخشیں (تو) وہ نماز قائم کریں① اور زکاۃ دیں، اور نیکی کا حکم دیں اور برائی سے روکیں، اور تمام امور کا

41. Those (Muslim rulers) who, if We give them power in the land, (they) enjoin *Iqamat-as-Salāt*[1] [i.e. to perform the five

[1] (V.22:41)

A) *Iqāmat-as-Salāt:* Performing of *Salāt* (prayers). It means that:

a) Every Muslim, male or female, is obliged to offer his *Salāt* (prayers) regularly five times a day at the specified times; the male in the mosque in congregation and as for the female, it is better to offer them at home. As the Prophet ﷺ has said: "Order your children to offer *Salāt* (prayer) at the age of seven and beat them (about it) at the age of ten." The chief (of a family, town, tribe) and the Muslim rulers of a country are held responsible before Allāh in case of non-fulfilment of this obligation by the Muslims under their authority.

b) One must offer the *Salāt* (prayers) as the Prophet ﷺ used to offer them with all their rules and regulations, i.e., standing, bowing, prostrating and sitting. As he ﷺ has said: "Offer your *Salāt* (prayers) the way you see me performing them." [*Sahih Al-Bukhārī* 9/7246 (O.P.352)] [For the characteristics of the *Salāt* (prayer) of the Prophet ﷺ see *Sahih Al-Bukhārī,* 1/735-737,756,823 and 824 (O.P.702,703,704,723,786 and 787)].

B) Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "No *Salāt* (prayer) is heavier (harder) for the hypocrites than the *Fajr* and the *'Ishā* prayers, but if they knew the reward for these *Salāt* (prayers) at their respective times, they would certainly present themselves (in the mosques) even if they had to crawl." The Prophet ﷺ added, "Certainly, I intended (or was about) to order the *Mu'adhdhin* (call-maker) to pronounce *Iqāmah* and order a man to lead the *Salāt* (prayer) and then take a fire flame to burn all those (men along with their houses) who had not yet left their houses for the *Salāt* (prayer) (in the mosques)." [*Sahih Al-Bukhari*, 1/657 (O.P.626)].

* (V.22:77) Prostration (see the List of Prostration Places at the end).

①[إقامَةِ صَلَاةٍ]''نماز قائم کرنے'' کا مطلب یہ ہے کہ ہر مسلمان مرد یا عورت پر فرض ہے کہ وہ باقاعدگی سے دن رات میں پانچ نمازیں مقررہ اوقات میں ادا کرے، مرد مسجد میں جماعت کے ساتھ اور عورتیں گھر میں، جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جب تمہارے بچے سات سال کے ہو جائیں تو انہیں نماز پڑھنے کا حکم دو اور جب وہ دس سال کے ہو جائیں تو اس (نماز ادا نہ کرنے) پر ان کی پٹائی کرو'' (أبو داود، الصلاة، باب: 26، حديث: 495) (خاندان، شہر اور قبیلے وغیرہ کا) سربراہ اور کسی ملک کا مسلمان حکمران اپنی حکومت و اقتدار کے ماتحت بسنے والے مسلمانوں کی طرف سے اس دینی فریضے کی عدم ادائیگی کی صورت میں اللہ کے سامنے جوابدہ ہوگا۔ نبی کریم ﷺ جن لوازم، آداب و شرائط کے ساتھ نماز ادا کیا کرتے تھے، ہر شخص کو اسی طرح نماز ادا کرنی چاہیے جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ہے: ''تم اسی طرح نماز پڑھو جس طرح تم مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھتے ہو'' (صحيح البخاري، أخبار الأحاد، باب 1: حديث: 7246)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

عَاقِبَةُ الْاُمُوْرِ ﴿41﴾

انجام اللہ ہی کے اختیار میں ہے ﴿41﴾

compulsory congregational *Salāt* (prayers) (the males in mosques)], pay the *Zakāt* (obligatory charity) and they enjoin *Al-Ma'rūf* (i.e. Islāmic Monotheism and all that Islām orders one to do), and forbid *Al-Munkar* (i.e. disbelief, polytheism and all that Islām has forbidden) [i.e. they make the Qur'ān as the law of their country in all the spheres of life]. And with Allāh rests the end of (all) matters (of creatures).

وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ وَّثَمُوْدُ ﴿42﴾

اور (اے نبی!) اگر وہ آپ کو جھٹلائیں تو بلاشبہ ان سے پہلے قوم نوح اور عاد اور ثمود نے بھی (اپنے اپنے انبیاء کو) جھٹلایا ﴿42﴾

42. And if they deny you (O Muhammad ﷺ), so did deny before them the people of Nūh (Noah), 'Ād and Thamūd (their Prophets).

وَقَوْمُ اِبْرٰهِيْمَ وَقَوْمُ لُوْطٍ ﴿43﴾

اور قوم ابراہیم اور قوم لوط نے بھی ﴿43﴾

43. And the people of Ibrāhīm (Abraham) and the people of Lūt (Lot),

وَّاَصْحٰبُ مَدْيَنَ ۚ وَكُذِّبَ مُوْسٰى فَاَمْلَيْتُ لِلْكٰفِرِيْنَ ثُمَّ اَخَذْتُهُمْ ۚ فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ﴿44﴾

اور مدین والوں نے بھی، اور موسیٰ کو بھی جھٹلایا گیا، چنانچہ (پہلے تو) میں نے کافروں کو ڈھیل دی، پھر میں نے انھیں پکڑ لیا، چنانچہ میرا عذاب کیسا تھا! ﴿44﴾

44. And the dwellers of Madyan (Midian); and denied was Mūsā (Moses). But I granted respite to the disbelievers for a while, then I seized them, and how (terrible) was My punishment (against their wrongdoing)!

فَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ فَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَبِئْرٍ مُّعَطَّلَةٍ وَّقَصْرٍ مَّشِيْدٍ ﴿45﴾

چنانچہ کتنی ہی بستیاں ہیں کہ ہم نے انھیں ہلاک کر دیا جبکہ وہ ظالم تھیں، تو وہ گری پڑی ہیں اپنی چھتوں پر، اور (کتنے ہی) کنویں بے کار، اور (کتنے ہی) مضبوط محل (ویران پڑے ہوئے ہیں!) ﴿45﴾

45. And many a township did We destroy while they were given to wrongdoing, so that it lie in ruins (up to this day), and (many) a deserted well and lofty castle!

اَفَلَمْ يَسِيْرُوْا فِى الْاَرْضِ فَتَكُوْنَ لَهُمْ قُلُوْبٌ يَّعْقِلُوْنَ بِهَآ اَوْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ۚ فَاِنَّهَا لَا تَعْمَى الْاَبْصَارُ وَلٰكِنْ تَعْمَى الْقُلُوْبُ الَّتِىْ فِى الصُّدُوْرِ ﴿46﴾

کیا پھر وہ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ ان کے دل ہوتے جن سے وہ سمجھتے، یا کان (ہوتے) جن سے وہ سنتے؟ پس بے شک قصہ یہ ہے کہ (ان کی) آنکھیں اندھی نہیں ہوتیں لیکن دل اندھے ہو جاتے ہیں جو سینوں میں ہیں ﴿46﴾

46. Have they not travelled through the land, and have they hearts wherewith to understand and ears wherewith to hear? Verily, it is not the eyes that grow blind, but it is the hearts which are in the breasts that grow blind.

وَيَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ وَلَنْ يُّخْلِفَ اللّٰهُ وَعْدَهٗ ۭ وَاِنَّ يَوْمًا عِنْدَ رَبِّكَ كَاَلْفِ سَنَةٍ مِّمَّا تَعُدُّوْنَ ﴿47﴾

اور وہ آپ سے جلد عذاب مانگتے ہیں اور اللہ ہرگز اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرے گا اور بلاشبہ آپ کے رب کے ہاں ایک دن تمھاری گنتی کے حساب سے ایک ہزار برس کی طرح ہے ﴿47﴾

47. And they ask you to hasten on the torment! And Allāh fails not His Promise. And verily, a day with your Lord is as a thousand years of what you

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

reckon.

48. And many a township did I give respite while it was given to wrongdoing. Then (in the end) I seized it (with punishment). And to Me is the (final) return (of all).

اور کتنی ہی بستیاں ہیں کہ میں نے انھیں ڈھیل دی جبکہ وہ ظالم تھیں، پھر میں نے انھیں پکڑ لیا، اور میری ہی طرف (سب کی) واپسی ہے ﴿48﴾

وَكَاَيِّنْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَمْلَيْتُ لَهَا وَهِيَ ظَالِمَةٌ ثُمَّ اَخَذْتُهَا ۚ وَاِلَيَّ الْمَصِيْرُ ﴿48﴾

49. Say (O Muhammad ﷺ): "O mankind! I am (sent) to you only as a plain warner."

کہہ دیجیے: اے لوگو! میں تو بس تمھیں کھلم کھلا ڈرانے والا ہوں ﴿49﴾

قُلْ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَاۤ اَنَا لَكُمْ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿49﴾

50. So those who believe (in the Oneness of Allāh - Islāmic Monotheism) and do righteous good deeds, for them is forgiveness and *Rizqun Karīm* (generous provision, i.e. Paradise).

چنانچہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے، ان کے لیے مغفرت اور عزت کا رزق ہے ﴿50﴾

فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ مَّغْفِرَةٌ وَّرِزْقٌ كَرِيْمٌ ﴿50﴾

51. But those who strive against Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.), to frustrate them, they will be dwellers of the Hell-fire.

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں میں (ہمیں) عاجز کرنے کی کوشش کی، وہی دوزخ والے ہیں ﴿51﴾

وَالَّذِيْنَ سَعَوْا فِيْۤ اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَحِيْمِ ﴿51﴾

52. Never did We send a Messenger or a Prophet before you but when he did recite the Revelation or narrated or spoke, *Shaitān* (Satan) threw (some falsehood) in it. But Allāh abolishes that which *Shaitān* (Satan) throws in. Then Allāh establishes His Revelations. And Allāh is All-Knower, All-Wise:

اور ہم نے آپ سے پہلے جو بھی رسول اور نبی بھیجا جب وہ تلاوت کرتا تو شیطان اس کی تلاوت میں (اپنی طرف سے کچھ) ڈال دیتا، پھر اللہ اسے زائل کر دیتا جو شیطان نے (وسوسہ) ڈالا ہوتا، پھر اللہ اپنی آیات کو محکم کر دیتا، اور اللہ خوب جاننے والا، خوب حکمت والا ہے ﴿52﴾

وَمَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّاۤ اِذَا تَمَنّٰۤى اَلْقَى الشَّيْطٰنُ فِيْۤ اُمْنِيَّتِهٖ ۚ فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ ۗ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿52﴾

53. That He (Allāh) may make what is thrown in by *Shaitān* (Satan) a trial for those in whose hearts is a disease (of hypocrisy and disbelief) and whose hearts are hardened. And certainly, the *Zalimūn* (polytheists and wrong doers) are in an opposition far-off (from the truth against Allāh's Messenger and the believers).

تاکہ جو (وسوسہ) شیطان نے ڈالا ہے اللہ (اس کو) ان لوگوں کے لیے فتنہ بنا دے جن لوگوں کے دلوں میں بیماری ہے اور ان کے دل سخت ہیں، اور بے شک ظالم تو دور کی مخالفت میں (پڑے) ہیں ﴿53﴾

لِّيَجْعَلَ مَا يُلْقِي الشَّيْطٰنُ فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ وَّالْقَاسِيَةِ قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ الظّٰلِمِيْنَ لَفِيْ شِقَاقٍۭ بَعِيْدٍ ﴿53﴾

54. And that those who have been given knowledge may know that it (this Qur'ān) is the truth from your Lord, so that they may

اور تاکہ وہ لوگ جان لیں جنھیں علم دیا گیا ہے کہ بے شک یہ (قرآن) آپ کے رب کی طرف سے حق ہے، چنانچہ وہ اس پر ایمان لائیں پھر ان کے دل

وَّلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَيُؤْمِنُوْا بِهٖ فَتُخْبِتَ لَهٗ قُلُوْبُهُمْ ۗ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهَادِ الَّذِيْنَ

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

اٰمَنُوْٓا اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٥٤﴾

اس (حق) کے لیے جھک جائیں، اور بے شک اللہ ایمان لانے والے لوگوں کو ضرور صراط مستقیم کی طرف ہدایت دینے والا ہے ﴿54﴾

believe therein, and their hearts may submit to it with humility. And verily, Allāh is the Guide of those who believe, to a Straight Path.

وَلَا يَزَالُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ مِرْيَةٍ مِّنْهُ حَتّٰى تَاْتِيَهُمُ السَّاعَةُ بَغْتَةً اَوْ يَاْتِيَهُمْ عَذَابُ يَوْمٍ عَقِيْمٍ ﴿٥٥﴾

اور کافر اس (قرآن) کی بابت ہمیشہ شک میں رہیں گے حتی کہ ان پر اچانک قیامت آجائے، یا ان پر نہایت بانجھ (ہر خیر سے خالی) دن کا عذاب آجائے ﴿55﴾

55. And those who disbelieved, will not cease to be in doubt about it (this Qur'ān) until the Hour comes suddenly upon them, or there comes to them the torment of the Day after which there will be no night (i.e. the Day of Resurrection).

اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ؕ يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ ؕ فَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٥٦﴾

اس دن بادشاہی اللہ ہی کی ہوگی، وہ ان کے مابین فیصلہ کرے گا۔ چنانچہ جو لوگ ایمان لائے اور انھوں نے نیک عمل کیے وہ نعمتوں والے باغوں میں ہوں گے ﴿56﴾

56. The sovereignty on that Day will be that of Allāh (the One Who has no partners). He will judge between them. So, those who believed (in the Oneness of Allāh — Islāmic Monotheism) and did righteous good deeds will be in Gardens of delight (Paradise).

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌ ﴿٥٧﴾ ع 7 9 14

اور جنھوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کو جھٹلایا، تو وہی ہیں جن کے لیے رسوا کن عذاب ہے ﴿57﴾

57. And those who disbelieved and denied Our Verses (of this Qur'ān), for them will be a humiliating torment (in Hell).

وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ قُتِلُوْٓا اَوْ مَاتُوْا لَيَرْزُقَنَّهُمُ اللّٰهُ رِزْقًا حَسَنًا ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿٥٨﴾

اور جنھوں نے اللہ کی راہ میں ہجرت کی، پھر وہ قتل کیے گئے یا مر گئے تو اللہ ضرور انھیں اچھا رزق دے گا اور بلاشبہ اللہ ہی سب سے بہتر رزق دینے والا ہے ﴿58﴾

58. Those who emigrated in the Cause of Allāh and after that were killed or died, surely, Allāh will provide a good provision for them. And verily, it is Allāh Who indeed is the Best of those who make provision.

لَيُدْخِلَنَّهُمْ مُّدْخَلًا يَّرْضَوْنَهٗ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَعَلِيْمٌ حَلِيْمٌ ﴿٥٩﴾

وہ انھیں اس مقام میں ضرور داخل کرے گا جسے وہ پسند کریں گے، اور بے شک اللہ بڑا جاننے والا، خوب بردبار ہے ﴿59﴾

59. Truly, He will make them enter an entrance with which they shall be well-pleased, and verily, Allāh indeed is All-Knowing, Most Forbearing.

ذٰلِكَ ۚ وَمَنْ عَاقَبَ بِمِثْلِ مَا عُوْقِبَ بِهٖ ثُمَّ بُغِيَ عَلَيْهِ لَيَنْصُرَنَّهُ اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَعَفُوٌّ غَفُوْرٌ ﴿٦٠﴾

(بات) یہی ہے، اور جو شخص بدلہ لے مثل اس کے جتنی اسے تکلیف دی گئی، پھر اگر اس پر زیادتی کی جائے تو اللہ ضرور اس کی مدد کرے گا، بے شک اللہ بہت معاف کرنے والا، نہایت مغفرت والا ہے ﴿60﴾

60. That is so. And whoever has retaliated with the like of that which he was made to suffer, and then has again been wronged, Allāh will surely help him. Verily, Allāh indeed is Oft-Pardoning, Oft-Forgiving.

ذٰلِكَ بِاَنَّ اللّٰهَ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَاَنَّ اللّٰهَ

یہ اس لیے کہ بے شک اللہ ہی رات کو دن میں داخل کرتا ہے اور دن کو رات میں داخل کرتا ہے اور بے

61. That is because Allāh merges the night into the day, and He merges the day into the night.

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

And verily, Allāh is All-Hearer, All-Seer.

بے شک اللہ خوب سننے والا، بہت دیکھنے والا ہے ﴿61﴾

سَمِيعٌۢ بَصِيرٌ ﴿61﴾

62. That is because Allāh — He is the Truth (the only True God of all that exists, Who has no partners or rivals with Him), and what they (the polytheists) invoke besides Him, it is *Bātil* (falsehood). And verily, Allāh He is the Most High, the Most Great.

یہ اس لیے کہ بے شک اللہ ہی حق ہے اور بلاشبہ جسے وہ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہی باطل ہے اور بلاشبہ اللہ ہی بلند تر، بہت بڑا ہے ﴿62﴾

ذٰلِكَ بِأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ وَأَنَّ مَا يَدْعُونَ مِنْ دُونِهِۦ هُوَ الْبَاطِلُ وَأَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيرُ ﴿62﴾

63. See you not that Allāh sends down water (rain) from the sky, and then the earth becomes green? Verily, Allāh is the Most Kind and Courteous, Well-Acquainted with all things.

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے (مردہ زمین پر) پانی نازل کیا، پھر اس سے زمین سرسبز ہو جاتی ہے؟ بے شک اللہ نہایت باریک بین، بہت باخبر ہے ﴿63﴾

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ أَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَتُصْبِحُ الْأَرْضُ مُخْضَرَّةً ۗ إِنَّ اللّٰهَ لَطِيفٌ خَبِيرٌ ﴿63﴾

64. To Him belongs all that is in the heavens and all that is on the earth. And verily, Allāh He is Rich (Free of all needs), Worthy of all praise.

اسی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے، اور بلاشبہ اللہ ہی بے نیاز، لائق حمد ہے ﴿64﴾

لَهُۥ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الْأَرْضِ ۗ وَإِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْغَنِىُّ الْحَمِيدُ ﴿64﴾ ع 8 7 15

65. See you not that Allāh has subjected to you (mankind) all that is on the earth, and the ships that sail through the sea by His Command? He withholds the heaven from falling on the earth except by His Leave. Verily, Allāh is, for mankind, full of kindness, Most Merciful.

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ بے شک اللہ نے تمھارے تابع فرمان کر دیا جو کچھ زمین میں ہے، اور کشتیاں جو اس کے حکم سے سمندر میں چلتی ہیں، اور وہ آسمان کو تھامے ہوئے ہے کہ اس کے اذن کے بغیر وہ زمین پر (نہ) گرے۔ بے شک اللہ لوگوں کے لیے البتہ بہت زیادہ شفقت کرنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے ﴿65﴾

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللّٰهَ سَخَّرَ لَكُمْ مَا فِى الْأَرْضِ وَالْفُلْكَ تَجْرِى فِى الْبَحْرِ بِأَمْرِهِۦ ۗ وَيُمْسِكُ السَّمَآءَ أَنْ تَقَعَ عَلَى الْأَرْضِ إِلَّا بِإِذْنِهِۦٓ ۗ إِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَّحِيمٌ ﴿65﴾

66. It is He, Who gave you life, and then will cause you to die, and will again give you life (on the Day of Resurrection). Verily, man is indeed an ingrate.

اور وہی ہے جس نے تمھیں زندہ کیا، پھر وہ تمھیں مارے گا، پھر وہی تمھیں زندہ کرے گا، بے شک انسان بڑا ہی ناشکرا ہے ﴿66﴾

وَهُوَ الَّذِىٓ أَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيكُمْ ۗ إِنَّ الْإِنْسَانَ لَكَفُورٌ ﴿66﴾

67. For every nation We have ordained religious ceremonies [e.g. slaughtering of the cattle during the three days of stay at Mīna (Makkah) during the *Hajj* (pilgrimage)] which they must follow; so let them (the pagans) not dispute with you on the matter (i.e. to eat of the cattle which you slaughter, and not to eat of the cattle which Allāh kills

ہر امت کے لیے ہم نے طریق عبادت مقرر کیا ہے، وہ اس پر عمل پیرا ہیں، لہٰذا وہ اس امر میں آپ سے ہرگز جھگڑا نہ کریں، اور آپ اپنے رب کی طرف دعوت دیں، یقیناً آپ راہ راست پر ہیں ﴿67﴾

لِكُلِّ أُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوهُ ۖ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِى الْأَمْرِ ۚ وَادْعُ إِلَىٰ رَبِّكَ ۖ إِنَّكَ لَعَلَىٰ هُدًى مُّسْتَقِيمٍ ﴿67﴾

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

by its natural death), but invite them to your Lord. Verily, you (O Muhammad ﷺ) indeed are on the (true) straight guidance (i.e. the true religion of Islāmic Monotheism).

وَإِنْ جَادَلُوكَ فَقُلِ اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُونَ ﴿٦٨﴾

اور اگر وہ آپ سے جھگڑا کریں تو آپ کہہ دیجیے: تم جو عمل کرتے ہو اللہ اسے خوب جانتا ہے ﴿٦٨﴾

68. And if they argue with you (as regards the slaughtering of the sacrifices), say "Allāh knows best of what you do.

اللَّهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِيمَا كُنْتُمْ فِيهِ تَخْتَلِفُونَ ﴿٦٩﴾

اللہ ہی یوم قیامت تمھارے مابین ان باتوں کا فیصلہ کرے گا جن میں تم اختلاف کرتے تھے ﴿٦٩﴾

69. "Allāh will judge between you on the Day of Resurrection about that wherein you used to differ."

أَلَمْ تَعْلَمْ أَنَّ اللَّهَ يَعْلَمُ مَا فِي السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ ۗ إِنَّ ذَٰلِكَ فِي كِتَابٍ ۚ إِنَّ ذَٰلِكَ عَلَى اللَّهِ يَسِيرٌ ﴿٧٠﴾

کیا آپ نہیں جانتے کہ بے شک اللہ ہی جانتا ہے جو کچھ آسمان اور زمین میں ہے، بلا شبہ یہ (سب کچھ) کتاب (لوح محفوظ) میں (درج) ہے، بے شک یہ اللہ پر بالکل آسان ہے ﴿٧٠﴾

70. Know you not that Allāh knows all that is in the heaven and on the earth? Verily, it is (all) in the Book (*Al-Lauh Al-Mahfūz*). Verily, that is easy for Allāh.

وَيَعْبُدُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ مَا لَمْ يُنَزِّلْ بِهِ سُلْطَانًا وَمَا لَيْسَ لَهُمْ بِهِ عِلْمٌ ۗ وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ نَصِيرٍ ﴿٧١﴾

اور وہ (مشرک) اللہ کے سوا اس چیز کی عبادت کرتے ہیں جس کی اللہ نے کوئی سند نازل نہیں کی اور جس کا انھیں کچھ علم نہیں، اور (ان) ظالموں کا کوئی مدد گار نہیں ﴿٧١﴾

71. And they worship besides Allāh others for which He has sent down no authority, and of which they have no knowledge; and for the *Zālimūn* (wrong doers, polytheists and disbelievers in the Oneness of Allāh) there is no helper.

وَإِذَا تُتْلَىٰ عَلَيْهِمْ آيَاتُنَا بَيِّنَاتٍ تَعْرِفُ فِي وُجُوهِ الَّذِينَ كَفَرُوا الْمُنْكَرَ ۖ يَكَادُونَ يَسْطُونَ بِالَّذِينَ يَتْلُونَ عَلَيْهِمْ آيَاتِنَا ۗ قُلْ أَفَأُنَبِّئُكُمْ بِشَرٍّ مِنْ ذَٰلِكُمُ ۗ النَّارُ وَعَدَهَا اللَّهُ الَّذِينَ كَفَرُوا ۖ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ﴿٧٢﴾ ع 9 8 16

اور جب ان پر ہماری کھلی آیتیں تلاوت کی جاتی ہیں، تو آپ ان کافروں کے چہروں پر ناگواری پہچانتے ہیں، لگتا ہے کہ وہ ان لوگوں پر حملہ کر دیں گے جو ان پر ہماری آیتیں پڑھتے ہیں، کہہ دیجیے: کیا پھر میں تمھیں اس سے زیادہ بدتر کی خبر دوں؟ (وہ) آگ ہے، جس کا اللہ نے کافروں سے وعدہ کر رکھا ہے، اور بری ہے وہ لوٹنے کی جگہ ﴿٧٢﴾

72. And when Our Clear Verses are recited to them, you will notice a denial on the faces of the disbelievers! They are nearly ready to attack with violence those who recite Our Verses to them. Say: "Shall I tell you of something worse than that? The Fire (of Hell) which Allāh has promised to those who disbelieved, and worst indeed is that destination!"

يَا أَيُّهَا النَّاسُ ضُرِبَ مَثَلٌ فَاسْتَمِعُوا لَهُ ۚ إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ لَنْ يَخْلُقُوا ذُبَابًا وَلَوِ اجْتَمَعُوا لَهُ ۖ وَإِنْ يَسْلُبْهُمُ الذُّبَابُ شَيْئًا لَا يَسْتَنْقِذُوهُ مِنْهُ ۚ ضَعُفَ الطَّالِبُ وَالْمَطْلُوبُ ﴿٧٣﴾

اے لوگو! ایک مثال بیان کی جاتی ہے، لہٰذا تم اسے غور سے سنو، بے شک جنھیں تم اللہ کے سوا پکارتے ہو وہ ایک مکھی بھی ہرگز نہیں پیدا کر سکتے اگرچہ وہ (سارے بھی) اس کے لیے جمع ہو جائیں، اور اگر ان سے مکھی کچھ چھین لے تو وہ اسے اس سے چھڑا نہیں سکتے، طالب و مطلوب (عابد و معبود دونوں)

73. O mankind! A similitude has been coined, so listen to it (carefully): Verily, those on whom you call besides Allāh, cannot create (even) a fly, even though they combine together for the purpose. And if the fly snatches away a thing from them, they will have no power to

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کمزور ہیں ⑦③

release it from the fly. So weak are (both) the seeker and the sought.

مَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَقَوِيٌّ عَزِيْزٌ ⑦④

انھوں نے اللہ کی قدر (اس طرح) نہیں کی جس طرح اس کی قدر کرنے کا حق ہے، بے شک اللہ بہت قوت والا، نہایت غالب ہے ⑦④

74. They have not estimated Allāh His Rightful Estimate. Verily, Allāh is All-Strong, All-Mighty.

اَللّٰهُ يَصْطَفِيْ مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ ۚ ⑦⑤

اللہ فرشتوں میں سے کچھ پیغام رساں چن لیتا ہے اور لوگوں میں سے (بھی)، یقیناً اللہ بہت سننے والا، خوب دیکھنے والا ہے ⑦⑤

75. Allāh chooses Messengers from angels and from men. Verily, Allāh is All-Hearer, All-Seer.

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ⑦⑥

وہ جانتا ہے جو کچھ ان کے سامنے ہے اور جو کچھ ان کے پیچھے ہے، اور اللہ ہی کی طرف تمام معاملات لوٹائے جاتے ہیں ⑦⑥

76. He knows what is before them, and what is behind them. And to Allāh return all matters (for decision).

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا ارْكَعُوْا وَاسْجُدُوْا وَاعْبُدُوْا رَبَّكُمْ وَافْعَلُوا الْخَيْرَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۩ ⑦⑦ السجدة

اے ایمان والو! رکوع کرو اور سجدہ کرو، اور اپنے رب کی عبادت کرو، اور بھلائی (کے کام) کرو، تاکہ تم فلاح پاؤ ⑦⑦

77. O you who have believed! Bow down, and prostrate yourselves, and worship your Lord and do good that you may be successful.*

وَجَاهِدُوْا فِى اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجْتَبٰىكُمْ وَمَا جَعَلَ عَلَيْكُمْ فِى الدِّيْنِ مِنْ حَرَجٍ ؕ مِلَّةَ اَبِيْكُمْ اِبْرٰهِيْمَ ؕ هُوَ سَمّٰىكُمُ الْمُسْلِمِيْنَ ۙ مِنْ قَبْلُ وَفِيْ هٰذَا لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ ۚۖ فَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاعْتَصِمُوْا بِاللّٰهِ ؕ هُوَ مَوْلٰىكُمْ ۚ فَنِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ⑦⑧ ع 10/6/17

اور تم اللہ کی راہ میں (اس طرح) جہاد کرو جیسا کہ جہاد کرنے کا حق ہے، اس نے تمھیں (اپنے دین کے لیے) چن لیا ہے، اور اس نے دین میں تمھارے لیے کوئی تنگی نہیں رکھی،① اپنے باپ ابراہیم کے دین کی (اتباع کرو)، اسی (اللہ) نے پہلے بھی تمھارا نام مسلمان رکھا تھا اور اس (قرآن) میں بھی (تمھارا یہی نام ہے) تاکہ رسول تم پر شہادت دینے والا ہو اور تم لوگوں پر شہادت دینے والے ہو، لہٰذا تم نماز قائم کرو، اور زکاۃ دو اور اللہ (کے دین) کو مضبوطی سے تھامو، وہی تمھارا کارساز ہے، اور (وہ) اچھا کارساز اور اچھا مددگار ہے ⑦⑧

78. And strive hard in Allāh's Cause as you ought to strive (with sincerity and with all your efforts that His Name should be superior). He has chosen you (to convey His Message of Islāmic Monotheism to mankind by inviting them to His religion of Islām), and has not laid upon you in religion any hardship:[1] it is the religion of your father Ibrāhīm (Abraham) (Islāmic Monotheism). It is He (Allāh) Who has named you Muslims both before and in this (the Qur'ān), that the Messenger

---

[1] (V.22:78) Religion is very easy. And the statement of the Prophet ﷺ: "The most beloved religion to Allāh عز وجل is the tolerant *Hanīfiyyah* [i.e., Islāmic Monotheism, i.e., to worship Him (Allāh) Alone and not to worship anything else along with Him.]"

Narrated Abu Hurairah رضي الله عنه: The Prophet ﷺ said, "Religion is very easy and whoever overburdens himself in his religion, will not be able to continue in that way. So you should not be extremists, but try to be near to perfection and receive the good tidings that you will be rewarded; and gain strength by offering the *Salāt* (prayers) in the mornings, afternoons and during the last hours of the nights." (See *Fath Al-Bari*) [*Sahih Al-Bukhari*, 1/39 (O.P.38)]

① یعنی دین بہت آسان ہے اور نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے: ''اللہ کا پسندیدہ دین وہ ہے جو سیدھا اور معتدل (آسان) ہے۔'' آپ ﷺ نے مزید فرمایا: ''بے شک دین (اسلام) بہت آسان ہے اور جو کوئی اس دین میں ناروا سختی کرے گا تو وہ (دین) اس پر غالب آ جائے گا، چنانچہ تم میانہ روی اختیار کرو اور (کامل و افضل اعمال کے) قریب تر رہو اور (اجر و ثواب کی امید پر، جو تمھیں دیا جائے گا) خوش ہو جاؤ اور صبح و شام اور رات کے آخری حصے میں عبادت گزاری کر کے مدد و قوت حاصل کرو۔'' (صحيح البخاري، الإيمان، باب: 29 حديث: 39) مزید ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ بقرہ 143/2)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

(Muhammad ﷺ) may be a witness over you and you be witnesses over mankind![1] So, perform *As-Salāt* (the prayers), give *Zakāt* (obligatory charity) and hold fast to Allāh [i.e. have confidence in Allāh, and depend upon Him in all your affairs]. He is your *Maulā* (Patron, Lord), what an Excellent *Maulā* (Patron, Lord) and what an Excellent Helper!

[1] (V.22:78) See the footnote of (V.2:143).

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

Surāt Al-Mu'minūn (The Believers) 23

سورۂ مومنون

آیاتہا 118 (23) سُوْرَةُ الْمُؤْمِنُوْنَ مَكِّيَّةٌ (74) رکوعاتہا 6

In the Name of Allāh, the Most Gracious, the Most Merciful.

اللہ کے نام سے (شروع) جو نہایت مہربان، بہت رحم کرنے والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الجزء الثامن عشر (18)

1. Successful indeed are the believers.

مومن یقیناً فلاح پا گئے ①

قَدْ أَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ ①

2. Those who offer their *Salāt* (prayers) with all solemnity and full submissiveness.

وہ جو اپنی نماز میں عاجزی کرنے والے ہیں ②

الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ ②

3. And those who turn away from *Al-Laghw* (dirty, false, evil vain talk, falsehood, and all that Allāh has forbidden).

اور وہ جو لغو باتوں سے اعراض کرنے والے ہیں ③

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ ③

4. And those who pay the *Zakāt* (obligatory charity).

اور وہ جو زکاۃ ادا کرنے والے ہیں ④

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوْنَ ④

5. And those who guard their chastity (i.e. private parts, from illegal sexual acts)

اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں ⑤

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ ⑤

6. Except from their wives or (the slaves) that their right hands possess, — for then, they are free from blame;

سوائے اپنی بیویوں یا ان (کنیزوں) کے جن کے مالک ہوئے ان کے دائیں ہاتھ، تو بلاشبہ (ان کی بابت) ان پر کوئی ملامت نہیں ⑥

اِلَّا عَلٰٓى اَزْوَاجِهِمْ اَوْ مَا مَلَكَتْ اَيْمَانُهُمْ فَاِنَّهُمْ غَيْرُ مَلُوْمِيْنَ ⑥

7. But whoever seeks beyond that, then those are the transgressors;

پھر جو شخص ان کے علاوہ (رستہ) تلاش کرے تو ایسے لوگ ہی حد سے گزرنے والے ہیں ⑦

فَمَنِ ابْتَغٰى وَرَآءَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْعٰدُوْنَ ⑦

8. Those who are faithfully true to their *Amanāt* (all the duties which Allāh has ordained, honesty, moral responsibility and trusts) and to their covenants;

اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی حفاظت کرنے والے ہیں ⑧

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ⑧

9. And those who strictly guard their (five compulsory congregational) *Salawāt* (prayers) (at their fixed stated hours).

اور وہ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں ⑨

وَالَّذِيْنَ هُمْ عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ ⑨

وقف لازم

10. These are indeed the inheritors

یہی لوگ وارث ہیں ⑩

اُولٰٓئِكَ هُمُ الْوٰرِثُوْنَ ⑩

11. Who shall inherit the *Firdaus* (Paradise). They shall dwell therein forever.

جو فردوس کے وارث ہوں گے، وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے ⑪

الَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ⑪

12. And indeed We created man (Adam) out of an extract of clay (water and earth).

اور بلاشبہ ہم نے انسان کو مٹی کے جوہر سے پیدا کیا ہے ⑫

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ⑫

13. Thereafter We made him (the offspring of Adam) as a *Nutfah*

پھر ہم نے اسے ایک محفوظ قرار گاہ (رحم مادر) میں نطفہ بنا کر رکھا ⑬

ثُمَّ جَعَلْنٰهُ نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ⑬

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

(mixed drops of male and female sexual discharge and lodged it) in a safe lodging (womb of the woman).

ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ثُمَّ أَنْشَأْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ۚ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخٰلِقِينَ (14)

پھر ہم نے نطفے کو خون کی پھٹکی بنایا، پھر ہم نے پھٹکی کو لوتھڑے میں ڈھالا، پھر ہم نے لوتھڑے سے ہڈیاں بنائیں، پھر ہم نے ہڈیوں پر گوشت چڑھادیا، پھر ہم نے اسے ایک اور ہی صورت میں بنادیا، چنانچہ بڑا بابرکت ہے اللہ جو سب سے عمدہ بنانے والا ہے[1] (14)

14. Then We made the *Nutfah* into a clot (a piece of thick coagulated blood), then We made the clot into a little lump of flesh, then We made out of that little lump of flesh bones, then We clothed the bones with flesh, and then We brought it forth as another creation. So, Blessed is Allāh, the Best of creators.[1]

ثُمَّ إِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُونَ (15)

پھر بے شک تم اس کے بعد ضرور مرنے والے ہو (15)

15. After that, surely you will die.

ثُمَّ إِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُونَ (16)

پھر یقیناً تم یوم قیامت (دوبارہ) اٹھائے جاؤ گے (16)

16. Then (again), surely you will be resurrected on the Day of Resurrection.

وَلَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِينَ (17)

اور بلاشبہ ہم نے تمھارے اوپر سات تہ بہ تہ آسمان پیدا کیے، اور ہم (اپنی) مخلوق سے غافل نہیں ہیں (17)

17. And indeed We have created above you seven heavens (one over the other), and We are never unaware of the creation.

وَأَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً بِقَدَرٍ فَأَسْكَنّٰهُ فِي الْأَرْضِ ۖ وَإِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ بِهٖ لَقٰدِرُونَ (18)

اور ہم نے آسمان سے ایک (خاص) انداز ے سے پانی نازل کیا، پھر ہم نے اسے زمین میں ٹھہرایا، اور بلاشبہ ہم اسے لے جانے پر بھی یقیناً قادر ہیں (18)

18. And We sent down from the sky water (rain) in (due) measure, and We gave it lodging in the earth, and verily, We are Able to take it away.

فَأَنْشَأْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيلٍ وَّأَعْنَابٍ ۘ لَكُمْ فِيهَا فَوَاكِهُ كَثِيرَةٌ وَّمِنْهَا تَأْكُلُونَ (19)

پھر ہم نے اس (پانی) کے ذریعے سے تمھارے لیے کھجوروں اور انگوروں کے باغات اُگائے، ان میں تمھارے لیے بہت سے (لذیذ) پھل ہیں اور ان میں سے بعض کو تم کھاتے ہو (19)

19. Then We brought forth for you therewith gardens of date palms and grapes, wherein is much fruit for you, and whereof you eat.

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُورِ سَيْنَآءَ تَنْبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْأٰكِلِينَ (20)

اور وہ درخت (زیتون) جو طور سیناء میں پیدا ہوتا ہے، وہ کھانے والوں کے لیے تیل اور سالن لیے اگتا ہے (20)

20. And a tree (olive) that springs forth from Mount Sinai, that grows (produces) oil, and (it is a) *Sibghin* (relish) for the eaters.

وَإِنَّ لَكُمْ فِي الْأَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۖ نُسْقِيكُمْ مِّمَّا فِي بُطُونِهَا وَلَكُمْ فِيهَا مَنَافِعُ كَثِيرَةٌ وَّمِنْهَا تَأْكُلُونَ (21)

اور بلاشبہ تمھارے لیے چوپایوں میں ضرور (سامان) عبرت ہے، ہم تمھیں اس میں سے پلاتے ہیں جو ان کے پیٹوں میں (دودھ) ہے، اور تمھارے لیے ان میں کثیر منافع ہیں، اور ان میں سے بعض کو تم

21. And verily, in the cattle there is indeed a lesson for you. We give you to drink (milk) of that which is in their bellies. And there are, in them, numerous

[1] (V.23:14) See the footnote of (V.22:5).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ حج 5/22)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

کھاتے ہو﴿21﴾

(other) benefits for you, and of them you eat.

ع وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُونَ ﴿22﴾

اور ان (چوپایوں) پر اور کشتیوں پر تم سوار بھی کیے جاتے ہو﴿22﴾

22. And on them and on ships you are carried.

وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا نُوحًا إِلَىٰ قَوْمِهِ فَقَالَ يَا قَوْمِ اعْبُدُوا اللَّهَ مَا لَكُم مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ ۖ أَفَلَا تَتَّقُونَ ﴿23﴾

اور بلاشبہ ہم نے نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تو اس نے کہا: اے میری قوم! اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمھارے لیے کوئی معبود نہیں، تو کیا تم ڈرتے نہیں؟﴿23﴾

23. And indeed We sent Nūh (Noah) to his people, and he said: "O my people! Worship Allāh! You have no other *Ilāh* (God) but Him (Islāmic Monotheism). Will you not then be afraid (of Him, i.e. of His punishment because of worshipping others besides Him)?"

فَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ كَفَرُوا مِن قَوْمِهِ مَا هَٰذَا إِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُرِيدُ أَن يَتَفَضَّلَ عَلَيْكُمْ وَلَوْ شَاءَ اللَّهُ لَأَنزَلَ مَلَائِكَةً مَّا سَمِعْنَا بِهَٰذَا فِي آبَائِنَا الْأَوَّلِينَ ﴿24﴾

چنانچہ اس کی قوم کے سردار، جنھوں نے کفر کیا، کہنے لگے: یہ تو تم جیسا ہی بشر ہے، وہ چاہتا ہے کہ تم پر فضیلت پائے اور اگر اللہ چاہتا تو (آسمان سے) فرشتے ضرور نازل کرتا، ہم نے اپنے پہلے باپ دادا میں یہ (توحید) نہیں سنی﴿24﴾

24. But the chiefs of his people who disbelieved said: "He is no more than a human being like you, he seeks to make himself superior to you. Had Allāh willed, He surely could have sent down angels. Never did we hear such a thing among our fathers of old.

إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ بِهِ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوا بِهِ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿25﴾

یہ ایک آدمی ہی تو ہے جسے جنون لاحق ہے، لہٰذا تم ایک وقت تک اس کی بابت انتظار کرو﴿25﴾

25. "He is only a man in whom is madness, so wait for him a while."

قَالَ رَبِّ انصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ ﴿26﴾

نوح نے کہا: اے میرے رب! میری مدد کر کہ انھوں نے مجھے جھٹلایا﴿26﴾

26. [Nūh (Noah)] said: "O my Lord! Help me because they deny me."

فَأَوْحَيْنَا إِلَيْهِ أَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِأَعْيُنِنَا وَوَحْيِنَا فَإِذَا جَاءَ أَمْرُنَا وَفَارَ التَّنُّورُ ۙ فَاسْلُكْ فِيهَا مِن كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَأَهْلَكَ إِلَّا مَن سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۖ وَلَا تُخَاطِبْنِي فِي الَّذِينَ ظَلَمُوا ۖ إِنَّهُم مُّغْرَقُونَ ﴿27﴾

چنانچہ ہم نے اس کی طرف وحی کی کہ ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہماری وحی کے مطابق کشتی بنا، پھر جب ہمارا حکم آجائے اور تنور ابل پڑے تو اس میں ہر قسم کے جوڑے سے دو (نر اور مادہ) اور اپنے اہل و عیال داخل (سوار) کر لے، سوائے اس کے جس کے متعلق ان میں سے (ہمارا) قول پہلے ہی آچکا، اور تو مجھ سے ظالموں کے بارے میں بات نہ کرنا، بلاشبہ وہ غرق کر دیے جائیں گے﴿27﴾

27. So, We revealed to him (saying): "Construct the ship under Our Eyes and under Our Revelation (guidance). Then, when Our Command comes, and water gushes forth from the oven, take on board of each kind two (male and female), and your family, except those thereof against whom the Word has already gone forth. And address Me not in favour of those who have done wrong. Verily, they are to be drowned.

فَإِذَا اسْتَوَيْتَ أَنتَ وَمَن مَّعَكَ عَلَى الْفُلْكِ فَقُلِ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي نَجَّانَا مِنَ الْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿28﴾

پھر جب تو اور تیرے ساتھی اطمینان سے کشتی پر سوار ہو چکیں تو کہہ: تمام حمد اللہ ہی کے لیے ہے جس نے ہمیں ظالم قوم سے نجات دی﴿28﴾

28. And when you have embarked on the ship, you and whoever is with you, then say: "All praise and thanks are

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

Allāh's, Who has saved us from the people who are *Zālimūn* (i.e. oppressors, wrong doers, polytheists, those who join others in worship with Allāh)."

وَقُلْ رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ
الْمُنْزِلِیْنَ ﴿۲۹﴾

اور کہہ: اے میرے رب! تو مجھے بابرکت اتارنا،
اور تو سب سے بہتر اتارنے والا ہے ﴿۲۹﴾

29. And say: "My Lord! Cause me to land at a blessed landing place, for You are the Best of those who bring to land."

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ وَّاِنْ كُنَّا لَمُبْتَلِیْنَ ﴿۳۰﴾

بے شک اس (واقعے) میں بھی نشانیاں ہیں، اور
بلاشبہ ہم ہی آزمانے والے ہیں ﴿۳۰﴾

30. Verily, in this [what We did as regards drowning of the people of Nūh (Noah)], there are indeed *Ayāt* (proofs, evidences, lessons, signs, etc. for men to understand), for sure We are ever putting (men) to the test.

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِیْنَ ﴿۳۱﴾ج

پھر ہم نے ان کے بعد ایک دوسری امت پیدا کی ﴿۳۱﴾

31. Then, after them, We created another generation.

فَاَرْسَلْنَا فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ
ع 2/16 مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَیْرُهٗ ؕ اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ع

چنانچہ ہم نے ان میں انھی میں سے ایک رسول بھیجا
کہ تم اللہ کی عبادت کرو، اس کے سوا تمھارے لیے
کوئی معبود نہیں، پھر کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿۳۲﴾

32. And We sent to them a Messenger from among themselves (saying): "Worship Allāh! You have no other *Ilāh* (God) but Him. Will you not then be afraid (of Him, i.e. of His punishment because of worshipping others besides Him)?"

وَقَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا
وَكَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَاَتْرَفْنٰهُمْ فِی
الْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۙ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ
یَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَیَشْرَبُ مِمَّا
تَشْرَبُوْنَ ﴿۳۳﴾ۙ

اور اس کی قوم کے سرداروں نے کہا، جنھوں نے کفر
کیا اور (ہماری) آخرت کی ملاقات جھٹلائی، اور ہم
نے انھیں دنیاوی زندگی میں خوشحالی دی تھی کہ یہ تم
جیسا ایک بشر ہی تو ہے، وہ اس میں سے کھاتا ہے
جس میں سے تم کھاتے ہو، اور وہ اس میں سے پیتا
ہے جو تم پیتے ہو ﴿۳۳﴾

33. And the chiefs of his people who disbelieved and denied the Meeting in the Hereafter, and whom We had given the luxuries and comforts of this life, said: "He is no more than a human being like you, he eats of that which you eat, and drinks of what you drink.

وَلَئِنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا
لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾ۙ

اور اگر تم نے اپنے ہی جیسے بشر کی اطاعت کی تو
بلاشبہ تم اس وقت خسارہ پانے والے ہوگے ﴿۳۴﴾

34. "If you were to obey a human being like yourselves, then verily, you indeed would be losers.

اَیَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَكُنْتُمْ تُرَابًا
وَّعِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾ۙ

کیا وہ تمھیں وعدہ دیتا ہے کہ بے شک جب تم
مرگئے اور مٹی اور ہڈیاں ہوگئے تو بلاشبہ تم (زندہ)
نکالے جاؤ گے ﴿۳۵﴾

35. "Does he promise you that when you have died and have become dust and bones, you shall come out alive (resurrected)?

هَیْهَاتَ هَیْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾ۙ

دور ہے، دور ہے وہ جو تم وعدہ دیے جاتے ہو! ﴿۳۶﴾

36. "Far, very far is that which you are promised!

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

إِنْ هِيَ إِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوتُ وَنَحْيَا وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوثِينَ ﴿37﴾

یہ ہماری دنیاوی زندگی ہی تو (سب کچھ) ہے (جس میں) ہم مرتے اور زندہ رہتے ہیں، اور ہم (دوبارہ) اٹھائے جانے والے نہیں (37)

37. "There is nothing but our life of this world! We die and we live! And we are not going to be resurrected!

إِنْ هُوَ إِلَّا رَجُلٌ افْتَرَىٰ عَلَى اللَّهِ كَذِبًا وَمَا نَحْنُ لَهُ بِمُؤْمِنِينَ ﴿38﴾

وہ ایک شخص ہی تو ہے جس نے اللہ پر جھوٹ گھڑا ہے، اور ہم اس پر ایمان لانے والے نہیں (38)

38. "He is only a man who has invented a lie against Allāh, and we are not going to believe in him."

قَالَ رَبِّ انصُرْنِي بِمَا كَذَّبُونِ ﴿39﴾

اس (رسول) نے کہا: اے میرے رب! تو میری مدد فرما اس لیے کہ انھوں نے میری تکذیب کی (39)

39. He said: "O my Lord! Help me because they deny me."

قَالَ عَمَّا قَلِيلٍ لَّيُصْبِحُنَّ نَادِمِينَ ﴿40﴾

اللہ نے فرمایا: بلاشبہ تھوڑے دنوں میں وہ (اپنے کیے پر) ضرور نادم ہوں گے (40)

40. (Allāh) said: "In a little while, they are sure to be regretful."

فَأَخَذَتْهُمُ الصَّيْحَةُ بِالْحَقِّ فَجَعَلْنَاهُمْ غُثَاءً ۚ فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظَّالِمِينَ ﴿41﴾

پھر انھیں واقعی چنگھاڑ نے آ پکڑا، پھر ہم نے انھیں خس وخاشاک کر دیا، چنانچہ دوری ظالم لوگوں کے لیے ہے (41)

41. So, *As-Saihah* (torment — awful cry) overtook them in truth (with justice), and We made them as rubbish of dead plants. So, away with the people who are *Zālimūn* (polytheists, wrong doers, disbelievers in the Oneness of Allāh, disobedient to His Messengers).

ثُمَّ أَنشَأْنَا مِن بَعْدِهِمْ قُرُونًا آخَرِينَ ﴿42﴾

پھر ہم نے ان کے بعد دوسری امتیں پیدا کیں (42)

42. Then, after them, We created other generations.

مَا تَسْبِقُ مِنْ أُمَّةٍ أَجَلَهَا وَمَا يَسْتَأْخِرُونَ ﴿43﴾

کوئی بھی امت اپنے مقرر وقت سے آگے نہیں نکل سکتی اور نہ وہ پیچھے رہ سکتی ہے (43)

43. No nation can advance their term, nor can they delay it.

ثُمَّ أَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَىٰ ۖ كُلَّ مَا جَاءَ أُمَّةً رَّسُولُهَا كَذَّبُوهُ ۚ فَأَتْبَعْنَا بَعْضَهُم بَعْضًا وَجَعَلْنَاهُمْ أَحَادِيثَ ۚ فَبُعْدًا لِّقَوْمٍ لَّا يُؤْمِنُونَ ﴿44﴾

پھر ہم لگاتار اپنے رسول بھیجتے رہے، جب بھی کسی امت کے پاس ان کا رسول آیا تو انھوں نے اس کی تکذیب کی، پھر ہم ایک کے پیچھے دوسری قوم کو (ہلاک) کرتے رہے، اور ہم نے انھیں افسانے بنا دیا، چنانچہ ان لوگوں کے لیے دوری ہے جو ایمان نہیں لاتے (44)

44. Then We sent Our Messengers in succession. Every time there came to a nation their Messenger, they denied him; so, We made them follow one another (to destruction), and We made them as *Ahadīth* (true stories for mankind to learn a lesson). So, away with a people who believe not!

ثُمَّ أَرْسَلْنَا مُوسَىٰ وَأَخَاهُ هَارُونَ بِآيَاتِنَا وَسُلْطَانٍ مُّبِينٍ ﴿45﴾

پھر ہم نے موسیٰ اور اس کے بھائی ہارون کو اپنی نشانیوں اور کھلی دلیل کے ساتھ بھیجا (45)

45. Then We sent Mūsā (Moses) and his brother Hārūn (Aaron), with Our *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) and manifest authority,

إِلَىٰ فِرْعَوْنَ وَمَلَئِهِ فَاسْتَكْبَرُوا وَكَانُوا قَوْمًا عَالِينَ ﴿46﴾

فرعون اور اس کے درباریوں کی طرف، پھر انھوں نے تکبر کیا اور وہ سرکش لوگ تھے (46)

46. To Fir'aun (Pharaoh) and his chiefs, but they behaved insolently and they were people self-exalting (by disobeying their

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

Lord, and exalting themselves over and above the Messenger of Allāh).

47. They said: "Shall we believe in two men like ourselves, and their people are obedient to us with humility (and we use them to serve us as we like)!"

چنانچہ وہ کہنے لگے: کیا ہم اپنی ہی طرح کے دو انسانوں پر ایمان لائیں، جبکہ ان دونوں کی قوم ہماری غلام (ماتحت) ہے ﴿47﴾

فَقَالُوٓا أَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَقَوْمُهُمَا لَنَا عَٰبِدُونَ ﴿47﴾

48. So, they denied them both [Mūsā (Moses) and Hārūn (Aaron)] and became of those who were destroyed.

پھر انھوں نے ان دونوں کو جھٹلایا، تو وہ ہلاک شدگان میں سے ہو گئے ﴿48﴾

فَكَذَّبُوهُمَا فَكَانُوا مِنَ الْمُهْلَكِينَ ﴿48﴾

49. And indeed We gave Mūsā (Moses) the Scripture, that they may be guided.

اور بلاشبہ ہم نے موسیٰ کو کتاب دی، تاکہ وہ (لوگ) ہدایت پائیں ﴿49﴾

وَلَقَدْ ءَاتَيْنَا مُوسَى الْكِتَٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُونَ ﴿49﴾

50. And We made the son of Maryam (Mary) and his mother as a sign, and We gave them refuge on high ground, a place of rest, security and flowing streams.

اور ہم نے (عیسیٰ) ابن مریم اور اس کی ماں کو عظیم نشانی بنایا اور ایک سکون اور جاری چشمے والی بلند جگہ پر ان دونوں کو ٹھکانا دیا ﴿50﴾

وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَأُمَّهُۥٓ ءَايَةً وَءَاوَيْنَٰهُمَآ إِلَىٰ رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَمَعِينٍ ﴿50﴾ ع 3/18 3

51. O (you) Messengers! Eat of the *Tayyibāt* [all kinds of *Halāl* foods which Allāh has made lawful (meat of slaughtered eatable animals, milk products, fats, vegetables, fruits, etc.)] and do righteous deeds. Verily, I am All-Knower of what you do.

(فرمایا:) اے رسولو! تم پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ اور نیک عمل کرو، بے شک تم جو عمل کرتے ہو میں اسے خوب جانتا ہوں ﴿51﴾

يَٰٓأَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوا مِنَ الطَّيِّبَٰتِ وَاعْمَلُوا صَٰلِحًا إِنِّي بِمَا تَعْمَلُونَ عَلِيمٌ ﴿51﴾

52. And verily, this your religion (of Islāmic Monotheism) is one religion, and I am your Lord, so fear (keep your duty to) Me.

اور بلاشبہ یہ تمھارا دین ایک ہی دین ہے، اور میں تمھارا رب ہوں، لہٰذا تم مجھ ہی سے ڈرو ﴿52﴾

وَإِنَّ هَٰذِهِۦٓ أُمَّتُكُمْ أُمَّةً وَٰحِدَةً وَأَنَا۠ رَبُّكُمْ فَاتَّقُونِ ﴿52﴾

53. But they (men) have broken their religion among them into sects,[1] each group rejoicing in what is with it (as its beliefs).

پھر انھوں نے اپنا معاملہ آپس میں ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا، ہر فرقے کے پاس جو کچھ ہے وہ اسی پر شاداں وفرحاں ہے① ﴿53﴾

فَتَقَطَّعُوٓا أَمْرَهُم بَيْنَهُمْ زُبُرًا كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُونَ ﴿53﴾

54. So, leave them in their error for a time.

چنانچہ (اے نبی!) آپ انھیں ان کی غفلت میں ایک (مقرر) وقت تک چھوڑ دیں ﴿54﴾

فَذَرْهُمْ فِي غَمْرَتِهِمْ حَتَّىٰ حِينٍ ﴿54﴾

55. Do th[illegible]k that in wealth and children with which We enlarge them

کیا وہ سمجھتے ہیں کہ بے شک ہم جو بھی ان کے مال اور اولاد میں اضافہ کیے جا رہے ہیں ﴿55﴾

أَيَحْسَبُونَ أَنَّمَا نُمِدُّهُم بِهِۦ مِن مَّالٍ وَبَنِينَ ﴿55﴾

---

[1] (V.23:53) See the footnote of (V.3:103).

① ملاحظہ ہو حاشیہ: (سورۂ آل عمران: 103/3)

"محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ"

www.KitaboSunnat.com

نُسَارِعُ لَهُمْ فِي الْخَيْرٰتِ ۭ بَلْ لَّا يَشْعُرُوْنَ ﴿56﴾

(تو) کیا ہم ان کے لیے بھلائیوں میں جلدی کررہے ہیں (نہیں نہیں) بلکہ، وہ (اصل حقیقت کا) شعور نہیں رکھتے ﴿56﴾

56. We hasten to them with good things. Nay, [it is a *Fitnah* (trial) in this worldly life so that they will have no share of good things in the Hereafter] but they perceive not. (*Tafsir Al-Qurtubi*)

اِنَّ الَّذِيْنَ هُمْ مِّنْ خَشْيَةِ رَبِّهِمْ مُّشْفِقُوْنَ ﴿57﴾

بے شک جولوگ اپنے رب کے خوف سے ڈرتے رہتے ہیں ﴿57﴾

57. Verily, those who live in awe for fear of their Lord;

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿58﴾

اور جولوگ اپنے رب کی آیات پر ایمان لاتے ہیں ﴿58﴾

58. And those who believe in the *Ayāt* (proofs, evidences, verses, lessons, signs, revelations, etc.) of their Lord;

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿59﴾

اور جولوگ اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتے ﴿59﴾

59. And those who join not anyone (in worship) as partners with their Lord;

وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّقُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿60﴾

اور جولوگ (اللہ کی راہ میں) دیتے ہیں جو کچھ بھی دیتے ہیں، تو اس طرح کہ ان کے دل خوف زدہ ہوتے ہیں کہ بے شک وہ اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں① ﴿60﴾

60. And those who give that (their charity) which they give (and also do other good deeds) with their hearts full of fear (whether their alms and charities have been accepted or not),[1] because they are sure to return to their Lord (for reckoning).

اُولٰٓئِكَ يُسٰرِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَهُمْ لَهَا سٰبِقُوْنَ ﴿61﴾

یہی لوگ بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں، اور وہ ان میں باہم سبقت کرنے والے ہیں ﴿61﴾

61. It is these who hasten in the good deeds, and they are foremost in them [e.g. offering the compulsory *Salāt* (prayers) in their (early) stated, fixed times and so on].

وَلَا نُكَلِّفُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا وَلَدَيْنَا كِتٰبٌ يَّنْطِقُ بِالْحَقِّ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿62﴾

اور ہم کسی نفس کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے، اور ہمارے پاس ایک ایسی کتاب (نامۂ اعمال) ہے جو (ہر شخص کا حال) ٹھیک ٹھیک بولے گی، اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا ﴿62﴾

62. And We task not any person except according to his capacity, and with Us is a Record which speaks the truth, and they will not be wronged.

بَلْ قُلُوْبُهُمْ فِيْ غَمْرَةٍ مِّنْ هٰذَا وَلَهُمْ اَعْمَالٌ مِّنْ دُوْنِ ذٰلِكَ هُمْ لَهَا عٰمِلُوْنَ ﴿63﴾

بلکہ ان (کفار) کے دل اس (قرآن) سے جہالت و غفلت میں ہیں، اور اس کے علاوہ بھی ان کے کئی

63. Nay, but their hearts are covered from (understanding) this (the Qur'ān), and they have

---

[1] (V.23:60) Narrated 'Āishah رضي الله عنها (the wife of the Prophet ﷺ), I asked Allāh's Messenger ﷺ about this (following Verse): "And those who give that (their charity) which they give (and also do other good deeds) with their hearts full of fear..." (V.23:60).
She added: "Are these who drink alcoholic drinks and steal?" Allāh's Messenger ﷺ replied: "No! O the daughter of As-Siddīq, but they are those who fast, pray, and practise charity, and they are afraid that (their good) deeds may not be accepted (by Allāh) from them. 'It is these who hasten in good deeds.'" (*Sunan At-Tirmidhi, Hadith* No. 3225)
(*Tafsīr Al-Qurtubī*)

① رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''...... یہ وہ لوگ ہیں جو روزہ رکھتے ہیں، نماز پڑھتے ہیں اور صدقہ وخیرات دیتے ہیں اور وہ خوفزدہ رہتے ہیں کہ شاید اللہ تعالیٰ ان کے ان اعمال کو قبول نہ فرمائے (یہی لوگ بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں اور وہ ان میں مسابقت کرنے والے ہیں۔'')(جامع الترمذی، التفسیر، باب سورۃ المؤمنین، حدیث: 3175)

''محکم دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ''

www.KitaboSunnat.com

(برے) اعمال ہیں، جنھیں وہ کرنے والے ہیں ﴿63﴾

other (evil) deeds, besides which they are doing.

حَتّٰٓى اِذَآ اَخَذْنَا مُتْرَفِيْهِمْ بِالْعَذَابِ اِذَا هُمْ يَجْـَٔرُوْنَ ﴿64﴾

حتی کہ جب ہم ان کے خوشحال (عیاش) لوگوں کو عذاب میں پکڑیں گے تو اس وقت وہ چیخ و پکار کریں گے ﴿64﴾

64. Until when We seize those of them who lead a luxurious life with punishment, behold, they make humble invocation with a loud voice.

لَا تَجْـَٔرُوا الْيَوْمَ ۣ اِنَّكُمْ مِّنَّا لَا تُنْصَرُوْنَ ﴿65﴾

